**3.150:** But Allah is your Lord and he is the best to provide the assistance.

## ۷۔اہل کفر کی اطاعت سے ہوشیار!

۱۴۹۔۳: اے لوگو جو ایمان لائے ہو اگر تم کفر اختیار کرنے والوں کی اطاعت کرو گے تو وہ تم کو الٹے پاؤں (کفر کی طرف) لے جائیں گے یوں تم خسارے میں پڑنے والے ہو جاؤ گے۔

۱۵۰۔۳: (یہ تمہارے مددگار نہیں ہیں) بلکہ اللہ ہی تمہارا مولیٰ ہے اور وہی بہترین مددگار ہے۔

۱۴۹۔ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اِنْ تُطِیْعُوا الَّذِیْنَ كَفَرُوْا یَرُدُّوْكُمْ عَلٰۤى اَعْقَابِكُمْ فَتَنْقَلِبُوْا خٰسِرِیْنَ ○

۱۵۰۔ بَلِ اللّٰهُ مَوْلٰىكُمْ ۚ وَهُوَ خَیْرُ النّٰصِرِیْنَ ○

Arrahman Arraheem TM

سورۃ المائدۃ۔۵

۵۴۔ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مَنْ یَّرْتَدَّ مِنْکُمْ عَنْ دِیْنِہٖ فَسَوْفَ یَاْتِی اللّٰہُ بِقَوْمٍ یُّحِبُّھُمْ وَیُحِبُّوْنَہٗٓ لا اَذِلَّةٍ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ اَعِزَّةٍ عَلَی الْکٰفِرِیْنَ یُجَاھِدُوْنَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ وَلَا یَخَافُوْنَ لَوْمَةَ لَآئِمٍ ط ذٰلِکَ فَضْلُ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ وَاللّٰہُ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ ○

### ۸۔ دین سے پھرنے کا انجام

۵۔۵۴: اے لوگو جو ایمان لائے ہو! تم میں سے جو اپنے دین سے پھر جائے گا تو اللہ عنقریب ایسے لوگ لے آئے گا جن سے وہ محبت کرتا ہوگا اور جو اُس سے محبت کرتے ہونگے، جو مومنوں کے ساتھ نرم مزاج ہونگے اور کافروں سے سختی سے پیش آئیں گے وہ اللہ کی راہ میں جدّ و جہد (جہاد) کرتے ہونگے اور کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہ ڈرتے ہونگے۔ یہ اللہ کا فضل ہے جو وہ جسے چاہتا ہے عطا کر دیتا ہے اور اللہ بڑی وسعت والا، جاننے والا ہے۔

### The result of turning back

**5.54:** O you who believe! whoever of you will turn back Allah will bring such people (to replace them) whom he will love and who will love him; they will be submissive to the believers and hard on non-believer; they will be striving in the way of Allah without fearing of anything; this is great bounty of Allah that He bestowes upon whatsoever He likes; and Allah has wide knowledge.

سورۃ المائدۃ۔۵

۱۰۵۔ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا عَلَیْکُمْ اَنْفُسَکُمْ ج لَا یَضُرُّکُمْ مَّنْ ضَلَّ اِذَا اھْتَدَیْتُمْ ط اِلَی اللّٰہِ مَرْجِعُکُمْ جَمِیْعًا فَیُنَبِّئُکُمْ بِمَا کُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ○

### ۹۔ تمہارے خلاف تمہارے نفوس کے علاوہ کوئی نہیں

۵۔۱۰۵: اے لوگو جو ایمان لائے ہو! تمہارے خلاف تو تمہارے نفوس ہی ہیں اگر تم نے ہدایت پا لی تو جو کوئی گمراہ ہوا وہ تمہارا کچھ نہیں بگاڑ سکے گا۔ تم سبکو اللہ ہی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔ پھر وہ تمہیں بتلائے گا جو کچھ تم کرتے رہتے تھے۔

### You are against yourselves

**5.105:** O you who believe! none is against you except yourselfs; if you are guided no one who is astrayed can distract you; towards Allah is return of all of yours; than He will tell you as to what you had been doing.

سورۃ الحج۔۲۲

۷۷۔ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا ارْکَعُوْا وَاسْجُدُوْا وَاعْبُدُوْا رَبَّکُمْ وَافْعَلُوا الْخَیْرَ لَعَلَّکُمْ تُفْلِحُوْنَ ○

### ۱۰۔ حق عبادت

۲۲۔۷۷: اے لوگو جو ایمان لائے ہو! رکوع کرو! سجدہ کرو! اپنے رب کے احکام بجالاؤ! اور نیکی کرو! تا کہ تم فلاح پاؤ۔

### The worship

**22.77:** O you who believe! Bow down! prostrate! and follow the instructions of your Sustainer and do deeds of goodness; so that you may prosper.

Arrahman Arraheem

## ۱۱۔اللہ نے تمہارا انتخاب کیا ہے!

۷۸۔وَجَاهِدُوْا فِی اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ ؕ هُوَاجْتَبٰكُمْ وَمَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ فِی الدِّيْنِ مِنْ حَرَجٍ ؕ مِلَّةَ اَبِيْكُمْ اِبْرٰهِيْمَ ؕ هُوَ سَمّٰكُمُ الْمُسْلِمِيْنَ ۙ مِنْ قَبْلُ وَفِیْ هٰذَا لِيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ شَهِيْدًا عَلَيْكُمْ وَتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ ۚ فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاعْتَصِمُوْا بِاللّٰهِ ؕ هُوَ مَوْلٰكُمْ ۚ فَنِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ۧ ○

۲۲۔۷۸: اور اللہ کے بارے میں جہاد کرو جیسا کہ جہاد کرنے کا حق ہے۔اس نے تمہارا انتخاب کرلیا ہے۔ اور دین میں اس نے تمہارے لئے کوئی تنگی (حرج) نہیں رکھی، یہ تمہارے باپ ابراہیمؑ کا دین ہے۔اس نے تمہارا نام پہلے ہی سے مسلم رکھا ہے۔اور اس (قرآن) میں بھی تا کہ رسول ﷺ تم پر چشم دید گواہ ہو اور تم لوگوں پر چشم دید گواہ ہو جاؤ! پس صلوٰۃ قائم کرو، زکوٰۃ ادا کرو اور اللہ کو مضبوط پکڑلو۔ وہ تمہارا مولیٰ ہے۔اور وہ کیا ہی بہترین مولیٰ اور کیا ہی بہتر مددگار ہے۔

**22.78**: Strive for Allah (with sincerity and discipline) as it ought to strive. He has chosen you and has not imposed difficulties on you in Deen (judgement); it is the system of your father Ibraheem. It is He Who has named you Muslims, from before and in this (Quran) also; so that the Messenger (ﷺ) may be a witness on you, and you may come witnesses over mankind! So establish regular Salaat, give regular Zakaat, and hold firmly on to Allah ! He is your Protector - the Best to protect and the Best to help!

## حدیث نبوی ﷺ

۲۷۸۶۔عن ابی سَعِيْدِ الْخُدْرِیؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مُؤْمِنٌ يُّجَاهِدُ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِنَفْسِهٖ وَمَالِهٖ

(صحیح بخاری۔جہاد ۵۶۔۲۷۸۶۔۲)

## جان اور مال سے جہاد

۲۷۸۶۔حضرت ابوسعید خدریؓ نے بیان کیا کہ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: مومن وہ ہوتا ہے جو اللہ کے راستے میں اپنی جان اور مال سے جہاد کرتا ہے

## Strive with self & wealth

**2786:** Abu Saeed Khudri narrated that Prophet (ﷺ) said: Momin is one who strives in the way of Allah by his self & wealth.

## سورۃ محمد۔۴۷

۷۔ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِنْ تَنْصُرُوا اللّٰهَ يَنْصُرْكُمْ وَيُثَبِّتْ اَقْدَامَكُمْ ○

## ۱۲۔اللہ کی مدد!

۴۷۔۷: اے لوگو جو ایمان لائے ہو! اگر تم اللہ کی مدد کرو گے تو وہ بھی تمہاری مدد کرے گا اور تمہارے قدموں کو ثبات عطا کرے گا۔

## Allah's help

**47.07:** O you who believe! If you help Allah; He will help you and will give you a firm footing.

## سورۃ البقرۃ ۔۲

۲۰۸۔يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ادْخُلُوْا فِی السِّلْمِ كَآفَّةً وَّلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ

## ۱۳۔شیطان کے نقش قدم

۲۔۲۰۸: اے لوگو جو ایمان لائے ہو! اسلام میں پوری طرح داخل ہو جاؤ۔اور شیطان کے نقش قدم

## Footsteps of Shaitan

**2.208:** O you who believe! Enter into Islam wholeheartedly;

Arrahman Arraheem

الشَّيْطٰنِ ؕ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ○

پر مت چلو، بے شک وہ تمہارا کھلا ہوا دشمن ہے۔

and do not follow the footsteps ofShaitaan. Surely, he is your open enemy.

٢٠٩۔ فَاِنْ زَلَلْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْكُمُ الْبَيِّنٰتُ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ○

۲۰۹۔اور اگر تم واضح آیات آ چکنے کے بعد لغزش کرو گے تو جان لو کہ اللہ زبردست، حکمت والا ہے۔

**2.209:** And if you overlook after the Ayaat have become clear to you, then beware! that Allah is Mighty and Wise.

## حدیث نبوی ﷺ

## شریانوں میں شیطان

## Shaitaan in veins

٥٦٧٨۔ عَنْ اَنَسٍ ؓ اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ كَانَ مَعَ اِحْدٰى نِسَائِهٖ فَمَرَّ بِهٖ رَجُلٌ فَدَعَاهُ فَقَالَ: يَا فُلَانُ هٰذِهٖ زَوْجَتِيْ فُلَانَةُ. فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ! مَنْ كُنْتُ اَظُنُّ بِهٖ فَلَمْ اَكُنْ اَظُنُّ بِكَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: اِنَّ الشَّيْطَانَ يَجْرِيْ مِنَ الْاِنْسَانِ مَجْرَى الدَّمِ

(صحیح مسلم۔السلام ۳۹۔۵۶۷۸۔۲۳۔۲۱۷۴)

۵۶۷۸۔حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ اپنی ایک زوجہ محترمہ کے ہمراہ تھے کہ ایک شخص وہاں سے گذرا آپ نے اس بلایا اور فرمایا: فلاں صاحب! یہ میری فلاں بیگم ہیں اس نے کہا: یارسول اللہ ﷺ! میں جس کسی کے بارے میں بھی گمان کروں کم از کم آپ کے بارے میں تو نہیں کرسکتا آپ نے فرمایا: شیطان انسان کی شریانوں میں اسطرح گردش کرتا ہے جس طرح خون گردش کرتا ہے۔

**5678:** Anas reported that once Prophet (ﷺ) was accompanying one of his wife's when a man passed along. Prophet called him and said: This is my wife. He said: O Messenger of Allah! I could not have even thought any wrong of you. The Prophet (ﷺ) said: Shaitan runs in the veins of the man like the blood runs through.

## سورۃ نور۔۲۴

## ۱۴۔شیطان کی اتباع: ہرگز نہیں!

## Don't follow the Footsteps of Shaitaan!

٢١۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ وَمَنْ يَّتَّبِعْ خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ فَاِنَّهٗ يَاْمُرُ بِالْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ ؕ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ مَا زَكٰى مِنْكُمْ مِّنْ اَحَدٍ اَبَدًا ۙ وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ يُزَكِّيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ○

۲۴۔۲۱:اے لوگو جو ایمان لائے ہو! شیطان کے نقوش قدم کا اتباع مت کرو کیونکہ جو شیطان کے نقوش قدم پر چلتا ہے تو وہ تو فحاشی بے حیائی اور برائی کا ہی حکم دیتا ہے۔ اگر کہیں تم پر اللہ کا فضل اور رحمت نہ ہوتی تو تم میں سے کسی ایک کا بھی تزکیہ نہ ہوتا لیکن اللہ جس کا چاہتا ہے تزکیہ کرتا ہے اور اللہ سننے والا جاننے والا ہے۔

**24.21:** O you who believe! Don't follow the footsteps of Shaitaan because he stimulates vulgarity and evil in those who follow the footsteps of Shaitaan; had there been no fazal and blessings of Allah, none of you might have justified; but Allah justifies whoever He pleases. He is The Listener and The Knowledgeable.

Alrahman Alraheem™

## سورۃ البقرۃ ۔۲

۱۰۴۔يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقُوْلُوْا رَاعِنَا وَقُوْلُوا انْظُرْنَا وَاسْمَعُوْا ؕ وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ○

## ۱۵۔رعایت نہیں، مہلت مانگیئے!

۲۔۱۰۴: اے لوگو جو ایمان لائے ہو! یہ نہ کہو کہ ہمارے ساتھ رعایت کر دیجئے! بلکہ کہو کہ ذرا مہلت دیجئے! اور غور سے سنو کیونکہ منکروں کے لئے دردناک عذاب ہے۔

## Ask for time but do not say No!

**2.104:** O you who believe! Do not ask for concessions! But say, "give us a little time", and Listen carefully; and for those who refuse, there is painful punishment.

## سورۃ الحجر۔۱۵

۳۶۔قَالَ رَبِّ فَاَنْظِرْنِيْٓ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ○

## ۱۶۔شیطان کو بھی مہلت ہے

۱۵۔۳۶ (ابلیس نے) کہا: میرے رب مجھے (بھی) اس دن تک مہلت دے دیجئے جب یہ اٹھائے جائیں گے۔

## Time for shaitan as well

**15.36:** (Iblees) said: "O my Sustainer! Give me time, till the Day they are raised."

## سورۃ البقرۃ ۔۲

۱۵۲۔فَاذْكُرُوْنِيْٓ اَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوْا لِيْ وَلَا تَكْفُرُوْنِ ○

## ۱۷۔ذکر اور شکر

۲۔۱۵۲ پس تم میرا ذکر کرو میں تمہارا ذکر کرونگا، اور میرا شکر کرو اور انکار نہ کرو۔

## Remembrance & Thanks

**2.152:** Then remember Me and I will remember you.And be grateful to Me, and do not reject {the Ayaats of Allah}.

## حدیث نبوی ﷺ

۱۸۴۷۶۔عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ ﷺ عَلَى الْمِنْبَرِ: مَنْ لَمْ يَشْكُرِ الْقَلِيْلَ لَمْ يَشْكُرِ الْكَثِيْرَ وَمَنْ لَمْ يَشْكُرِ النَّاسَ لَمْ يَشْكُرِ اللّٰهَ

(مسند احمد بن حنبل۔۱۸۴۷۶۔۶)

## شکر

۱۸۴۷۶۔ حضرت نعمان بن بشیرؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے برسرِ منبر فرمایا: جس نے تھوڑے کا شکر نہیں کیا وہ زیادہ کا بھی شکر ادا نہیں کر سکے گا اور جس نے انسانوں کا شکریہ ادا نہیں کیا وہ اللہ کا شکر بھی ادا نہیں کر پائے گا۔

## Gratitude

**18476:** Noman B. Basheer narrated that once Prophet (ﷺ) said on the restrum: He who does not thank for little, does not thank for much; and he who is not thankful to mankind cannot be thankful to Allah (The Lord).

## سورۃ البقرۃ ۔۲

۱۵۳۔يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ○

## ۱۸۔مدد کیسے مانگتے ہیں؟

۲۔۱۵۳: اے لوگو جو ایمان لائے ہو! صبر اور صلوٰۃ کے ذریعے تعاون طلب کرو! بے شک اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔

## How to seek help?

**2.153:** O you who believe! Seek help through patience and Salaat. Surely, Allah is with the patient.

Arrahman Arraheem TM

## حدیث نبوی ﷺ

٢٤٢٤ـ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ ؓ
اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ : مَا یَکُنْ
عِنْدِیْ مِنْ خَیْرٍ فَلَنْ اُدَّخِرَهُ عَنْکُمْ
وَ مَنْ یَسْتَعْفِفْ یُعِفَّهُ اللّٰهُ وَمَنْ
یَسْتَغْنِ یُغْنِهُ اللّٰهُ وَمَنْ یَّصْبِرْ یُصَبِّرْهُ
اللّٰهُ وَمَآ اُعْطِیَ اَحَدٌ مِّنْ عَطَآءٍ خَیْرٌ
وَّاَوْسَعُ مِنَ الصَّبْرِ

(صحیح مسلم۔زکوٰۃ ١٢۔٢٤٢٤۔١٢٤۔١٠٥٣)

## صبر: سب سے بہترین عطیہ

۲۴۲۴۔حضرت ابوسعید خدریؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو کچھ میرے پاس ہے میں اسے تم سے بچا کر نہیں رکھوں گا البتہ جو شخص عفت کی زندگی چاہے گا اللہ اسے عفت عطا کریں گے اور جو استغنا اختیار کرتا ہے اللہ تعالیٰ اسکو غنی کر دیتے ہیں اور جو شخص صبر کرنیکی کوشش کرتا ہے اللہ تعالیٰ اسے صابر بنا دیتے ہیں اور کوئی شخص صبر سے بہتر اور وسیع تر عطیہ نہیں دیا گیا ہے۔

## Patience: the best boon

**2424:** Abu Saeed Khudri narrated that Prophet (ﷺ)said: I would not hide anything from you.However, he who wants to lead a chaste life Allah gives him the chastity and he who avoids from asking others Allah makes him Needless of others and He who shows patience, Allah makes him patient and none has been given a boon better.

## سورۃ البقرۃ ـ ۲

١٥٥ـ وَلَنَبْلُوَنَّکُمْ بِشَیْءٍ مِّنَ
الْخَوْفِ وَالْجُوْعِ وَنَقْصٍ مِّنَ
الْاَمْوَالِ وَالْاَنْفُسِ وَالثَّمَرٰتِ ط
وَبَشِّرِ الصّٰبِرِیْنَ ○
١٥٦ـ الَّذِیْنَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ مُّصِیْبَةٌ
قَالُوْٓا اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَیْهِ رٰجِعُوْنَ ○
١٥٧ـ اُولٰٓئِکَ عَلَیْهِمْ صَلَوٰتٌ مِّنْ
رَّبِّهِمْ وَرَحْمَةٌ وَاُولٰٓئِکَ هُمُ
الْمُهْتَدُوْنَ ○

## ۱۹۔آزمائش

**۲۔۱۵۵:** اور یقیناً ہم تمہیں کچھ خوف، بھوک اور جانوں، مالوں اور پھلوں کے نقصان سے ضرور آزمائیں گے ،البتہ ان صبر کرنے والوں کو بشارت دے دیجئے۔

**۲۔۱۵۶:** جن پر مصیبت پڑتی ہے تو کہتے ہیں کہ ہم اللہ ہی کے ہیں اور اسی کی طرف رجوع کرنے والے ہیں۔

**۲۔۱۵۷:** وہی تو ہیں جن پر ان کے رب کی رحمت اور برکتیں ہیں اور وہی ہدایت پانے والے ہیں۔

## The Test

**2.155:** And We shall surely test you with some fear, hunger, loss of wealth, lives, and fruits; so give the gladtidings to the patient.

**2.156:** Who when fell in trouble say: "We are for Allah, and only to Him do we turn (consult).

**157**: They are the people eligible for Mercy and Blessings of their Sustainer, and only they are the guided ones.

## سورۃ البقرۃ ـ ۲

١٨٣ـ یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا کُتِبَ
عَلَیْکُمُ الصِّیَامُ کَمَا کُتِبَ عَلَی
الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِکُمْ لَعَلَّکُمْ تَتَّقُوْنَ ○

## ۲۰۔روزہ برائے تقویٰ

۲۔۱۸۳ اے لوگو جو ایمان لائے ہو! تم پر بھی روزے اسی طرح لکھے گئے جیسے تم سے پہلے لوگوں پر لکھے گئے تھے تاکہ تم تقویٰ اختیار کرو۔

## Fasting for conciousness

**2.183**: O you who believe! Fasting is ordained for you, as it was ordained for other before you, so that you may (learn to) be conscious (of Allah).

Arrahman Arraheem TM

## سورۃ النساء۔۴

٩٤۔يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا ضَرَبْتُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَتَبَيَّنُوْا وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ اَلْقٰٓى اِلَيْكُمُ السَّلٰمَ لَسْتَ مُؤْمِنًا تَبْتَغُوْنَ عَرَضَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۡ فَعِنْدَ اللّٰهِ مَغَانِمُ كَثِيْرَةٌ ؕ كَذٰلِكَ كُنْتُمْ مِّنْ قَبْلُ فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ فَتَبَيَّنُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ○

## ۲۱۔کسی کو غیر مومن مت کہو!

۴-۹۴ اے لوگو جو ایمان لائے ہو! جب تم اللہ کی سبیل میں نکلو تو اچھی طرح بیان کرلیا کرو! اور جو کوئی تمہیں سلام کرے اسے زندگی کے اثاثے کی خواہش میں یہ مت کہو کہ تو مومن نہیں ہے، اللہ کے پاس بہت اموال غنیمت ہیں، تم خود بھی تو پہلے ایسے ہی تھے، پس اللہ نے تم پر احسان کیا (کہ تم مومن بن گئے) پس بیان کردیا کرو، بے شک جو تم کرتے ہو، اللہ اُس سے خبردار ہے۔

## Do not say "you are not a Believer"

**4.94:** O you who believe! When striving for the cause of Allah, convey (His Message) clearly, and who offer you Salaam (peace) do not say to him: "You are not a Momin! for the sake of worldly gains. Because with Allah are abundant profits and gains. Earlier, you were also like this than Allah obliged you, So convey (His message) clearly. Surely Allah has knowledge of whatever you do.

## حدیث نبوی ﷺ

٢٥٣٢۔عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ثَلٰثٌ مِنْ اَصْلِ الْاِيْمَانِ الْكَفُّ عَمَّنْ قَالَ "لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ لَا" تُكَفِّرُهُ بِذَنْبٍ وَّلَا تُخْرِجُهُ مِنَ الْاِسْلَامِ بِعَمَلٍ

(سنن ابوداؤد۔ جہاد ۱۵۔۲۵۳۲۔۳۳)

## کسی کو غیر مومن کہنا

۲۵۳۲۔حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تین باتیں اصول اسلام میں داخل ہیں ان میں سے ایک یہ ہے کہ جو شخص کلمہ لاَ اِلٰــہ اِلَّا اللّٰہ کا قائل ہو اس کے بارے میں زبان کو روکو! یعنی کسی گناہ کی وجہ سے اس کی تکفیر نہ کرو اور کسی عمل کی وجہ سے اس کو خارج از اسلام قرار مت دو!

## Refrain from calling others Non-Muslim

**2532:** Anas reported that Prophet(ﷺ) said: three are the fundamentals of Islam Amongst them is to refrain your toung against the one who believers in لا الٰہ الاّ اللہ i.e. so not call him Kafir for any sin Nor declare him out of Islam.

## سورۃ الحجرات۔۴۹

١١۔يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا يَسْخَرْ قَوْمٌ مِّنْ قَوْمٍ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنُوْا خَيْرًا مِّنْهُمْ وَلَا نِسَآءٌ مِّنْ نِّسَآءٍ عَسٰٓى اَنْ يَّكُنَّ خَيْرًا مِّنْهُنَّ ۚ وَلَا تَلْمِزُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَلَا تَنَابَزُوْا بِالْاَلْقَابِ ؕ بِئْسَ الْاِسْمُ الْفُسُوْقُ

## ۲۲۔دوسروں کا مذاق اڑانا

۴۹-۱۱: اے لوگو جو ایمان لائے ہو! تمہارا ایک گروہ دوسرے گروہ کی ہنسی نہ اُڑائے۔ شاید وہ اُن سے بہتر ہو۔ اور نہ ہی عورتیں عورتوں کا (مذاق اُڑائیں)۔ شاید وہ اُن سے بہتر ہوں اور آپس میں ایک دوسرے پر الزام (یا تہمت) نہ لگاؤ۔ اور نہ ہی ایک دوسرے کو بُرے القاب سے پکارو۔ ایمان لانے کے بعد تو گناہ کا نام

## Making fun of others

**49.11:** O you who believe! None of you must make fun of others. May be the others are better than them nor women must make fun of women, may be they are better than them
Nor make accusations against each other or call each others' names. It is shameful to earn a name in fisq after you have

Arrahman Arraheem TM

بَعۡدَ الۡاِیۡمَانِۚ وَمَنۡ لَّمۡ یَتُبۡ فَاُولٰٓئِکَ هُمُ الظّٰلِمُوۡنَ ۝

لگنا ہی بہت بُرا ہے۔ اور جو (ان حرکتوں سے) توبہ نہ کرے گا پس ایسے ہی لوگ تو ظالم ہیں۔

become a believer, and those who donot turn away (from such acts) in repentance are the real evil doers (Zalim).

## سورۃ الحجرات۔ ۴۹

۱۲۔ یٰٓاَیُّهَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوا اجۡتَنِبُوۡا کَثِیۡرًا مِّنَ الظَّنِّ ۫ اِنَّ بَعۡضَ الظَّنِّ اِثۡمٌ وَّلَا تَجَسَّسُوۡا وَلَا یَغۡتَبۡ بَّعۡضُکُمۡ بَعۡضًا اَیُحِبُّ اَحَدُکُمۡ اَنۡ یَّاۡکُلَ لَحۡمَ اَخِیۡهِ مَیۡتًا فَکَرِهۡتُمُوۡهُ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ رَّحِیۡمٌ ۝

## ۲۳۔ گمان سے اجتناب

۴۹۔۱۲: اے لوگو جو ایمان لائے ہو! زیادہ گمان سے اجتناب کرو بیشک بعض گمان اثم (حرام) ہیں اور تجسّس نہ کیا کرو۔ اور نہ ہی تم میں سے کوئی دوسرے کی غیبت کیا کرے۔ کیا تم میں سے کوئی اس بات کو پسند کرے گا کہ اپنے مردہ بھائی کا گوشت کھائے؟ یقیناً تم اس سے کراہت کرتے ہو پس اللہ سے تقویٰ اختیار کرو بیشک اللہ توبہ قبول کرنیوالا رحیم ہے۔

### Do not make Assumptions

**49.12:** O you who believe! Avoid much surmises! For some are a sin. And do not be curious about others' affairs! Nor backbite anyone amongst you. Would any of you like to eat the flesh of your dead brother? (Surely), you would feel disgusted. So be conscious of Allah: Surely Allah is Most Forgiving, Most Merciful.

## حدیث نبوی ﷺ

۶۵۹۳۔ عَنۡ اَبِیۡ هُرَیۡرَةَ ؓ اَنَّ رَسُوۡلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: اَتَدۡرُوۡنَ مَا الۡغِیۡبَةُ؟ قَالُوۡا: اَللّٰهُ وَرَسُوۡلُهٗ اَعۡلَمُ قَالَ: ذِکۡرُکَ اَخَاکَ بِمَا یَکۡرَهُ قِیۡلَ: اَفَرَاَیۡتَ اِنۡ کَانَ فِیۡ اَخِیۡ مَا اَقُوۡلُ؟ قَالَ: اِنۡ کَانَ فِیۡهِ مَا تَقُوۡلُ فَقَدِ اغۡتَبۡتَهٗ وَاِنۡ لَّمۡ یَکُنۡ فِیۡهِ مَا تَقُوۡلُ فَقَدۡ بَهَتَّهٗ.

(صحیح مسلم۔ البر والصلہ ۴۵۔۶۵۹۳۔۷۰۔۲۵۸۹)

## غیبت

۶۵۹۳۔ حضرت ابو ہریرہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جانتے ہو غیبت کیا ہوتی ہے؟ صحابہ نے عرض کیا: اللہ اور اس کے رسول بہتر جانتے ہیں! آپ نے فرمایا: تمھارا اپنے مسلمان بھائی کے متعلق ایسی بات کرنا جس کو وہ ناپسند کرتا ہو۔ پوچھا گیا: حضور! اگر بھائی میں وہ موجود ہو جو میں کہہ رہا ہوں تو؟ آپ نے فرمایا: اگر اُس میں وہ موجود ہے جو تم کہہ رہے ہو تو تبھی تو تم نے اس کی غیبت کی اور اگر وہ چیز اس میں نہیں ہے تو تب تو تم نے اس پر بہتان باندھ ڈالا۔

### Back-biting

**6593:** Abu Hurairah narrated Prophet(ﷺ) asked: Do you know what is back-biting? They said: Allah and His Messenger (ﷺ) know better. He said: Mention of your brother what he dislikes. It was said: What if it really existed in him? He said: If it is in him; it is back-biting otherwise it is allegation.

Arrahman Arraheem

## سورۃ المائدۃ ۔۵

۹۰ ۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ○

۹۱ ۔ اِنَّمَا يُرِيْدُ الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّوْقِعَ بَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ فِي الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ وَيَصُدَّكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَعَنِ الصَّلٰوةِ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّنْتَهُوْنَ ○

## ۲۴۔شیطانی نجاستیں

**۹۰۔۵:** اے لوگو جو ایمان لائے ہو! شراب، جُوا، شخصیت پرستی اور ہوا میں باتیں کرنا شیطانی عمل کی نجاستیں ہیں، اِن سے گریز کرو! تا کہ تم فلاح پا سکو۔

**۹۱۔۵:** بے شک شیطان چاہتا ہے کہ تمہارے درمیان شراب اور جوئے سے بغض اور عداوت ڈال کر تمہیں اللہ کے ذکر اور صلوٰۃ سے روک دے۔ پس کیا تم باز نہیں آ ؤ گے؟

## Filth & dirt of Shaitaan!

**5.90:** O you who believe! Intoxication, gambling, image worshiping, and arrowing in the air, are filth of act of Shaitaan. Abstain from all these! So that you may prosper.

**5.91:** Surely Shaitaan wants to create enmity and hatred amongst you by intoxicants and gamble to hinder you from remembring Allah and from Salaat. So, would you stop?

## حدیث نبوی ﷺ

۵۶۷۰ .عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَرْثِ قَالَ سَمِعْتُ عُثْمَانَ يَقُوْلُ: إِجْتَنِبُوا الْخَمْرَ فَإِنَّهَا أُمُّ الْخَبَائِثِ فَإِنَّهُ وَاللّٰهِ لَا يَجْتَمِعُ وَالْإِيْمَانُ أَبَدًا إِلَّا يُوْشَكُ أَحَدُهُمَا أَنْ يُخْرِجَ صَاحِبَهُ

(سنن نسائی۔ الأشربہ ۵۱۔۵۶۷۰۔۴۴)

## شراب: اُمُّ الخبائث (خباثت کی اماں)

۵۶۷۰۔ حضرت عبد الرحمٰن بن الحرث سے روایت ہے کہ میں نے حضرت عثمان کو کہتے سنا: شراب سے بچو! یہ اُمّ الخبائث ہے۔ یہ اور ایمان جہاں اکٹھے ہوتے ہیں وہاں کوئی ایک دوسرے کو نکال پھینکتا ہے۔

## Wine: Mother of evils

**5670:** Abdur Rahman B. Haras narrated that I listened Osman saying: Refrain from wine; it is mother of evils. This does not conjoins with faith except that either of the two ousts the other.

## سورۃ الاسراء ۔۱۷

۵۳ ۔ قُلْ لِّعِبَادِيْ يَقُوْلُوا الَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ ؕ اِنَّ الشَّيْطٰنَ يَنْزَغُ بَيْنَهُمْ ؕ اِنَّ الشَّيْطٰنَ كَانَ لِلْاِنْسَانِ عَدُوًّا مُّبِيْنًا ○

## ۲۵۔احسن بات

**۵۳۔۱۷:** میرے بندوں سے کہہ دیجئے کہ وہ ایسی بات کیا کریں جو احسن ہو۔ (ورنہ) شیطان ان کے مابین نزغ (شگاف) ڈال دے گا۔ بلاشبہ شیطان انسان کا کھلا ہوا دشمن ہے۔

## The best words

**17.53:** And tell my instructions, to utter only words Ahsan (The most beautiful). Surely Shaitaan penetrates amongst them through holes in their talks. And surely Shaitaan is the open enemy of Mankind.

Arrahman Arraheem.Tk

## سورۃ الاحزاب۔۳۳

۷۰۔ يَآيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا ○

## ۲۶۔ نپی تلی بات

۷۰۔۳۳: اے لوگو جو ایمان لائے ہو! اللہ سے تقویٰ اختیار کرو اور ٹھیک ٹھیک (نپی تلی) بات کہو۔

## Be to the point!

**33.70**: O you who believe! Be conscious of Allah! speak to the point and straight words.

## سورۃ النور۔۲۴

۳۰۔ قُلْ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ يَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِهِمْ وَيَحْفَظُوْا فُرُوْجَهُمْ ؕ ذٰلِكَ اَزْكٰى لَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا يَصْنَعُوْنَ ○

## ۲۷۔ غضِ بصر

۳۰۔۲۴: مومنین سے کہیے اپنی ابصار (sights) کو نیچا رکھیں اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کریں۔ یہ ان کے لئے پاکیزہ تر ہے۔ بے شک اللہ جانتا ہے جو کچھ بھی وہ کرتے ہیں۔

## Lower your sights!

**24.30:** Tell to the believing men to lower their sights and guard their openings. That is better for their purity, Allah is well informed of all what they do.

۳۱۔ وَقُلْ لِّلْمُؤْمِنٰتِ يَغْضُضْنَ مِنْ اَبْصَارِهِنَّ وَيَحْفَظْنَ فُرُوْجَهُنَّ وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَلْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلٰى جُيُوْبِهِنَّ ۖ وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا لِبُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اٰبَآئِهِنَّ اَوْ اٰبَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اَبْنَآئِهِنَّ اَوْ اَبْنَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اِخْوَانِهِنَّ اَوْ بَنِيْٓ اِخْوَانِهِنَّ اَوْ بَنِيْٓ اَخَوٰتِهِنَّ اَوْ نِسَآئِهِنَّ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُنَّ اَوِ التّٰبِعِيْنَ غَيْرِ اُولِي الْاِرْبَةِ مِنَ الرِّجَالِ اَوِ الطِّفْلِ الَّذِيْنَ لَمْ يَظْهَرُوْا عَلٰى عَوْرٰتِ النِّسَآءِ ۖ وَلَا يَضْرِبْنَ بِاَرْجُلِهِنَّ لِيُعْلَمَ مَا

۳۱۔۲۴: مومنات سے کہیے کہ اپنی ابصار کو نیچا رکھیں، اپنی عصمت کی حفاظت کریں اور اپنی زینت کی نمائش نہ کریں سوائے اس کے جو اس میں سے ظاہر ہے اور چاہیئے کہ وہ اپنی اوڑھنیاں اپنے سینوں پر لے لیں اور اپنی زیبائش کسی پر ظاہر نہ کریں۔ سوائے اپنے شوہروں کے، اپنے باپ کے، اپنے سسر کے، اپنے بیٹوں کے، اپنے سوتیلے بیٹوں کے، اپنے بھائیوں کے، اپنے بھتیجوں کے، اپنے بھانجوں کے، اپنی عورتوں کے، اپنے ماملکت کے، اپنے ان تابع فرمان مردوں (Doctors or Consultants) کے جو (عورتوں سے) کوئی خواہش نہ رکھتے ہوں۔ یا ان بچوں سے جنہیں جنسی شعور نہ ہو اور اپنے پاؤں اس انداز سے نہ ماریں کہ ان کی چھپی ہوئی زینت پہچانی جائے اور اے مومنو!

**24.31:** And tell to the believing women to lower their sights, guard their openings and not display their elegance except what is apparent.They should put their veils over their bosoms and not display their beauty except to their husbands, fathers, fathers-in-law, sons, theirstep-sons,their brothers, brothers' sons, sisters' sons, or their women, or their ma-malakat (slaves whom their right hands possess), or male (consultants etc) free of physical needs, or children who have no sexual sense; and they should not strike their feet to let their hidden beauty be known. And O you Momins (Practical Believers)! turn, all of you together towards Allah in repentance! so that you may

Arrahman Arraheem

يُخْفِيْنَ مِنْ زِيْنَتِهِنَّ ؕ وَتُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ
جَمِيْعًا اَيُّهَ الْمُؤْمِنُوْنَ لَعَلَّكُمْ
تُفْلِحُوْنَ ○

مل کر اللہ کے حضور توبہ کروتا کہ تم سب فلاح پاسکو۔

prosper.

## سورۃ النور۔۲۴

٥٨۔يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِيَسْتَاْذِنْكُمُ
الَّذِيْنَ مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ وَالَّذِيْنَ لَمْ
يَبْلُغُوا الْحُلُمَ مِنْكُمْ ثَلٰثَ مَرّٰتٍ ؕ مِنْ
قَبْلِ صَلٰوةِ الْفَجْرِ وَحِيْنَ تَضَعُوْنَ ثِيَابَكُمْ
مِّنَ الظَّهِيْرَةِ وَمِنْۢ بَعْدِ صَلٰوةِ الْعِشَآءِ ؕ
ثَلٰثُ عَوْرٰتٍ لَّكُمْ ؕ لَيْسَ عَلَيْكُمْ
وَلَا عَلَيْهِمْ جُنَاحٌۢ بَعْدَهُنَّ ؕ طَوّٰفُوْنَ
عَلَيْكُمْ بَعْضُكُمْ عَلٰى بَعْضٍ ؕ كَذٰلِكَ
يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ
حَكِيْمٌ ○

## ۲۸۔داخلے کی اجازت

۵۸۔۲۴: اے لوگو جو ایمان لائے ہو! لازم ہے کہ تمہارے ماملکت اور تمہارے وہ بچے جو ابھی بلوغت کو نہیں پہنچے تین اوقات میں تمہارے پاس تمہاری اجازت طلب کر کے آیا کریں۔ نماز فجر سے پہلے، دوپہر کو جب تم کپڑے اُتار کر آرام کرتے ہو اور نماز عشاء کے بعد۔ یہ تین اوقات تمہاری پردہ داری کے ہیں۔ ان اوقات کے بعد اگر تم ایک دوسرے کے ہاں آ ؤ جاؤ تو تم پر اور ان پر کوئی گناہ نہیں۔ اسطرح اللہ تمہارے لئے آیات کھول کھول کر بیان کرتا ہے۔ اور اللہ علم رکھنے والا، حکمت والا ہے۔

## Permission to enter

**24.58**: O you who believe! Those whom your right hands possess (Ma-malakat), and these who have not attained the age of puberty, must seek your permission before they enter upon you on three occasions: Before morning Salaat (Fajr), when you take off your clothes in hot afternoon; and after Salaat-e-Isha; these three are your times of privacy; and there is no harm for you or for them to move around each other (without permission) in other times. This is how Allah narrates His Ayaat unto you, for Allah is Knowledgful and Wise.

## سورۃ النساء۔۴

١٣٥۔يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا
قَوّٰمِيْنَ بِالْقِسْطِ شُهَدَآءَ لِلّٰهِ وَلَوْ عَلٰٓى
اَنْفُسِكُمْ اَوِ الْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ ۚ اِنْ
يَّكُنْ غَنِيًّا اَوْ فَقِيْرًا فَاللّٰهُ اَوْلٰى بِهِمَا ۟
فَلَا تَتَّبِعُوا الْهَوٰٓى اَنْ تَعْدِلُوْا ۚ وَاِنْ
تَلْوٗٓا اَوْ تُعْرِضُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا

## ۲۹۔اللہ کے لیے گواہی

۱۳۵۔۴: اے لوگو جو ایمان لائے ہو! انصاف پر قائم رہنے والے اور اللہ کی گواہی دینے والے بنو! خواہ تمہاری گواہی تمھاری اپنی ذات، تمہارے والدین اور قرابت داروں کے خلاف ہی کیوں نہ ہو! کوئی غنی ہو یا محتاج، اللہ کا حق ان دونوں سے فائق ہے، پس خواہشِ نفس کی پیروی کر کے عدل و انصاف سے مت ہٹ

## Stand witness for Allah!

**4.135**: O you who believe! Stand firm for justice! Be witnesses for Allah, even against yourselves or your parents or your closer ones, even if they be rich or poor. For Allah has precedence over both. Do not follow your desires in doing justice! If you distort or deviate, Be Sure! Allah knows all that you do!

Arrahman Arraheem

تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ○

جانا! اگر تم کج بیانی یا پہلو تہی کرو گے تو بے شک جو کچھ تم کرتے ہو، اللہ اِس سے پوری طرح خبردار ہے۔

## حدیث نبوی ﷺ

## مومنین: اللہ کے گواہ

## Momins: Allah's witnesses

۲٦٤۲۔عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: اَلْمُوْمِنُوْنَ شُهَدَآءَ اللّٰهِ فِی الْاَرْضِ.

(صحیح بخاری۔شہادات ۵۲۔۲٦۴۲۔٦)

۲٦۴۲۔حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مومن زمین پر اللہ کے گواہ ہیں۔

**2642:** Anas narrated that the Prophet (ﷺ) said: The Momins are the witnesses of Allah on the face of earth.

## سورۃ المائدۃ۔۵

## ۳۰۔دشمنی میں بھی عدل

## Justice even with enemies

۸۔یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِیْنَ لِلّٰهِ شُهَدَآءَ بِالْقِسْطِ ۡ وَلَا یَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ عَلٰۤی اَلَّا تَعْدِلُوْا ؕ اِعْدِلُوْا ۟ هُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰی ۡ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ خَبِیْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ○

۸۔۵: اے لوگو جو ایمان لائے ہو! انصاف کے ساتھ ٹھیک ٹھیک اللہ کی شہادت دینے والے بن کر کھڑے ہو جاؤ! اور دیکھو! کسی قوم کی دشمنی تمہیں اس جرم پر آمادہ نہ کردے کہ تم عدل و انصاف کی راہ سے ہٹ جاؤ! عدل کرو کیونکہ یہ تقویٰ سے زیادہ قریب ہے، اور اللہ سے محتاط رہو! بے شک اللہ اس سے خبردار ہے جو کچھ تم کیا کرتے ہو۔

**5.8**: O you who believe! Stand firm for justice! And do not let enmity of any nation to affect your doing justice. Be Just and Fair! that is nearer to Taqwa. And be conscious of Allah. For Allah knows (well) whatever you do.

## سورۃ النساء۔۴

## ۳۱۔عورتوں سے زبردستی!

## No usurpation of women's property

۱۹۔یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا یَحِلُّ لَكُمْ اَنْ تَرِثُوا النِّسَآءَ كَرْهًا ؕ وَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ لِتَذْهَبُوْا بِبَعْضِ مَاۤ اٰتَیْتُمُوْهُنَّ اِلَّاۤ اَنْ یَّاْتِیْنَ بِفَاحِشَةٍ مُّبَیِّنَةٍ ۚ وَعَاشِرُوْهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ۚ فَاِنْ كَرِهْتُمُوْهُنَّ فَعَسٰۤی اَنْ تَكْرَهُوْا شَیْـًٔا

۱۹۔۴: اے لوگو جو ایمان لائے ہو! تمہارے لئے جائز نہیں کہ عورتوں کے زبردستی وارث بن بیٹھو! اِن عورتوں کو اِس غرض سے نہ روکے رکھو کہ جو کچھ تم نے اُن کو دیا تھا اِس کا کچھ حصہ واپس لے سکو! سوائے اِس صورت کے کہ وہ واضح بدکاری کی مرتکب ہوں، اِن کے ساتھ اچھی طرح گذر بسر کرو۔ اگر تم ان کو ناپسند

**4.19**: O you who believe! It is not lawful for you to forcibly inherit women. Nor hang on them to take away a part of what you have given to them, unless they are guilty of open indecency and sin. Dwell with them in known (Maroof) way. If you dislike a thing, it is possible that Allah has put a lot of good

Arrahman Arraheem TM

وَّيَجْعَلَ اللّٰهُ فِيْهِ خَيْرًا كَثِيْرًا ○

کرتے ہوتو ممکن ہے کہ تم کسی شے سے کراہت کرتے ہواور اللہ نے اس میں بہت بھلائی رکھی ہوئی ہو۔

in the same.

## سورۃ الاحزاب۔۳۳

۴۹۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا نَكَحْتُمُ الْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ فَمَا لَكُمْ عَلَيْهِنَّ مِنْ عِدَّةٍ تَعْتَدُّوْنَهَا ۚ فَمَتِّعُوْهُنَّ وَسَرِّحُوْهُنَّ سَرَاحًا جَمِيْلًا ○

## ۳۲۔رخصتی سے پہلے طلاق

۴۹-۳۳ اے لوگو جو ایمان لائے ہو! مومنہ عورتوں سے نکاح کے بعد اگر تم اُنہیں چھونے سے پہلے ہی طلاق دینا ہو تو تمہیں اُن کی عدّت گننے کی ضرورت نہیں! اُن کو کچھ متاع (پونجی) دے کر خوش اسلوبی کے ساتھ چھوڑ دو!

## Divorce before Rukhsati

**33.49**: O you who believe! When you marry Mominat and then divorce them before having touched them, you need not to count period of 'Iddat for them. So provide them and send them forth honourablly.

## سورۃ الحجرات۔۴۹

۹۔ وَاِنْ طَآئِفَتٰنِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اقْتَتَلُوْا فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا ۚ فَاِنْۢ بَغَتْ اِحْدٰىهُمَا عَلَى الْاُخْرٰى فَقَاتِلُوا الَّتِيْ تَبْغِيْ حَتّٰى تَفِيْٓءَ اِلٰٓى اَمْرِ اللّٰهِ ۚ فَاِنْ فَآءَتْ فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا بِالْعَدْلِ وَاَقْسِطُوْا ۭ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ○

## ۳۳۔صلح مابین مومنین

۹-۴۹:اور اگر مومنین کے دو گروہ آپس میں لڑ پڑیں تو ان کے مابین صلح کرادو اور اگر ایک دوسرے پر زیادتی کرے تو زیادتی کرنیوالے سے لڑو! جب تک وہ اللہ کے حکم کی طرف لوٹ نہ آئے۔ اگر وہ رجوع کرے تو عدل وانصاف سے ان کے مابین صلح کرادو۔ اور انصاف کرو۔ بے شک اللہ انصاف کرنے والوں سے محبت رکھتا ہے۔

## Compromise among momins

**49.9**: If two groups of Momins quarrel among themselves, reconcile between them; if any of both assailty wrongfully do qital with the agressor till it turns towards Allah's order. If they cooperate, Reconcile among them with justice and fairness . Surely Allah loves the fair people.

۱۰۔ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَةٌ فَاَصْلِحُوْا بَيْنَ اَخَوَيْكُمْ وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ○ ع

## ۳۴۔مومنین بھائی بھائی ہیں

۱۰-۴۹:حق تو یہ ہے کہ مومنین بھائی بھائی ہیں تم اپنے بھائیوں کے درمیان صلح کرادو۔ اور اللہ سے تقویٰ اختیار کیئے رہو تا کہ تم پر رحم ہو۔

## Momins are brethern

**49.10**: The Momins are brethern. So reconcile amongst your brothers and be conscious of Allah, so that you may receive Mercy.

Arrahman Arraheem

## حدیث نبوی ﷺ

٢٦٤٢۔عَنْ ...... قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: اَلْمُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِ كَالْبُنْيَانِ الْمَرْصُوْصِ يَشُدُّ بَعْضُهٗ بَعْضًا

## مومن مضبوط عمارت کی طرح ہیں

حضرت۔۔۔۔۔۔ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مومن مومن کے لیے ایک مضبوط عمارت کی طرح ہوتا ہے جس کا ایک حصہ دوسرے حصّے کو مضبوط کررہا ہوتا ہے۔

..... narrated that prophet (ﷺ) said: momins are like a solid building, a part of it fortifies other.

## سورة آل عمران۔٣

٢٠٠۔يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اصْبِرُوْا وَصَابِرُوْا وَرَابِطُوْا ۟ وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ○

## ٣٥۔صبر کا مسابقت

٢٠٠۔٣: اے لوگو جو ایمان لائے ہو! صبر کرو! بلکہ صبر کرنے میں سبقت لے جاؤ! اور مستعد رہو، اور اللہ سے محتاط رہو تا کہ فلاح پاسکو۔

### Competition in Sabar

**3.200**: O you who believe! Observe patience! complete in patience! stay steadfast! And be conscious of Allah so that you may prosper!

## سورة المائدة۔٥

٦۔يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا قُمْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ فَاغْسِلُوْا وُجُوْهَكُمْ وَاَيْدِيَكُمْ اِلَى الْمَرَافِقِ وَامْسَحُوْا بِرُءُوْسِكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ اِلَى الْكَعْبَيْنِ ۭ وَاِنْ كُنْتُمْ جُنُبًا فَاطَّهَّرُوْا ۭ وَاِنْ كُنْتُمْ مَّرْضٰٓى اَوْ عَلٰي سَفَرٍ اَوْ جَاۗءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَاۗىِٕطِ اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَاۗءَ فَلَمْ تَجِدُوْا مَاۗءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ وَاَيْدِيْكُمْ مِّنْهُ ۭ مَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيَجْعَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ حَرَجٍ وَّلٰكِنْ يُّرِيْدُ لِيُطَهِّرَكُمْ وَلِيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ○

## ٣٦۔مکمّل وضو

٦۔٥: اے لوگو جو ایمان لائے ہو! جب تم صلوٰۃ کیلئے کھڑے ہو، تو اپنے منہ، ہاتھوں کو کہنیوں تک دھولو، اپنے سر کا مسح کرو، اور پاؤں ٹخنوں تک دھوڈالو، اور اگر حالت جُنب میں ہو تو اپنے آپ کو پاک کرو! اگر مریض ہو، سفر میں ہو یا کوئی رفع حاجت کر کے آیا ہو، یا عورتوں کو چھوا ہو، اور پانی دستیاب نہ ہو تو پاکیزہ مٹّی سے تیمّم کرلو، یعنی اس سے اپنے منہ اور ہاتھوں کو مسح کرو، اللہ کہ تمہارے لئے کوئی تنگی پیدا کرنا نہیں چاہتا البتہ وہ چاہتا ہے کہ تمہیں پاک کر کے اپنی نعمت تم پر تمام کردے تا کہ تم شکر گزار بن سکو۔

### Complete Wazu

**5.6**: O you who believe! When you standup for Salaat, wash you faces, your hands upto elbows, rub slightly your heads and (wash) your feet up to the ankles. If you are unclean, purify yourselves. If you are sick on a journey, or anyone at you has returned after answering nature's called or you have contacted women, and found no water, take clean soil and rub slightly your faces and hands with it. Allah does not intend to put burden on you. He simply wants to purify you and complete this blessings upon you, so that you may become thankful.

## سورۃ النساء۔۴

٤٣ ۔يٰٓاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا لَا تَقۡرَبُوا الصَّلٰوةَ وَاَنۡتُمۡ سُكٰرٰى حَتّٰى تَعۡلَمُوۡا مَا تَقُوۡلُوۡنَ وَلَا جُنُبًا اِلَّا عَابِرِىۡ سَبِيۡلٍ حَتّٰى تَغۡتَسِلُوۡا ؕ وَاِنۡ كُنۡتُمۡ مَّرۡضٰٓى اَوۡ عَلٰى سَفَرٍ اَوۡ جَآءَ اَحَدٌ مِّنۡكُمۡ مِّنَ الۡغَآئِطِ اَوۡ لٰمَسۡتُمُ النِّسَآءَ فَلَمۡ تَجِدُوۡا مَآءً فَتَيَمَّمُوۡا صَعِيۡدًا طَيِّبًا فَامۡسَحُوۡا بِوُجُوۡهِكُمۡ وَاَيۡدِيۡكُمۡ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَفُوًّا غَفُوۡرًا ○

## ۳۷۔غفلت اور بے توجہی والی صلوٰۃ

۴۔۴۳: اے لوگو جو ایمان لائے ہو! جب تم حالت سُکر میں (اونگھ، غفلت، بے توجہی، اور نشہ کی حالت) میں ہو، تو صلوٰۃ کے قریب مت جاؤ، جب تک تم یہ نہ سمجھنے لگو کہ تم کیا کہہ رہے ہو، اور نہ ہی حالتِ جُنب میں جب تک کہ غسل نہ کر لو، سوائے اس صورت کے کہ تم راستہ سے گذر رہے ہو، مریض ہو، سفر میں ہو یا تم میں سے کوئی رفع حاجت کر کے آیا ہو، یا تم نے عورتوں کو مس کیا ہو، اور تم (غسل کے لئے) اگر پانی نہ ملے تو پاک مٹی سے تیمّم کر لو، یعنی اپنے چہروں اور ہاتھوں کا مسح کر لو، بے شک اللہ درگذر کرنے اور بخشنے والا ہے۔

### True Spirit of Salaat

**4.43:** O you who believe! Do not go near to Salaat when you are in the state of sakar, (sleepy, confused, ignorant, intoxicated, unattentive) until you understand as to what you are saying. Nor when you are sick, travelling or any one of you has returned from the call of nature, or you have contacted women, and you do not find water, take clean soil and rub your faces and your hands. Surely Allah is Pardoning and Most Forgiving.

## سورۃ الجمعہ۔۶۲

٩ .يٰٓاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡٓا اِذَا نُوۡدِىَ لِلصَّلٰوةِ مِنۡ يَّوۡمِ الۡجُمُعَةِ فَاسۡعَوۡا اِلٰى ذِكۡرِ اللّٰهِ وَذَرُوا الۡبَيۡعَ ؕ ذٰلِكُمۡ خَيۡرٌ لَّكُمۡ اِنۡ كُنۡتُمۡ تَعۡلَمُوۡنَ ○

١٠ .فَاِذَا قُضِيَتِ الصَّلٰوةُ فَانۡتَشِرُوۡا فِى الۡاَرۡضِ وَابۡتَغُوۡا مِنۡ فَضۡلِ اللّٰهِ وَاذۡكُرُوا اللّٰهَ كَثِيۡرًا لَّعَلَّكُمۡ تُفۡلِحُوۡنَ" ○

## ۳۸۔صلوٰۃِ جُمعہ

۶۲۔۹: اے لوگو جو ایمان لائے ہو! جب تمہیں جمعہ کے روز صلوٰۃ کے لئے نِدا دی جائے تو اللہ کے ذکر کی طرف سعی دوڑ پڑو اور خرید و فروخت چھوڑ دو! اسی میں تمہارے لئے خیر ہے اگر تم علم رکھتے ہو۔

۶۲۔۱۰: اور جب صلوٰۃ مکمّل ہو جائے تو زمین میں پھیل کر اور اللہ کا فضل تلاش کرو اور کثرت سے اللہ کا ذکر کرو! تا کہ تم فلاح پا سکو!

### Friday Salaat

**62.09:** O you who believe! When you are called on the day of Juma for Salaat; run towards the zikar of Allah and leave the business; It is better for you, if you know.

**62.10:** And when the Salaat is accomplished, disperse in the Land of Allah and search for the Fazal (bounty) of Allah. And recall Allah repeatedly so that you may prosper.

Arrahman Arraheem™

## Enter when permitted. Greet when you enter

## ۳۹۔داخلے کی اجازت اور سلام

## سورۃ النور۔۲۴

**24.27:** O you who believe! Do not enter others, home until you permitted. Then greet (say Salaam to) the residents. It is better for you, if you take admonition (Zikar).

**۲۴۔۲۷:** اے لوگو جو ایمان لائے ہو! اپنے گھروں کےعلاوہ دوسروں کے گھروں میں داخل مت ہو۔ جب تک اہل خانہ سے اِجازت طلب نہ کرلو۔ اور انہیں کوسلام نہ کرلو۔ تمہارے لئے یہی بہتر ہے، اگرتم نصیحت لیتے ہو

۲۷ ـ يٰٓاَيُّهَا الَّـذِيۡـنَ اٰمَنُوۡا لَا تَدۡخُلُوۡا بُيُوۡتًـا غَيۡرَ بُيُوۡتِكُمۡ حَتّٰى تَسۡتَاۡنِسُوۡا وَتُسَلِّمُوۡا عَلٰٓى اَهۡلِهَا‌ ؕ ذٰ لِكُمۡ خَيۡرٌ لَّـكُمۡ لَعَلَّكُمۡ تَذَكَّرُوۡنَ ○

**24.28:** If you do not find anyone in the house. Do not enter, until you are permitted. And if you are asked to go back, go back! This is better for your purity. And whatever you do Allah knows it well.

**۲۴۔۲۸:** اور اگرتم اس ( گھر) میں کسی کو بھی نہ پاؤ۔ تو اس میں داخل مت ہو، جب تک کہ اُن سے اِجازت طلب نہ کرلو اور اگر تم سے کہا جائے کہ لوٹ جاؤ تو لوٹ جاؤ! یہ تمہارے لئے زیادہ پاکیزہ بات ہے۔ اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اس سے خوب واقف ہے۔

۲۸ ـ فَاِنۡ لَّمۡ تَجِدُوۡا فِيۡهَاۤ اَحَدًا فَلَا تَدۡخُلُوۡهَا حَتّٰى يُؤۡذَنَ لَـكُمۡ‌ ۚ وَاِنۡ قِيۡلَ لَـكُمُ ارۡجِعُوۡا فَارۡجِعُوۡا‌ هُوَ اَزۡكٰى لَـكُمۡ‌ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ عَلِيۡمٌ ○

**24.29:** There is no blame on you if you enter uninhabited houses, where, your luggage is lying. Allah knows well what you show and what you conceal.

**۲۴۔۲۹:** اگر تم ایسے غیر مسکونہ گھروں میں داخل ہو جہاں تمہارا اسباب رکھا ہوا ہو تو تم پر کوئی الزام نہیں اللہ خوب جانتا ہے جو کچھ تم ظاہر کرتے ہو اور جو کچھ تم چھپاتے ہو۔

۲۹ ـ لَـيۡسَ عَلَيۡكُمۡ جُنَاحٌ اَنۡ تَدۡخُلُوۡا بُيُوۡتًـا غَيۡـرَ مَسۡكُوۡنَةٍ فِيۡهَا مَتَاعٌ لَّـكُمۡ‌ ؕ وَاللّٰهُ يَعۡلَمُ مَا تُبۡدُوۡنَ وَمَا تَكۡتُمُوۡنَ ○

## The Decorum

## ۴۰۔ادب واحترام نبی ﷺ

## سورۃ الاحزاب۔۳۳

**33.53:** O you who believe! Do not enter homes of the Prophet, until you are invited for meal. And do not look around except but when you are invited. Then enter. And after havng taken your meal, disperse! And donot sit around for friendly talks! This attitdue of yours irritates the Prophet. But he is shy to say anything to you, in your regard), but Allah does not take shame

**۳۳۔۵۳:** اے لوگو جو ایمان لائے ہو! نبی ﷺ کے گھروں میں داخل مت ہو۔ البتہ جب تمہیں کھانے پر بلا یا جائے اور کھانا پکنے کے انتظار میں نہ بیٹھو رہو۔ جب تمہیں بلا یا جائے تو داخل ہو اور جب کھانا کھا چکو تو اُٹھ جاؤ! دوستانہ گفتگو کے لئے وہاں مت بیٹھے رہو! کیونکہ تمہاری یہ روش نبی ﷺ کو اذیت پہنچاتی ہے۔ وہؐ تم سے حیا کرتا ہے۔ لیکن اللہ حق بات ( کہنے ) میں شرم نہیں کرتا اور جب تم نبیؐ کی ازواج سے کوئی چیز مانگو تو پردے کے پیچھے سے مانگو! یہ تمہارے

۵۳ ـ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا لَا تَدۡخُلُوۡا بُيُوۡتَ النَّبِىِّ اِلَّاۤ اَنۡ يُّؤۡذَنَ لَـكُمۡ اِلٰى طَعَامٍ غَيۡرَ نٰظِرِيۡنَ اِنٰٮهُ ۙ وَلٰـكِنۡ اِذَا دُعِيۡتُمۡ فَادۡخُلُوۡا فَاِذَا طَعِمۡتُمۡ فَانۡتَشِرُوۡا وَلَا مُسۡتَاۡنِسِيۡنَ لِحَدِيۡثٍ‌ؕ اِنَّ ذٰ لِكُمۡ كَانَ يُؤۡذِى النَّبِىَّ فَيَسۡتَحۡىٖ مِنۡكُمۡ وَاللّٰهُ لَا يَسۡتَحۡىٖ مِنَ

Arrahman Arraheem

الْحَقِّ وَإِذَا سَأَلْتُمُوهُنَّ مَتَاعًا
فَسْئَلُوهُنَّ مِنْ وَّرَآءِ حِجَابٍ ذٰلِكُمْ
أَطْهَرُ لِقُلُوبِكُمْ وَقُلُوبِهِنَّ وَمَا كَانَ
لَكُمْ أَنْ تُؤْذُوا رَسُولَ اللّٰهِ وَلَا أَنْ
تَنْكِحُوا أَزْوَاجَهُ مِنْ بَعْدِهٖ أَبَدًا إِنَّ
ذٰلِكُمْ كَانَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيمًا ○

اور اُن کے دلوں کی پاکیزہ تر طریقہ ہے اورتمہارے لئے جائز نہیں کہ رسول اللہ کواذیت پہنچاؤ یا اُس کی ازواج سے اُس کے بعد نکاح کرو! بے شک یہ اللہ کے نزدیک بہت بڑی بات ہے۔

in telling the Huq (truth). And when you ask (his ladies) for anything, ask them from behind the veil. That is better for purity of your hearts and theirs. It is not right for you to irritate the Messenger of Allah, nor that you ever marry his wives after him. Surely this is (a) very big misdeed in the sight of Allah.

## سورۃ الصّف۔ ٦١

## ٤١۔ایک زبردست تجارت

## The Best Business

١٠ ۔ يٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ اٰمَنُوا هَلْ أَدُلُّكُمْ
عَلٰى تِجَارَةٍ تُنْجِيكُمْ مِّنْ عَذَابٍ
أَلِيمٍ ○

١٠۔٦١: اے لوگو جو ایمان لائے ہو! کیا میں تمہارے لئے ایسی تجارت کی نشاندہی کردوں جوتمہیں دردناک عذاب سے نجات دلادے؟

**61.10**: O you who believe! should I point out a trade to you that will relieve you from painful Punishment?

١١۔تُؤْمِنُونَ بِاللّٰهِ وَرَسُولِهٖ
وَتُجَاهِدُونَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ بِأَمْوَالِكُمْ
وَأَنْفُسِكُمْ ط ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ إِنْ كُنْتُمْ
تَعْلَمُونَ ○

١١۔٦١: وہ یہ ہے کہ تم اللہ اور اُس کے رسول پر ایمان لاؤ! اُس کی سبیل میں اپنے مالوں اور اپنی جانوں سے جہاد کرو! اگر تم جانتے ہوتو یہ یہی تمہارے لئے خیر ہی خیر ہے۔

**61.11:** That you believe in Allah and His Messenger! And strive (with the best of your ability) in the way of Allah, with your possessions and your lives. That is best for you, if you knew.

١٢۔يَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوبَكُمْ وَيُدْخِلْكُمْ
جَنّٰتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهٰرُ
وَمَسٰكِنَ طَيِّبَةً فِي جَنّٰتِ عَدْنٍ ط
ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ○

١٢۔٦١: (اس کے نتیجے میں) وہ تمہارے گناہ کو بخش دے گا اور تمہیں ایسی جنتوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہوں گی۔ نیز ابدی جنتوں میں پاکیزہ مساکن (عطا کریگا) یہ بہت بڑی کامیابی ہے۔

**61.12**: He will forgive your sins (wrongs) and will admit you to the gardens beneath which streams would flow and to pure dwellings in gardens of Eternity. That is indeed a great Achievement.

١٣۔وَأُخْرٰى تُحِبُّونَهَا ط نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ
وَفَتْحٌ قَرِيبٌ ط وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِينَ ○

١٣۔٦١: اوراس کے علاوہ دوسری نعمت جنہیں تم پسند کرتے ہووہ بھی دے گا اللہ کی طرف سے فتح ونُصرت بہت قریب ہے آپ مومنین کو (ان نعمتوں کی) بشارت دیدیجئے!

**61.13**: And (apart from this) other rewards that you like that is help from Allah and a victory at hand. And give the good news to the Momineen.

Arrahman Arraheem TM

## Trade: with free will

**4.29**: O you who believe! Do not eat up your property among yourselves unjustly except by way of trade with mutual consent. And do not kill yourselves. Surely Allah is Merciful to you.

## ۴۲۔تجارت: باہمی رضامندی سے

۲۹۔۴: اے لوگو جو ایمان لائے ہو! ایک دوسرے کے مال ناحق مت کھا جایا کرو! سوائے اس کے کہ تمہارے درمیان باہمی رضامندی سے تجارت ہو، اور اپنے نفسوں کو ہلاک مت کرو! بے شک اللہ تو تمہارے لئے رحیم ہے۔

## سورۃ النساء۔۴

۲۹۔یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَكُمْ بَیْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ اِلَّآ اَنْ تَكُوْنَ تِجَارَةً عَنْ تَرَاضٍ مِّنْكُمْ ۫ وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُمْ رَحِیْمًا ○

## Usurpation

**2.188**: And do not eat up eachanother's property unjustly! Nor put up causes to the rulers to eat up knowingly a part of the property of others sinfully.

## ۴۳۔ناحق مال کھانا

۱۸۸۔۲: اور ایک دوسرے کے اموال ناحق مت کھا جایا کرو! نہ ہی لوگوں کے مال کا کچھ حصہ بطریق گناہ کھا جانے کی نیت سے ان (اموال) کے متعلق حکام کے پاس (مقدمہ یا رشوت) پیش کرو۔

## سورۃ البقرہ۔۲

۱۸۸۔وَلَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَكُمْ بَیْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ وَتُدْلُوْا بِهَآ اِلَى الْحُكَّامِ لِتَاْكُلُوْا فَرِیْقًا مِّنْ اَمْوَالِ النَّاسِ بِالْاِثْمِ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ○

## The Devil's chase!

**7.175**: Relate to them the story of one to whom We gave Our Ayaat. He ignored them: so Shaitaan followed him and he went astray.

## ۴۴۔شیطان کیسے پیچھے لگتا ہے؟

۱۷۵۔۷: اور اُن پر اس شخص کی خبر تلاوت کیجئے جسے ہم نے اپنی آیات دی تھیں جب اس نے انہیں نظر انداز کر دیا، تو شیطان اس کے پیچھے لگ گیا، اور آخر کار وہ گمراہوں میں سے ہو گیا۔

## سورۃ الاعراف۔۷

۱۷۵۔ وَاتْلُ عَلَیْهِمْ نَبَاَ الَّذِیْٓ اٰتَیْنٰهُ اٰیٰتِنَا فَانْسَلَخَ مِنْهَا فَاَتْبَعَهُ الشَّیْطٰنُ فَكَانَ مِنَ الْغٰوِیْنَ ○

**7.176**: Had We wished, We could have elevated him with our Ayaat, but he stayed inclined towards the earth (downwards), and followed his own desires. His example is that of a dog, if you attack him, he lolls out his tongue, or if you leave him alone, he (still) lolls out his tongue. That is the

۱۷۶۔اور اگر ہم چاہتے تو (کے مراتب) کو ان (آیات) کی بدولت بلند کر دیتے مگر وہ تو ہمیشہ زمین (کی پستی) کی طرف مائل رہا اور اپنی خواہش ہی کی پیروی کی۔ اس کی مثال کتے کی سی ہے کہ اگر تو اس پر حملہ کرے تو بھی ہانپتا ہے، اور اگر اسے چھوڑ دے تو بھی ہانپتا (ہی رہتا) ہے۔ یہی مثال ان لوگوں کی ہے جنہوں نے

۱۷۶۔وَلَوْ شِئْنَا لَرَفَعْنٰهُ بِهَا وَلٰكِنَّهٗٓ اَخْلَدَ اِلَى الْاَرْضِ وَاتَّبَعَ هَوٰهُ ۚ فَمَثَلُهٗ كَمَثَلِ الْكَلْبِ ۚ اِنْ تَحْمِلْ عَلَیْهِ یَلْهَثْ اَوْ تَتْرُكْهُ یَلْهَثْ ؕ ذٰلِكَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِیْنَ كَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَا ۚ فَاقْصُصِ الْقَصَصَ لَعَلَّهُمْ یَتَفَكَّرُوْنَ ○

Arrahman Arraheem TM

ہماری آیات کو جھٹلایا ،سو انہیں موازنہ (relate) کرادے شاید وہ غور وفکر کریں۔

example of those who reject Our Ayaat. So relate this story so that they may reflect.

## سورۃ الحجرات ۔ ۴۹

١٥ ۔ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ لَمْ يَرْتَابُوْا وَجٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اُوْلٰٓئِكَ هُمُ الصّٰدِقُوْنَ ○

## ۴۵ ۔ سچے ایمان والے

۴۹۔۱۵: بلاشبہ مومن تو وہی ہیں، جو اللہ اور اُس کے رسول پر ایمان لائے (اس طرح کہ) پھر امکانِ شک باقی نہ رہا اور انہوں نے اپنے اموال اور جانوں کے ساتھ اللہ کی سبیل میں جہاد کیا ایسے ہی لوگ (سچے) صادقین ہیں۔

## The Real Believers

**49.15:** The (true) Momins (Practicing Believers) are only those, who believe in Allah, and His Messenger and then have no doubt. And they strive in the cause of Allah with their possessions and their lives. Only they are the sincere ones.

## سورۃ الحجرات ۔ ۴۹

٦ ۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ جَآءَكُمْ فَاسِقٌ بِنَبَاٍ فَتَبَيَّنُوْٓا اَنْ تُصِيْبُوْا قَوْمًا بِجَهَالَةٍ فَتُصْبِحُوْا عَلٰى مَا فَعَلْتُمْ نٰدِمِيْنَ ○

## ۴۶ ۔ فاسق کی خبر کی تصدیق

۴۹۔۶: اے لوگو جو ایمان لائے ہو! جب کوئی فاسق تمہارے پاس کوئی خبر لے کر آئے تو تحقیق کرلیا کرو، کہیں ایسا نہ ہو کہ لاعلمی میں تم کو لوگوں کے لئے مصیبت کھڑی کردو اور پھر اپنے کئے پر نادم ہو۔

## Verify faasiq's news

**49.6:** O you who believe! if a faasiq (corrupt) comes to you with a news testify it lest you cause problem for come people and then start cutting sorry figure for what you have done.

## حدیث نبوی ﷺ

٤٨ : عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: سِبَابُ الْمُسْلِمِ فُسُوْقٌ وَّقِتَالُهٗ كُفْرٌ

(صحیح بخاری۔ ایمان ۲۔ ۴۸۔ ۳۶)

## بدزبانی اور جھگڑا

۴۸: عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مسلمان کو گالی دینا فسق ہے اور اس سے لڑنا کفر ہے۔

## Abusing andquarrelling

**48:** Ibn-e-Masood narrated that Prophet ﷺ said: To abuse a muslim is fisq (negation of Iman) and quarreling with him is like denial (of authority of Allah).

Arrahman Arraheem.tv

# بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

| | | |
|---|---|---|
| يَآَيُّهَا | O you | اے لوگو |
| الَّذِيۡنَ | Who | جو ایمان |
| اٰمَنُوۡا! | Believe ! | لائے ہو! |



# القرآن ایمان والوں سے کیا کہتا ہے؟

ایمان والے کو اپنی ذات کا قرآن کی ان آیات سے موازنہ کر کے دیکھنا چاہیئے کہ کیا وہ واقعی اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے احکام بجا رہا ہے یا نہیں؟

A Believer should relate his character with the Aayaat of Quran to check as to whether he is really following the instructions(Commandments) of Allah and His Prophet(PBUH)

Arrahman Arraheem TM

## سورۃ العنکبوت۔۲۹

۲۔اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ يُّتْرَكُوْٓا اَنْ يَّقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا وَهُمْ لَا يُفْتَنُوْنَ ○

### ۴۷۔کیا وہ آزمائے نہیں جائیں گے؟

۲۔۲۹: کیا لوگ حساب لگائے بیٹھے ہیں کہ (محض) یہ کہہ دینے پر وہ چھوڑ دیئے جائیں گے کہ ''ہم ایمان لائے'' اور وہ آزمائے نہیں جائیں گے

### Test of Allah

**29.2:** Do people think that they will be spared just because they say "We Believe!" And they will not be tested?

۳۔وَلَقَدْ فَتَنَّا الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَلَيَعْلَمَنَّ الْكٰذِبِيْنَ ○

### ۴۸۔ہم سچے جھوٹے کو ضرور جان لیں گے

۳۔۲۹: اور بے شک ہم نے تو ان سے پہلے لوگوں کو بھی آزمایا تھا اور اب اللہ ان لوگوں کی بھی ضرور جانچ کرے گا جو سچے ہیں اور ان کو بھی جان کر رہے گا جو جھٹلانے والے ہیں۔

### We will know for sure!

**29.3:** And surely We tested those before them and Allah will know those who are true and those who deny.

## سورۃ الانفال۔۸

۲۰۔يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَا تَوَلَّوْا عَنْهُ وَاَنْتُمْ تَسْمَعُوْنَ ○

### ۴۹۔اطاعت کرو! اور خاموشی سے سنو!

۲۰۔۸: اے لوگو جو ایمان لائے ہو! اللہ اور اُس کے رسول (ﷺ) کی اطاعت کرو، اور جب تم سن رہے ہو تو سنتے سنتے منہ مت پھیر لو!

### Listen & Obey!

**8.20:** O you who believe! Obey Allah and submit to His Messenger and do not turn away from him, when you are listening (to his orders).

۲۱۔وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ قَالُوْا سَمِعْنَا وَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ ○

۲۱۔۸: اور اُن کی مانند مت ہو جانا جو کہتے ہیں کہ ہم نے سُنا حالانکہ وہ سنتے نہیں۔

**8.21:** And don't be like those who say, "We are listening" whereas they are not listening.

۲۲۔اِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ عِنْدَ اللّٰهِ الصُّمُّ الْبُكْمُ الَّذِيْنَ لَا يَعْقِلُوْنَ ○

۲۲۔۸: بے شک اللہ کے نزدیک بدترین خلائق وہ بہرے اور گونگے ہیں جو عقل سے کام نہیں لیتے۔

**8.22:** The worst beasts near Allah are those deaf and dumb (persons), who do not use their intelligence/commonsense.

## حدیث نبوی ﷺ

۷۱۴۲۔عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: اِسْمَعُوْا وَ اَطِيْعُوْا وَاِنِ اسْتُعْمِلَ عَلَيْكُمْ عَبْدٌ حَبَشِيٌّ كَاَنَّ رَاْسَهٗ زَبِيْبَةٌ

(صحیح بخاری۔احکام ۹۳۔۷۱۴۲۔۴)

### سمع و اطاعت

۷۱۴۲۔حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: سنو! اور اطاعت کرو! خواہ تم پر ایسے حبشی کو عامل مقرر کر دیا جائے جس کا سر سوکھے منقے جیسا ہو۔

### Listening and Obedience

**7142:** Anas B. Malik narrated that Prophet ﷺ said: Listen! and Obey! Even if a currant headed Negro has been appointed upon you.

Arrahman Arraheem

## سورۃ الحشر ـ ۵۹

۱۸ ـ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَلْتَنْظُرْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ لِغَدٍ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ○

۱۹ ـ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ نَسُوا اللّٰهَ فَاَنْسٰهُمْ اَنْفُسَهُمْ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ○

## ۵۰ ـ کل کی تیاری!

۱۸ ـ ۵۹ ـ اے لوگو جو ایمان لائے ہو! اللہ سے تقویٰ اختیار کرو! اور ہر نفس کو اس پر نظر رکھنی چاہیئے کہ اُس نے کل کے لئے کیا آگے بھیجا ہے؟ اللہ سے تقویٰ رکھو! (محتاط رہو!) بیشک اللہ اس سے خُوب واقف ہے جو کچھ تم کرتے ہو

۱۹ ـ ۵۹: اور اُن کی مانند مت ہو جانا جنہوں نے اللہ کو بھلا دیا تو اللہ نے اُن کو اُن کے اپنے نفوس بھلا دیئے۔ یہ لوگ ہیں جو فاسق ہیں۔

## Preparation for tomorrow

**59.18:** O you who believe! Be conscious of Allah! and everybody must be aware of what he is forwarding on for tomorrow. Be conscious of Allah. Allah knows whatever you do.

**59.19:** And do not be like those who forgot Allah so Allah made them forget themselves. They are the people who are corrupt.

## سورۃ الحدید ـ ۵۷

۲۸ ـ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَاٰمِنُوْا بِرَسُوْلِهٖ يُؤْتِكُمْ كِفْلَيْنِ مِنْ رَّحْمَتِهٖ وَيَجْعَلْ لَّكُمْ نُوْرًا تَمْشُوْنَ بِهٖ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۚ ○

## ۵۱ ـ دوہرا اجر

۲۸ ـ ۵۷: اے لوگو جو ایمان لائے ہو۔ اللہ سے تقویٰ اختیار کرو! اور اُس کے رسول پر ایمان لے آؤ تو وہ تمہیں اپنی رحمت کا دوہرا حصہ دے گا۔ اور تمہارے لئے ایک ایسا نُور بنا دے گا جس سے تم چل پھر سکو گے اور تمہیں بخش دے گا کہ اللہ تو بڑا صاحبِ بخشش رحیم ہے۔

## Double Reward!

**57.28:** O you who believe! Be conscious of Allah and believe in His Messenger. He will give you a double of His Mercy and He will give you a Light with which you shall walk (further) and He will forgive your mistakes for Allah is Most Forgiving, Most Merciful.

## سورۃ الطلاق ـ ۶۵

۱۱ ـ رَّسُوْلًا يَّتْلُوْا عَلَيْكُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ مُبَيِّنٰتٍ لِّيُخْرِجَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ وَمَنْ يُّؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ وَيَعْمَلْ صَالِحًا يُّدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ قَدْ اَحْسَنَ اللّٰهُ لَهٗ رِزْقًا ○

## ۵۲ ـ رسول ﷺ اور آیات کی تلاوت

۱۱ ـ ۶۵: وہ رسول اللہ کی واضح آیات تم پر تلاوت کرتا رہتا ہے تاکہ ایمان لانے والوں اور اعمالِ صالح کرنے والوں کو اندھیروں سے نور کی طرف نکال لائے۔ تو جو کوئی اللہ پر ایمان لائے گا اور اعمالِ صالح بجالائے گا وہ اُسے ایسے باغات میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہوں گی وہ اُن میں ہمیشہ رہیں گے، بیشک اللہ نے ایسے شخص کو کیسا عمدہ رزق مہیا فرمایا۔!

## The Messenger and recitation of ayaat

**65.11:** The Messenger ﷺ recites upon you the Ayaat of Allah containing clear details, so that he may lead those who believe and do good deeds from the depths of darknesses *(zulumaat)* forward into *(Noor)* the Light. And those who believe in Allah and do good deeds, He (Allah) will admit them into gardens beneath which streams flow, to dwell in them forever, Surely

Arrahman Arraheem

Allah has provided for them the best sustenance.

## سورۃ الفتح ـ ۴۸

۸ ـ اِنَّآ اَرۡسَلۡنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيۡرًا ○

### ۵۳ ۔ رسول ﷺ: گواہ، بشیر، نذیر

۴۸-۸: بالتحقیق ہم نے آپ کو (چشم دید) گواہ، بشارت دینے والا اور متنبہ کرنے والا بنا کر بھیجا ہے۔

### Messenger: the witness

**48.8:** Surely We have sent you as Witness, The Bearer of good news and as the Warner.

۹ ـ لِّتُؤۡمِنُوۡا بِاللّٰهِ وَرَسُوۡلِهٖ وَتُعَزِّرُوۡهُ وَتُوَقِّرُوۡهُ ؕ وَتُسَبِّحُوۡهُ بُكۡرَةً وَّاَصِيۡلًا ○

### ۵۴ ۔ ہمارے کرنے کا کام

۴۸-۹: تاکہ تم لوگ اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ! اُسے تقویت پہنچاؤ! اُس کی توقیر کرو! اور صبح وشام اس (اللہ) کی تسبیح کیا کرو!

### Our Job!

**48.9:** So that you may believe in Allah, His Messenger and help him in his cause and work for Him, day and night.

۱۰ ـ اِنَّ الَّذِيۡنَ يُبَايِعُوۡنَكَ اِنَّمَا يُبَايِعُوۡنَ اللّٰهَ ؕ يَدُ اللّٰهِ فَوۡقَ اَيۡدِيۡهِمۡ ۚ فَمَنۡ نَّكَثَ فَاِنَّمَا يَنۡكُثُ عَلٰى نَفۡسِهٖ ۚ وَمَنۡ اَوۡفٰى بِمَا عٰهَدَ عَلَيۡهُ اللّٰهَ فَسَيُؤۡتِيۡهِ اَجۡرًا عَظِيۡمًا ○

### ۵۵ ۔ رسول اللہ ﷺ سے بیعت

۴۸-۱۰: یقیناً جو لوگ آپ ﷺ سے بیعت کرتے ہیں وہ اللہ سے بیعت کرتے ہیں۔ اللہ کا ہاتھ ان کے ہاتھ پر ہے اور جس نے عہد شکنی کی تو اسکی عہد شکنی اُس کے اپنے ہی خلاف ہے اور جس نے اللہ کے ساتھ کیا ہوا عہد وفا کیا تو عنقریب وہ اسے اجر عظیم عطا کرے گا۔

### Allegiance with the Messenger (ﷺ)

**48.10:** Surely those who swear allegiance with you, swear allegiance with Allah. The Hand of Allah is upon their hands. So whosoever breaks his oath, it is against his own self and whoever keeps his oath (stays truthful) then Allah will reward him with the greatest or reward.

## سورۃ الاعراف ـ ۷

۱۵۷ ـ اَلَّذِيۡنَ يَتَّبِعُوۡنَ الرَّسُوۡلَ النَّبِىَّ الۡاُمِّىَّ الَّذِىۡ يَجِدُوۡنَهٗ مَكۡتُوۡبًا عِنۡدَهُمۡ فِى التَّوۡرٰٮةِ وَالۡاِنۡجِيۡلِ يَاۡمُرُهُمۡ بِالۡمَعۡرُوۡفِ وَيَنۡهٰٮهُمۡ عَنِ الۡمُنۡكَرِ وَيُحِلُّ لَهُمُ الطَّيِّبٰتِ وَيُحَرِّمُ عَلَيۡهِمُ الۡخَبٰۤئِثَ وَيَضَعُ عَنۡهُمۡ

### ۵۶ ۔ رسول اللہ ﷺ کا مقام

۷-۱۵۷: جو لوگ مادرانہ شفقت کے مظہر اُس الرسول النبی ﷺ کی پیروی کرتے ہیں جسے وہ اپنے پاس تورات وانجیل میں لکھا ہوا پاتے ہیں، جو انہیں نیکی کا حکم دیتا اور برائی سے روکتا ہے، جو اُن کے لئے پاکیزہ چیزیں حلال کرتا اور خبیث چیزوں کو اُن پر حرام قرار دیتا ہے۔ جو ان کے بوجھ (طوق) اتارتا ہے پس

### The status of the Messenger (ﷺ)

**7.157:** Those who follow the Ummi Messenger-Prophet, whom they find written with them in the Taurat and the Injeel (who) commands them with the Maroof (well known), forbids them from evil, validates for them the good things, makes unlawful to them impure things, and removes from them their burden and chains (of

Arrahman Arraheem

اِصْـرَهُـمْ وَالْاَغْـلٰـلَ الَّتِیْ کَـانَـتْ
عَلَیْهِمْ ؕ فَـالَّـذِیْنَ اٰمَنُوْا بِهٖ وَعَزَّرُوْهُ
وَنَـصَرُوْهُ وَاتَّبَعُوا النُّوْرَ الَّذِیْٓ اُنْزِلَ
مَعَهٗٓ ۙ اُولٰٓئِکَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ○

جولوگ اس پرایمان لاتے،اس کی تعظیم کرتے ،راس کی مدد کرتے ہیں اور اس نور کی اتباع کرتے ہیں، جواس کے ساتھ نازل کیا گیا ہے وہی تو ہیں جوفلاح پانے والے ہیں۔

traditions and self - made standards) which were upon them, so (as for) those who believe in This and honour and help (in Allah's cause) and follow the Noor (light) which has been revealed with him, they are the successful.

## ۵۷۔رسول اللہ ﷺ تمام انسانیت کے لئے رہنما

## The Messenger for mankind

۱۵۸۔قُلْ یٰٓاَیُّهَا النَّاسُ اِنِّیْ رَسُوْلُ
اللّٰهِ اِلَیْـکُمْ جَمِیْعًا ۨ الَّـذِیْ لَهٗ مُلْکُ
السَّـمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ لَآ اِلٰـهَ اِلَّا هُوَ
یُحْیٖ وَیُمِیْتُ ۠ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ
النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الَّذِیْ یُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَکَلِمٰتِهٖ
وَاتَّبِعُوْهُ لَعَلَّکُمْ تَهْتَدُوْنَ ○

۱۵۸۔۷: کہہ دیجئے کہ اے انسانو! بے شک میں تم سب کی طرف اُس اللہ کا رسول ہوں، جو تمام آسمانوں اور زمین کا بادشاہ ہے جس کے علاوہ کوئی اِلٰہ نہیں، وہی مارتا ہے اور وہی زندہ کرتا ہے، پس ایمان لاؤ اللہ پر، اس کے رسول ﷺ پر جو مادرانہ شفقت کا مظہر نبیؐ ہے، جو اللہ اور اس کے کلمات پر ایمان رکھتا ہے، اور اُس کی اتباع کرو تاکہ تمہیں بھی ہدایت مل سکے۔

**7.158:** Say, "O Mankind, Surely I am the Messenger of Allah, sent towards all of you. He is the authority of the Heavens and the earth. There is no one else to be obeyed but Him. Only He gives life and only He causes death. Therefore, believe in Allah and His Messenger, the Ummi Prophet, who believes in Allah and His words, and follows him so that you may receive guidance.

## ۵۸۔مومنین کے قلب اللہ، رسول ﷺ اور دین کی محبت سے سرشار ہیں

## The hearts of momineen are filled up with the love and affection of Allah and Messenger (ﷺ)

سورۃ الحجرات۔۴۹

۷۔وَاعْـلَـمُوْٓا اَنَّ فِیْکُمْ رَسُوْلَ اللّٰهِ ؕ
لَوْ یُطِیْـعُـکُـمْ فِیْ کَثِیْـرٍ مِّنَ الْاَمْرِ
لَـعَنِتُّـمْ وَلٰکِـنَّ اللّٰهَ حَبَّـبَ اِلَیْـکُـمُ
الْاِیْـمَـانَ وَزَیَّـنَـهٗ فِیْ قُلُوْبِکُمْ وَکَرَّهَ
اِلَیْـکُمُ الْکُفْرَ وَالْفُسُوْقَ وَالْعِصْیَانَ ؕ
اُولٰٓئِکَ هُمُ الرّٰشِدُوْنَ ۙ ○

۴۹۔۷: اور خوب جان لو! کہ تم میں اللہ کے رسول ﷺ موجود ہیں۔اگر وہ تمہاری بہت سی باتوں کو ماننے لگیں تو تم ضرور تباہ و برباد ہوجاؤ گے لیکن اللہ نے تمہارے لئے ایمان کو محبوب بنا کر اُسے تمہارے دلوں (قلوب) میں مُزیّن کردیا ہے اور تمہیں کفر، بدکاری اور نافرمانی

**49.7:** And know it well that Allah's Messenger is amongst you. If he followed your desires in the majority of the matters, surely you would be in trouble and distress. But Allah has beautified Belief in your Hearts and has made disgusting for you Denial, Corruption and

Alrahman Alraheem TM

سے کراہت کرنے والا بنادیا ہے ایسے ہوتے ہیں ''رُشد والے''۔

Disobedience. These are the people of *Rushd* (High grade of wisdom).

٨۔ فَضْلاً مِّنَ اللّٰهِ وَنِعْمَةً ط وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ○

٨۔٤٩: یہ اللہ کی جانب سے فضل اور نعمت ہے، اور اللہ جاننے والا صاحبِ حکمت ہے۔

**49.8:** This is Fazal (grace) and *Naimat* (Reward), and Allah has the knowledge and is the Most Wise.

## سورۃ النساء۔٤

## ٥٩۔ اللہ، رسولؐ اور اولی الامر

## Allah, Messenger (ﷺ) & Ulil-Amr

٥٩۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِى الْاَمْرِ مِنْكُمْ ج فَاِنْ تَنَازَعْتُمْ فِىْ شَىْءٍ فَرُدُّوْهُ اِلَى اللّٰهِ وَالرَّسُوْلِ اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ط ذٰلِكَ خَيْرٌ وَّاَحْسَنُ تَاْوِيْلاً ع ○

٥٩۔٤: اے لوگو جو ایمان لائے ہو! اللہ کی اطاعت کرو! الرسول ﷺ کی اطاعت کرو! اور اپنے میں سے اُولِی اْلاَمرِ کی، اور اگر تم میں کسی بات پر تنازعہ ہو جائے تو اسے اللہ اور رسول ﷺ کی طرف لوٹا دو! اگر تم اللہ اور یوم آخرت پر واقعی ایمان رکھتے ہو، یہی بہتر اور سب سے عمدہ تاویل ہے۔

**4.59:** O you who believe! Obey Allah, obey the Messenger and those amongst you who are with authority (of the Quran); but if you differ in anything among yourselves, refer it to Allah and His Messenger if you believe in Allah and the Last Day. That is the best and most suited explanation (for final determination).

## سورۃ النساء۔٤

## ٦٠۔ ایمان کا زعم رکھنے والے

## Self-assuming believers

٦٠۔ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ يَزْعُمُوْنَ اَنَّهُمْ اٰمَنُوْا بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّتَحَاكَمُوْٓا اِلَى الطَّاغُوْتِ وَقَدْ اُمِرُوْٓا اَنْ يَّكْفُرُوْا بِهٖ وَيُرِيْدُ الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّضِلَّهُمْ ضَلٰلاً م بَعِيْدًا ○

٦٠۔٤: کیا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جو اس زُعم میں مبتلا ہیں کہ جو کچھ تجھ پر اور تجھ سے پہلے نازل کیا گیا وہ اُسے پر ایمان لا چکے ہیں۔ حالانکہ وہ اپنے معاملات کے بارے میں حکم طاغوت (شیطانی نظام) سے لینا چاہتے ہیں جبکہ انہیں امر دیا گیا ہے کہ اُس سے انکار کرنا ہے، شیطان تو چاہتا ہی یہ ہے کہ انہیں گمراہی میں دور تک لے جائے۔

**4.60:** Have you not seen those who think they believe in what has been revealed to you and what was revealed before you? Still they revert to Taghoot (Shaitaan) for decisions. whereas they were ordered to reject his system. And the Shaitaan wishes to mislead them and cause them to go farastray.

## ٦١۔ ان کی پہچان

## Their Identity

٦١۔ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا اِلٰى مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَاِلَى الرَّسُوْلِ رَاَيْتَ الْمُنٰفِقِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْكَ صُدُوْدًا ع ○

٦١۔٤: جب اُن سے کہا جاتا ہے کہ اِس کی طرف آؤ جو اللہ نے نازل کیا ہے اور الرسول ﷺ کی طرف آؤ! تو آپؐ دیکھتے ہیں کہ منافق آپ ﷺ سے حد درجہ پہلوتہی کرنے لگتے ہیں۔

**4.61:** When they are asked to come towards what Allah has revealed and towards the Messenger, you see that the Hypocrites turn their faces away from you in disgust.

Arrahman Arraheem

## Their situations

**4.62:** But what will happen when they will fall prey to problems, because of whatever their hands have sent forth? They then will come running to you, swearing by Allah that our intentions were only for good and for reconciliation.

## ۶۲۔اِن کا حال

۶۲۔۴: پس کیسا رہے گا جب اُن پر اس وجہ سے مصیبت پڑے گی، جو ان کے ہاتھوں نے آگے بھیجا ہے؟ تب وہ آپ کے پاس آئیں گے اور اللہ کی قسمیں کھا کر کہیں گے کہ ہمارا ارادہ تو صرف بھلائی اور اتفاق کرا دینے کا ہی تھا۔

٦٢۔فَكَيْفَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ مُّصِيْبَةٌۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ثُمَّ جَآءُوْكَ يَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ اِنْ اَرَدْنَآ اِلَّآ اِحْسَانًا وَّتَوْفِيْقًا ○

## Importance of Qaul-e-Baleegh

**4.63:** They are the people whom Allah knows whatever is in their hearts. So avoid them, advise *(Zikar)* them and say to them words that would reach the depths of their souls.

## ۶۳۔قول بلیغ کی اہمیت

۶۳۔۴: یہ وہی لوگ ہیں کہ اللہ جانتا ہے جو کچھ ان کے دلوں میں ہے، پس اُن سے گریز کیجئے، ان کو نصیحت کیجئے اور اُن سے ان کے نفوس کے بارے میں دل کی گہرائی تک پہنچنے والی بلیغ بات کہیئے!

٦٣۔اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ يَعْلَمُ اللّٰهُ مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَعِظْهُمْ وَقُلْ لَّهُمْ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ قَوْلًاۢ بَلِيْغًا○

## Benefits of obedience of the Messenger (ﷺ)

**4.64:** And We did not send any Messenger but that he be obeyed by Allah's orders, and had they, after commiting injustice to themselves come to you and sought the forgiveness of Allah and the Messenger had (also) asked for forgiveness for them, they would have found Allah oft-Returning (towards them) and Merciful.

## ۶۴۔اطاعت رسولؐ کے فائدے

۶۴۔۴: ہم نے کسی رسول کو اس کے علاوہ کسی مقصد کے لئے بھیجا ہی نہیں کہ اللہ کے حکم سے اُس کی اطاعت کی جائے اگر یہ لوگ اپنے نفسوں پر ظلم کرتے وقت آپ ﷺ کے پاس آجاتے اور اللہ سے معافی مانگ لیتے اور الرسول ﷺ بھی ان کے لئے مغفرت چاہتے تو یہ لوگ ضرور اللہ کو توبہ قبول کرنے والا رحیم پاتے۔

٦٤۔وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا لِيُطَاعَ بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا ○

## The Certeria of Momin.

**4.65:** But No, by your Lord! they can never be real Momins till they seek judgement from you on evrything that divides them,

## ۶۵۔اطاعت رسول کے بغیر مومن؟

۶۵۔۴: ہرگز نہیں! تیرے رب کی قسم! یہ لوگ کبھی مومن نہیں ہو سکتے جب تک اُس معاملے میں جوان کو شجر کی طرح تقسیم کرر ہا ہو، آپ ﷺ

٦٥۔فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى يُحَكِّمُوْكَ فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ

Arrahman Arraheem TM

لَايَجِدُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ○

سے حکم نہ لیں پھر آپ جو بھی فیصلہ کر دیں اُس پر ان کے دلوں میں تنگی کا ذرا بھی احساس نہ ہو بلکہ وہ اُس فیصلہ کو اِس طرح تسلیم کریں جیسا کہ تسلیم کرنے کا حق ہے۔

then, they must not feel heavy hearted on whatever you decided and accept it like it is the right (*Haq*) to accept.

## سورۃ الصّٰفّ ۔ ٦١

## ٦٦ ۔ قول و عمل میں فرق؟

## The difference in saying and deeds

٢ ۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَاتَفْعَلُوْنَ ○

٢ ۔ ٦١: اے لوگو جو ایمان لائے ہو! تم وہ بات کیوں کہتے ہو جو کرتے نہیں ہو؟

**61.2:** O you who believe! Why do you say what you do not do?

## ٦٧ ۔ یہ اللہ کو نہایت ناپسند ہے

## It is disgusting to Allah

٣ ۔ كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ○

٣ ۔ ٦١: اللہ کے نزدیک یہ بات نہایت ناپسندیدہ ہے کہ تم منہ سے وہ کچھ کہو جو تم کرتے نہیں ہو۔

**61.3:** It is most hateful in the sight of Allah that you say what you do not do.

٤ ۔ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِهٖ صَفًّا كَاَنَّهُمْ بُنْيَانٌ مَّرْصُوْصٌ ○

٤ ۔ ٦١: بیشک اللہ اُن لوگوں سے محبت کرتا ہے جو اُس کی سبیل میں صف باندھ کر (اس طرح) لڑتے ہیں گویا وہ سیسہ پلائی دیوار ہیں۔

**61.4.** Surely Allah loves those who fight in His way in ranks as if they were a firm and solid wall.

## سورۃ آل عمران ۔ ٣

## ٦٨ ۔ اللہ سے محبت ہے؟ تو رسول اللہ ﷺ کی پیروی کرو!

## Love Allah? Follow the Messenger (ﷺ)!

٣١ ۔ قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ○

٣١ ۔ ٣: کہہ دیجئے کہ اگر تم اللہ سے محبت کرتے ہو تو میری پیروی کرو! (اسطرح) اللہ تم سے محبت کرے گا اور تمہارے گناہ بخش دے گا، اور اللہ تو بڑا بخشنے والا رحیم ہے۔

**31:** Say: "If you love Allah, Follow me: Allah will love you and will forgive your sins: For Allah is Most Forgiving, Most Merciful."

## سورۃ المائدۃ ۔ ٥

## ٦٩ ۔ وسیلہ کی اہمیت

## The Waseelah

٣٥ ۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَابْتَغُوْٓا اِلَيْهِ الْوَسِيْلَةَ وَجَاهِدُوْا فِيْ سَبِيْلِهٖ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ○

٣٥ ۔ ٥: اے لوگو جو ایمان لائے ہو! اللہ سے تقویٰ اختیار کرو! اس کی طرف وسیلہ تلاش کرو! اور اس کی سبیل میں جہاد کرو! تا کہ تم فلاح پا سکو۔

**5.35:** O you who believe! Be conscious of (your duty to) Allah, and seek the source of approach towards Him, and strive in His way, So that you may prosper.

Arrahman Arraheem TM

## سورۃ المائدۃ۔۵

۵۵۔اِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ
وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوا الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ
وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ رٰكِعُوْنَ ○

## ۷۰۔اصلی ولی: اللہ، رسول، ایمان والے

**۵۔۵۵:** بے شک تمہارے ولی اللہ، اس کا رسول ﷺ اور وہ ایمان والے ہیں جو صلوٰۃ قائم کرتے ہیں، زکوٰۃ ادا کرتے ہیں اور رکوع کرنے والے ہیں۔

## Real "Wali"

**5.55:** Your (real) protectors are Allah, His Messenger and those of the Believers, who establish regular Salaat and give regular Zakat and they bow down humbly (in acceptance).

## سورۃ التوبہ۔۹

۷۱۔وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ
بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۘ يَاْمُرُوْنَ
بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ
وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ
وَيُطِيْعُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ اُولٰٓئِكَ
سَيَرْحَمُهُمُ اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ

## ۷۱۔مومنین آپس میں اولیاء ہیں

**۹۔۷۱:** مومن مرد اور مومن عورتیں ایک دوسرے کے اولیاء ہیں، وہ معروف کے ساتھ حکم دیتے اور بدی سے منع کرتے ہیں اور صلوٰۃ قائم کرتے اور زکواۃ ادا کرتے ہیں، نیز وہ اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرتے ہیں، وہی تو ہیں جن پر اللہ جلد رحم کرے گا، بے شک اللہ طاقتور دانا ہے۔

## Real Aulia

**71:** And Momin (Practicing Believers), men and Momin women, are the protectors of one another: they enjoin Maroof (Well known) and forbid what is evil, they establish Salaat, give Zakat, and obey Allah and His Messenger. On them will Allah pour His mercy: for Allah is All Mighty and Wise.

## سورۃ التوبہ۔۹

۲۳۔يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْٓا
اٰبَآءَكُمْ وَاِخْوَانَكُمْ اَوْلِيَآءَ اِنِ
اسْتَحَبُّوا الْكُفْرَ عَلَى الْاِيْمَانِ ؕ وَمَنْ
يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ
الظّٰلِمُوْنَ ○

## ۷۲۔کن کو دوست نہ بنائیں!

**۹۔۲۳:** اے لوگو جو ایمان لائے ہو! اپنے آباء اور اپنے بھائیوں کو اولیاء مت بناؤ! اگر وہ ایمان کی نسبت کفر سے زیادہ محبت رکھتے ہوں۔ تم میں سے جو بھی اُنہیں اولیاء بنائیں گے وہی ظالم ہوں گے۔

## Whom not to make protectors!

**23:** O you who believe! Do not take your fathers, sons and your brothers as your protectors, if they love denial more than belief. And whoever amongst you takes them as protectors, they will the wrong doers *(Zalim)*.

۲۴۔قُلْ اِنْ كَانَ اٰبَآؤُكُمْ وَاَبْنَآؤُكُمْ
وَاِخْوَانُكُمْ وَاَزْوَاجُكُمْ وَعَشِيْرَتُكُمْ
وَاَمْوَالُ ۣاقْتَرَفْتُمُوْهَا وَتِجَارَةٌ
تَخْشَوْنَ كَسَادَهَا وَمَسٰكِنُ

**۹۔۲۴:** کہہ دیجیے کہ اگر تمہارے آباء، تمہارے بیٹے، تمہارے بھائی، تمہارے ازواج، تمہارے رشتے دار، وہ مال جو تم نے کمائے ہیں، وہ تجارتیں جن میں نقصان سے تم ڈرتے ہو اور وہ

**9.24:** Say, If your fathers, sons, brothers, spouses, relatives and your wealth, that you have earned and the loss in trade that you fear and the homes which you like, are dearer to

Arraheem Arraheem

تَرْضَوْنَهَآ اَحَبَّ اِلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَجِهَادٍ فِيْ سَبِيْلِهٖ فَتَرَبَّصُوْا حَتّٰى يَاْتِيَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ۝

مکانات جو تمہیں پسند ہیں تمہیں اللہ، اُس کے رسول، اور اُس کی سبیل میں جہاد کرنے سے زیادہ محبوب ہیں تو پھر انتظار کرو تا آنکہ اللہ تم پر اپنا حکم صادر کردے اور اللہ فاسق لوگوں کی ہدایت نہیں کرتا۔

you than Allah and His Messenger and striving in His way, then wait till Allah brings about His command, and Allah does not guide the Corrupt *(Faasiqeen people)*.

## سورۃ البقرہ۔۲

## ۷۳۔سب سے زیادہ محبوب: اللہ

## Allah: The Dearest One

١٦٥ ـ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْآ اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ؕ وَلَوْ يَرَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْآ اِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ ۙ اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعَذَابِ ۝

۱۶۵۔۲: اور لوگوں میں سے ایسے بھی ہیں جو اللہ کے مدِّ مقابل بناتے اور اُن سے یوں محبت کرتے ہیں جیسے اللہ سے محبت کرنی چاہئے، جبکہ ایمان والے اللہ سے شدید محبت رکھتے ہیں، اور جنہوں نے ظلم کیا، کاش وہ عذاب کو دیکھ سکتے جو انہوں نے دیکھنا ہی ہے (تو جان لیتے) کہ بے شک تمام قوت اللہ ہی کی ہے، اور یہ کہ اللہ سخت عذاب دینے والا ہے۔

**2.165:** And from amongst mankind are those who make equals to Allah. They love them as much as they should love Allah. And those who believe, love Allah more strongly. For those who committed wrong, if they could see the penalty (they are heading for) that truly all powers are for Allah. And surely Allah is severe in punishment.

## سورۃ آل عمران۔۳

## ۷۴۔انہیں جگری دوست مت سمجھو!

## Stay aware of friends

١١٨ ـ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا بِطَانَةً مِّنْ دُوْنِكُمْ لَا يَاْلُوْنَكُمْ خَبَالًا ؕ وَدُّوْا مَا عَنِتُّمْ ۚ قَدْ بَدَتِ الْبَغْضَآءُ مِنْ اَفْوَاهِهِمْ ۖ وَمَا تُخْفِيْ صُدُوْرُهُمْ اَكْبَرُ ؕ قَدْ بَيَّنَّا لَكُمُ الْاٰيٰتِ اِنْ كُنْتُمْ تَعْقِلُوْنَ ۝

۱۱۸۔۳: اے لوگو جو ایمان لائے ہو! اغیار کو جگری دوست مت بناؤ! وہ تمہاری بربادی میں کوئی کسر نہ اٹھا رکھیں گے، وہ تمہاری بربادی کے خواہاں ہیں، اُن کا بغض اُن کے مُنہ سے ظاہر ہے، اور جو کچھ اُن کے دلوں میں مخفی ہے وہ (اس سے بھی) کہیں زیادہ ہے، یقیناً ہم تو تمہارے لئے آیات کو وضاحت سے بیان کیئے دیتے ہیں اگر تم عقل سے کام لیتے ہو۔

**3.118:** O you who believe! Do not develop friendship with those who are not your own. They will leave no stone unturned to plan your ruin. They want you to suffer Their hatred is apparent from their tongues (conversations and behaviour), and what is hidden in their hearts is even greater. And surely We have made the Aayaat clear for you had you have any wisdom.

## ۷۵۔تم پھر بھی ان سے محبّت کرتے ہو

١١٩ ـ هٰٓاَنْتُمْ اُولَآءِ تُحِبُّوْنَهُمْ وَلَا يُحِبُّوْنَكُمْ وَتُؤْمِنُوْنَ بِالْكِتٰبِ

۱۱۹۔۳: دیکھو تو! تم ان سے محبت کرتے ہو، اور وہ تم سے محبت نہیں کرتے، تم پوری کتاب پر

**3.119:** See! You love these people, but they do not. You believe in the whole Book

Arahman Arraheem

كُلِّهٖ وَاِذَا لَقُوْكُمْ قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۚ وَاِذَا خَلَوْا عَضُّوْا عَلَيْكُمُ الْاَنَامِلَ مِنَ الْغَيْظِ ؕ قُلْ مُوْتُوْا بِغَيْظِكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ○

ایمان رکھتے ہو، وہ جب تم سے ملتے ہیں تو کہتے ہیں ہم ایمان لائے اور جب اکیلے میں ہوتے ہیں تو غیظ وغضب میں تم پر (اپنی) انگلیاں کاٹتے ہیں، کہو! اپنے ہی غیظ میں مرو! بالتحقیق اللہ صدور کے اندر کی ذات کو جانتا ہے۔

When they meet you' they say, "We Believe". But when they are alone, they bite their fingers at you in rage. Say "Die in your own rage and surely Allah knows what is in their hearts.

١٢٠ ـ اِنْ تَمْسَسْكُمْ حَسَنَةٌ تَسُؤْهُمْ ۡ وَاِنْ تُصِبْكُمْ سَيِّئَةٌ يَّفْرَحُوْا بِهَا ؕ وَاِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا لَا يَضُرُّكُمْ كَيْدُهُمْ شَيْـًٔا ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ ○

۱۲۰۔۳: اگر تمہارے ساتھ کوئی اچھائی ہو تو انہیں ناگوار گزرتی ہے اور اگر کوئی برائی پہنچے تو وہ اس پر خوش ہوتے ہیں، تم اگر صبر کرو اور تقویٰ اختیار کرو تو تمہیں ان کی چالیں ذرا بھی نقصان نہیں پہنچا سکیں گی بے شک جو کچھ وہ کرتے ہیں، اللہ اس کا احاطہ کئے ہوئے ہے۔

**3.120:** If something good comes to you, it falls heavy on them, if some bad thing happens to you, they celebrate. If you show patience and stay with *Taqwa* (Consciousness towards Allah), their plan cannot harm you, at all. Surely Allah is surrounding whatever they do.

## سورۃ النور۔۲۴

## ۷۶۔ کہنا کچھ، کرنا کچھ: غلط عادت

## The difference in saying and deeds

٤٧ ـ وَيَقُوْلُوْنَ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالرَّسُوْلِ وَاَطَعْنَا ثُمَّ يَتَوَلّٰى فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ ؕ وَمَآ اُولٰٓئِكَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ ○

۴۷۔۲۴: وہ کہتے ہیں ہم اللہ اور الرسول ﷺ پر ایمان لائے اور ہم نے اطاعت کی، پھر ان کا ایک گروہ اس کے بعد روگردانی کرتا ہے، یہ لوگ مومن نہیں ہیں۔

**24.47:** They say; "We believe in Allah and His Messenger and we obey" And even after that a group of them turns away. That is because they are not the *Momins* (Practicing believers).

٤٨ ـ وَاِذَا دُعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ○

۴۸۔۲۴: اور جب وہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی طرف پکارے جاتے ہیں تاکہ وہ (رسولؐ) ان کے درمیان فیصلہ کرے تو ان کا ایک گروہ روگردانی کرتا ہے۔

**24.48:** And when they are called towards Allah and His Messenger, so that He may issue a decree among them, a group of them turns away.

٤٩ ـ وَاِنْ يَّكُنْ لَّهُمُ الْحَقُّ يَاْتُوْٓا اِلَيْهِ مُذْعِنِيْنَ ؕ ○

۴۹۔۲۴: اگر حق ان کی موافقت میں ہو تو وہ برضا و رغبت، فرمانبرداری سے اس (رسولؐ) کی طرف بھاگے چلے آئیں گے۔

**24.49:** But if Huq (Truth) is in their favour, they happily run towards it.

Arrahman Arraheem

٥٠۔ اَفِیْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ اَمِ ارْتَابُوْٓا اَمْ يَخَافُوْنَ اَنْ يَّحِيْفَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَرَسُوْلُهٗ ؕ بَلْ اُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝ع

۲۴-۵۰: کیا ان کے دلوں میں مرض ہے یا وہ شک میں مبتلا ہیں؟ یا وہ ڈرتے ہیں کہ اللہ اور اس کا رسول ﷺ اُن کے ساتھ ناانصافی کریں گے؟ دراصل ایسے ہی لوگ تو ظالم ہیں۔

**24.50:** Do their hearts contain disease? Or did they doubt? Or do they apprehend that Allah and His Messenger will not be just with them? In truth, they are the ignorant.

## ۷۷۔ قول المومنین: سمعنا واطعنا!

## Road to success

٥١۔ اِنَّمَا كَانَ قَوْلَ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذَا دُعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ اَنْ يَّقُوْلُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝

۲۴-۵۱: بیشک مومنین کو جب اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی طرف بلایا جاتا ہے تا کہ وہ (الرسولؐ) ان کے درمیان فیصلہ کرے تو ان کا قول اس کے سوا کچھ نہیں ہوتا ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ "ہم نے سنا اور ہم نے اطاعت کی" اور یہی تو ہیں فلاح پانے والے۔

**24.51:** The response of the *Momins*, when invited towards Allah and His Messenger, so that He may judge amongst them, is only that they say, "We heard and obeyed": Only they are the people of prosperity.

٥٢۔ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَخْشَ اللّٰهَ وَيَتَّقْهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ۝

۲۴-۵۲: اور جو کوئی اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت کرتا ہے اور اللہ کی خشیّت اور تقویٰ اختیار کرتا ہے تو ایسے ہی لوگ تو کامیاب ہیں۔

**24.52:** And those who obey Allah and His Messenger and remain submissive to Allah and are conscious of (their duty to) Him, are "The successful."

## ۷۸۔ پکّی قسمیں کھا کر ایمان جتلانا

## Swear to prove belief

٥٣۔ وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ لَئِنْ اَمَرْتَهُمْ لَيَخْرُجُنَّ ؕ قُلْ لَّا تُقْسِمُوْا ۚ طَاعَةٌ مَّعْرُوْفَةٌ ؕ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝

۲۴-۵۳: وہ اللہ کی پکی قسمیں کھاتے ہیں کہ اگر آپ انہیں حکم دیں تو وہ (فوراً) ضرور نکلیں گے آپ کہہ دیجئے قسمیں مت کھاؤ! (تمہاری) اطاعت جانی پہچانی ہے۔ بے شک اللہ واقف ہے اس سے جو کچھ تم کرتے ہو۔

**24.53:** They strongly swear by Allah, that if you command them they would certainly come out. Say! Swear not! (Your) obedience is known (to be false). Surely Allah is aware of what you do.

## ۷۹۔ رسول ﷺ کی ذمّہ داری

## The Prophet's ﷺ job

٥٤۔ قُلْ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَيْهِ مَا

۲۴-۵۴: کہہ دیجئے! اطاعت کرو اللہ کی اور اطاعت کرو الرسولؐ کی، اگر وہ روگردانی کریں تو اس (الرسولؐ) کے ذمّے تو وہی ہے جس

**24.54:** Say! Obey Allah and obey the Messenger if they turn back, then he is responsible for

Arrahman Arraheem TM

حُمِّلَ وَعَلَيْكُمْ مَّا حُمِّلْتُمْ وَاِنْ
تُطِيْعُوْهُ تَهْتَدُوْا وَمَا عَلَى الرَّسُوْلِ
اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ○

(فرض) کا بار اس پر ڈالا گیا ہے۔اور تمہارے ذمّے وہی کچھ ہے، جس (فرض) کا بار تم پر ڈالا گیا ہے۔ پس اگر تم اُس کی اطاعت کرو گے تو ہدایت پاؤ گے۔اور الرسولؐ کے ذمے تو بس واضح طور پر پیغام پہنچا دینا ہی ہے۔

his burden and you are responsible for yours; if you obey him (Messenger), only then you will receive guidance; and the responsibility of the Messenger is only to deliver (the Message) clearly.

## سورۃ الممتحنۃ۔٦٠

## ٨٠۔اللہ کے دشمن

## The Enemies

١۔يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا
عَدُوِّيْ وَعَدُوَّكُمْ اَوْلِيَآءَ تُلْقُوْنَ
اِلَيْهِمْ بِالْمَوَدَّةِ وَقَدْ كَفَرُوْا بِمَا
جَآءَكُمْ مِّنَ الْحَقِّ ج يُخْرِجُوْنَ
الرَّسُوْلَ وَاِيَّاكُمْ اَنْ تُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ
رَبِّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ خَرَجْتُمْ جِهَادًا فِيْ
سَبِيْلِيْ وَابْتِغَآءَ مَرْضَاتِيْ ق صلے
تُسِرُّوْنَ اِلَيْهِمْ بِالْمَوَدَّةِ ق صلے وَاَنَا
اَعْلَمُ بِمَآ اَخْفَيْتُمْ وَمَآ اَعْلَنْتُمْ وَمَنْ
يَّفْعَلْهُ مِنْكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ
السَّبِيْلِ ○

**١۔٦٠:** اے لوگو جو ایمان لائے ہو! میرے دشمنوں اور اپنے دشمنوں کو اولیاء مت بناؤ! تم اُنہیں دوستانہ پیغام بھیجتے ہو حالانکہ اُنہوں نے اُس حق کا انکار کیا جو تمہارے پاس آیا۔ وہ الرسولؐ کو اور تمہیں (محض) اس بناء پر نکالنا چاہتے ہیں کہ تم اپنے رب اللہ پر ایمان لائے ہو۔ اگر تم میری سبیل میں جہاد کے لئے اور میری رضا جوئی کی جستجو میں نکلے ہو تو اُن کو خفیہ محبت نامے (کیوں بھیجتے ہو)؟ میں اُسے خوب جانتا ہوں جسے تم چھپاتے ہو اور اُسے بھی جسے تم ظاہر کرتے ہو۔اور جو کوئی تم میں سے ایسا کرے گا تو بیشک وہ سیدھی راہ سے بھٹک گیا۔

**60.1:** O you who believe! Do not take my enemy and your enemy as friend (or protector), you send them messages of love and affection when they reject the *Huq* (Truth) that has come to you. They try to drive out the Prophet and you (from your homes), (simply) because you believe in Allah as your Sustainer. If you have come out to strive in My Sabeel (way) and to seek My good will, then why do you send friendly messages to them? We know what you disclose and what you hide, whoever amongst you does so, has gone astray from the straight path.

٢۔اِنْ يَّثْقَفُوْكُمْ يَكُوْنُوْا لَكُمْ اَعْدَآءً
وَّيَبْسُطُوْٓا اِلَيْكُمْ اَيْدِيَهُمْ وَاَلْسِنَتَهُمْ
بِالسُّوْٓءِ وَوَدُّوْا لَوْ تَكْفُرُوْنَ ○

**٢۔٦٠:** اگر وہ تم پر قابو پالیں گے تو دشمن (ثابت) ہوں گے اور تم پر برائی کے ساتھ دست درازی اور زبان درازی کریں گے، وہ چاہتے ہیں کہ تم بھی کافر ہو جاؤ۔

**60.2**: If they overcome you, they would treat you as your enemies would and will stretch forth their hands and tongues against you in evil: and they desire you too, to reject the Truth.

٣۔لَنْ تَنْفَعَكُمْ اَرْحَامُكُمْ وَلَآ
اَوْلَادُكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَفْصِلُ بَيْنَكُمْ ط

**٣۔٦٠:** تمہارے رشتہ دار اور تمہاری اولادیں قیامت کے روز تمہیں کوئی نفع نہ پہنچا سکیں گی

**60.3:** Of no profit to you will be your relatives and your children on the Day of Judgment: He will

وَاللّٰہُ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ بَصِیۡرٌ ○

جب (اللہ) تمہارے درمیان فیصلہ کرے گا، جو کچھ بھی تم کرتے ہو اللہ اسے دیکھنے والا ہے۔

judge between you, for Allah sees well all that you do.

## ۸۱۔ مغضوب علیہم سے دوستی نہ رکھو!

## Do not befriend those who angered Allah

۱۳۔ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا لَا تَتَوَلَّوۡا قَوۡمًا غَضِبَ اللّٰہُ عَلَیۡهِمۡ قَدۡ یَئِسُوۡا مِنَ الۡاٰخِرَۃِ کَمَا یَئِسَ الۡکُفَّارُ مِنۡ اَصۡحٰبِ الۡقُبُوۡرِ ○

۶۰۔۱۳: اے لوگو جو ایمان لائے ہو! اُن سے دوستی مت کرو جن پر اللہ کا غضب ہوا ہے۔ یہ لوگ آخرت سے اس طرح مایوس ہو چکے ہیں جس طرح کفّار اصحابِ قبور سے مایوس ہیں۔

**60.13:** O you who believe! Do not befriend those who angered Allah. They are disappointed with the hereafter in the same way as the non-Believers are disappointed with those in graves.

### سورۃ المائدۃ۔۵

## ۸۲۔ یہود و نصاریٰ سے دوستی مت رکھو!

## Do not befriend self-guided & self assumed helpers of Allah

۵۱۔ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا لَا تَتَّخِذُوا الۡیَهُوۡدَ وَالنَّصٰرٰۤی اَوۡلِیَآءَ ۘ بَعۡضُهُمۡ اَوۡلِیَآءُ بَعۡضٍ ؕ وَمَنۡ یَّتَوَلَّهُمۡ مِّنۡکُمۡ فَاِنَّهٗ مِنۡهُمۡ ؕ اِنَّ اللّٰہَ لَا یَهۡدِی الۡقَوۡمَ الظّٰلِمِیۡنَ ○

۵۔۵۱: اے لوگو جو ایمان لائے ہو! یہود اور نصاریٰ کو اپنا دوست مت بناؤ! وہ آپس میں ایک دوسرے کے دوست ہیں جو اُن سے دوستی رکھے گا وہ اُنہی میں سے ہوگا۔ بیشک اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیا کرتا۔

**05.51:** O you who believe! Do not befriend with self-guided people and those who claim to be the helpers of Allah. They are collaborators. He who extends a hand of friendship to them is from amongst them. Without doubt, Allah does not guide the people who ignore His instructions.

### سورۃ النساء۔۴

## ۸۳۔ مومنین کے بجائے کفار کو دوست مت بناؤ!

## No Friends other than the *Momins*

۱۴۴۔ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا لَا تَتَّخِذُوا الۡکٰفِرِیۡنَ اَوۡلِیَآءَ مِنۡ دُوۡنِ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ ؕ اَتُرِیۡدُوۡنَ اَنۡ تَجۡعَلُوۡا لِلّٰهِ عَلَیۡکُمۡ سُلۡطٰنًا مُّبِیۡنًا ○

۴۔۱۴۴: اے لوگو جو ایمان لائے ہو! مومنین کو چھوڑ کر کفّار کو دوست مت بناؤ! کیا تم چاہتے ہو کہ اللہ کو اپنے خلاف واضح دلیل فراہم کردو!

**4.144:** O you who believe! Don't make the non-believers your friends instead of believers. Do you want to provide to Allah a strong argument against you?

۵۷۔ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا لَا تَتَّخِذُوا الَّذِیۡنَ اتَّخَذُوۡا دِیۡنَکُمۡ هُزُوًا وَّلَعِبًا مِّنَ الَّذِیۡنَ اُوۡتُوا الۡکِتٰبَ مِنۡ قَبۡلِکُمۡ

۵۔۵۷: اے لوگو جو ایمان لائے ہو! جن لوگوں کو تم سے پہلے کتاب دی گئی تھی اُن میں سے جنہوں نے تمہارے دین کو کھیل، تماشہ سمجھ رکھا

**5.57:** O you who believe! Of those who were given the Book before are those who consider your *Deen* (the judgment of

Arrahman Arraheem

وَالْكُفَّارَ اَوْلِيَآءَ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ○

ہے اُن کو اور کُفّار کو دوست مت بناؤ! اور اللہ سے محتاط رہو اگر تم ایمان رکھنے والے ہو۔

your Lord) a game or a pastime. Do not take them and those who do not beleive, as your friends, and be concious of Allah, if you believe.

۵۸. وَاِذَا نَادَيْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ اتَّخَذُوْهَا هُزُوًا وَّلَعِبًا ۭ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْقِلُوْنَ ○

۵۸-۵: اور جب تم صلوٰۃ کی طرف پکارتے ہو تو وہ اُس کا ہنسی اور ٹھٹھہ بنا لیتے ہیں ایسا اس لیے کیوں کہ وہ ایسی قوم ہیں جو عقل سے کام نہیں لیتے

**5.58:** When you invite towards *Salaat* they laughed at it; this is because they are the people who do not use wisdom.

سورۃ التوبہ۔۹

## ۸۴۔ سچے ایمان والوں کے ساتھ ہو جاؤ!

## Be with the True!

۱۱۹۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَكُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ ○

۱۱۹-۹: اے لوگو جو ایمان لائے ہو! اللہ سے تقویٰ اختیار کرو اور صادق الایمان (سچّے) لوگوں کے ساتھ ہو جاؤ!

**9.119:** O you who believe! Be conscious of Allah and be with those who are Sadiqeen (true in words and deeds).

## ۸۵۔ عمل صالح

## Good deed

۱۲۰۔ مَا كَانَ لِاَهْلِ الْمَدِيْنَةِ وَمَنْ حَوْلَهُمْ مِّنَ الْاَعْرَابِ اَنْ يَّتَخَلَّفُوْا عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ وَلَا يَرْغَبُوْا بِاَنْفُسِهِمْ عَنْ نَّفْسِهٖ ۭ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ لَا يُصِيْبُهُمْ ظَمَاٌ وَّلَا نَصَبٌ وَّلَا مَخْمَصَةٌ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا يَطَـُٔوْنَ مَوْطِئًا يَّغِيْظُ الْكُفَّارَ وَلَا يَنَالُوْنَ مِنْ عَدُوٍّ نَّيْلًا اِلَّا كُتِبَ لَهُمْ بِهٖ عَمَلٌ صَالِحٌ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ○

۱۲۰-۹: اہلِ مدینہ اور اس کے ماحول کے اعراب کے لئے مناسب نہیں کہ اللہ کے رسول سے پیچھے رہ جائیں۔ نہ یہ کہ اپنی جانوں کو اُس کی جان سے زیادہ عزیز رکھیں، کیونکہ جو بھی پیاس، تھکاوٹ یا بھوک کی اذیت انہیں اللہ کی سبیل میں پہنچتی ہے اور جو قدم بھی وہ کفار کا غیظ وغضب کمانے کے لئے اٹھاتے ہیں اور جو (اذیّت) بھی وہ کسی دشمن کے ہاتھوں اُٹھاتے ہیں۔ اُس کے عوض اُن کے لئے ایک عملِ صالح لکھ دیا جاتا ہے، بے شک اللہ احسان کرنے والوں کے اجر کو ضائع نہیں کرتا۔

**9.120:** It is not be fitting for the people of Medina and the Arabs of the neighbourhood, to stay behind Allah's Apostle, nor to prefer their own lives over his:That is because any thirst, fatigue or hunger they suffer in Allah's Sabeel (way) or any step they take to earn the wrath of the unbelievers, or whatever they recieve from any enemy, is written to their credit as a deed of righteousness. Surely Allah does not waste the reward of good-doing people (Mohsineen).

سورۃ الاحزاب۔۳۳

## ۸۶۔ مومنین کی آزمائش یا نعمت؟

## Test or bounty?

۹۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ جَآءَتْكُمْ جُنُوْدٌ

۹-۳۳: اے لوگو جو ایمان لائے ہو! اپنے اوپر اللہ کی وہ نعمت یاد کرو جب فوجیں تم پر چڑھتی

**33.9:** O you who believe! Remember the blessing of Allah on you when the armies

Arrahman Arraheem TM

فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا وَّجُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرًا ۚ ○

چلی آئیں تو ہم نے اُن پر ایسی ہوائیں اور ایسے لشکر بھیجے جنہیں تم دیکھ نہ سکتے تھے اور جو کچھ تم کر رہے تھے، اللہ اُسے دیکھ رہا تھا۔

assailed on you, so I sent on them such winds and troops that you could not see. Allah was The Seer of whatever you were doing.

۱۰۔ اِذْ جَآءُوْكُمْ مِّنْ فَوْقِكُمْ وَمِنْ اَسْفَلَ مِنْكُمْ وَاِذْ زَاغَتِ الْاَبْصَارُ وَبَلَغَتِ الْقُلُوْبُ الْحَنَاجِرَ وَتَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ الظُّنُوْنَا ○

**۱۰۔۳۳:** جب وہ تمہارے اوپر سے اور تمہارے نیچے سے چڑھتے چلے آئے، جب آنکھیں پتھرا گئیں اور کلیجے منہ کو آ گئے اور تم لوگوں نے اللہ کے بارے میں طرح طرح کے گمان کرنا شروع کر دیئے۔

**33.10:** When they came to you from the upside and from downside and your eyes blurred and your hearts jumped into the throats and you began to make assumptions about Allah.

۱۱۔ هُنَالِكَ ابْتُلِيَ الْمُؤْمِنُوْنَ وَزُلْزِلُوْا زِلْزَالًا شَدِيْدًا ○

**۱۱۔۳۳:** یوں مومنین کی آزمائش کی گئی اور انہیں پوری شدت سے ہلا ڈالا گیا۔

**33.11:** Thus the believers were tested and they were fully shaken.

## سورۃ المائدۃ۔۵

## ۸۷۔توکّل کا فائدہ

## Benefit of trust

۱۱۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ هَمَّ قَوْمٌ اَنْ يَّبْسُطُوْٓا اِلَيْكُمْ اَيْدِيَهُمْ فَكَفَّ اَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ○

**۱۱۔۵:** اے لوگو جو ایمان لائے ہو! اللہ کی وہ نعمت یاد کرو جب ایک قوم نے ارادہ کیا کہ تم پر دست درازی کرے تو اُس (اللہ) نے اُن کے ہاتھ تم سے روک دیئے اللہ سے تقویٰ اختیار کرو! کیونکہ مومنین کو تو اُسی پر توکل کرنا چاہیئے۔

**05.11:** O you who believe! Remember the blessing of Allah on you when some people intended to extend their hands unto you, Allah restrained their hands from you. Be conscious of Allah, Because in Him alone the believers must trust.

## سورۃ العنکبوت۔۲۹

## ۸۸۔امتحان ضروری ہے!

## Test is a must

۲۔ اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ يُّتْرَكُوْٓا اَنْ يَّقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا وَهُمْ لَا يُفْتَنُوْنَ ○

**۲۔۲۹:** کیا لوگ یہ حساب کتاب لگائے بیٹھے ہیں، کہ وہ (محض) یہ کہہ دینے پر چھوڑ دیئے جائیں گے کہ ہم ایمان لے تو آئے ہیں۔ اور وہ آزمائے نہیں جائیں گے۔

29.2: Do people think that they will be spared just becuse they say "We believe!" and they will not be tested?

Arrahman Arraheem TM

٣۔وَلَقَدْ فَتَنَّا الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَلَيَعْلَمَنَّ الْكٰذِبِيْنَ ○

**۳۔۲۹:** حقیقت میں ہم نے اُن سے پہلے لوگوں کو بھی آزمایا ہے، اور اللہ ان لوگوں کی بھی ضرور جانچ کرے گا جو سچے ہیں (اپنے دعوٰی ایمان میں) اوران کو بھی جو جھوٹے (دعوے کرتے) ہیں۔

**29.3:** Surely We tested those before them. Surely Allah will know those who are true and those who are "The Liars".

## سورۃ المجادلۃ۔۵۸

## ۸۹۔اللہ اور آخرت پر ایمان

## Result of Belief in Allah & Aakhirah

٢٢۔لَا تَجِدُ قَوْمًا يُّؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ يُوَآدُّوْنَ مَنْ حَآدَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَوْ كَانُوْٓا اٰبَآءَهُمْ اَوْ اَبْنَآءَهُمْ اَوْ اِخْوَانَهُمْ اَوْ عَشِيْرَتَهُمْ ؕ اُولٰٓئِكَ كَتَبَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْاِيْمَانَ وَاَيَّدَهُمْ بِرُوْحٍ مِّنْهُ ؕ وَيُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ؕ اُولٰٓئِكَ حِزْبُ اللّٰهِ ؕ اَلَآ اِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ○ ع

**۲۲۔۵۸:** جولوگ اللہ اور یوم آخرت پر ایمان رکھتے ہیں۔آپؐ انہیں اُن لوگوں سے دوستی کرتے ہوئے نہ دیکھیں گے جو اللہ اور اُس کے رسول کی مخالفت کرتے ہیں۔خواہ وہ ان کے آباء یا اُن کے بیٹے یا اُن کے بھائی یا اُن کے رشتہ دار ہی کیوں نہ ہوں۔ایسے ہی تو ہیں جن کے دلوں میں اللہ نے ایمان لکھ دیا اور اپنی روح سے اُن کی تائید کی ہے وہ انہیں ایسی جنّتوں (باغوں) میں داخل کریگا جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہوں گی ، جن میں وہ ہمیشہ رہیں گے۔اللہ اُن سے راضی ہوا اور وہ اللہ سے راضی ہوئے۔ وہی تو اللہ کا گروہ (حزب اللہ) ہیں۔خوب جان لو کہ بلا شبہ اللہ کا گروہ ہی فلاح پانے والا ہے۔

**58.22:** You will not find any people who believe in Allah and the Last day, taking as (protectors) friends the people who challenge Allah and His Messenger, even if they are their fathers or their sons, or their brothers, or their kindred. These are the people He has written belief *(Imaan)* in their hearts and has strengthened them with a spirit from Himself. And He will admit them to Gardens beneath which Rivers flow, to dwell therein (forever). Allah is pleased with them, and they are pleased with Him. They are the Party of Allah. Truly, it is the Party of Allah that will achieve prosperity.

## سورۃ الممتحنۃ۔۶۰

## ۹۰۔مومنات کا امتحان

## Test of *Mominaat*

١٠۔يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا جَآءَكُمُ الْمُؤْمِنٰتُ مُهٰجِرٰتٍ فَامْتَحِنُوْهُنَّ ؕ اَللّٰهُ اَعْلَمُ بِاِيْمَانِهِنَّ ؕ فَاِنْ عَلِمْتُمُوْهُنَّ مُؤْمِنٰتٍ فَلَا تَرْجِعُوْهُنَّ اِلَى الْكُفَّارِ ؕ

**۱۰۔۶۰:** اے لوگو جو ایمان لائے ہو جب مومنات ہجرت کرتی ہوئی تمہاری طرف آئیں تو اُنہیں پرکھ لیا کرو اللہ تو اُن کے ایمان سے واقف ہے ہی لیکن اگر تم جانو کہ وہ (واقعی) مومن ہیں تو انہیں کفار کی جانب مت لوٹاؤ

**73.10:** O you who believe! When there come to you Momin Muhajireen women, examine (and test) them: Allah is well acquainted with their Belief (Imaan): If you are convinced that they are Believers, do not

لَا هُنَّ حِلٌّ لَّهُمْ وَلَا هُمْ يَحِلُّوْنَ لَهُنَّ ؕ وَاٰتُوْهُمْ مَّآ اَنْفَقُوْا ؕ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اَنْ تَنْكِحُوْهُنَّ اِذَآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ وَلَا تُمْسِكُوْا بِعِصَمِ الْكَوَافِرِ وَسْـَٔلُوْا مَآ اَنْفَقْتُمْ وَلْيَسْـَٔلُوْا مَآ اَنْفَقُوْا ؕ ذٰلِكُمْ حُكْمُ اللّٰهِ ؕ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ○

(کیونکہ) وہ اُن (کُفّار مردوں) کے لئے حلال نہیں ہیں اور نہ ہی وہ (کُفّار مرد) اُن کے لئے حلال ہیں۔ پس جو کچھ اُن (کفار) نے ان (مومنات) پر خرچ کیا ہے اُنہیں (واپس) دے دو۔ پھر تم پر کوئی گناہ نہیں اگر تم اُن (مومنات) کا مہر ادا کر کے اُن سے نکاح کرلو۔ لیکن کفار عورتوں کو اپنے نکاح میں مت روکے رکھو۔ جو کچھ تم نے (اُن عورتوں پر) خرچ کیا ہے (اُن سے) مانگ لو، اور وہ (کفار مرد) بھی (تم سے وہ کچھ) مانگ لیں جو اُنہوں نے (اُن مومنات پر) خرچ کیا ہو۔ یہ تمہارے لئے اللہ کا حکم ہے وہ یہی فیصلہ دیتا ہے، اور اللہ جاننے والا صاحبِ حکمت ہے۔

return them to the Unbelievers. They are not lawful (wives) for the Unbelievers, nor are they (Unbelievers) lawful (husbands) for them. Pay the Unbelievers what they have spent on them, and let there be no blame on you if you marry them on payment of their dower to them. And do not hold unbelieving women in marriage Ask for what you have spent on them and let the (Unbelievers) ask for what they have spent (on the dower of women who come over to you). Such is the command of Allah: He judges (with justice) amongst you. And Allah is Full of Knowledge and Wisdom.

## سورۃ التوبہ۔۹

## ۹۱۔ بوجھل کیوں ہوگئے؟

## Why weighed down?

۳۸۔ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَا لَكُمْ اِذَا قِيْلَ لَكُمُ انْفِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اثَّاقَلْتُمْ اِلَى الْاَرْضِ ؕ اَرَضِيْتُمْ بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا مِنَ الْاٰخِرَةِ ۚ فَمَا مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا قَلِيْلٌ ○

**۳۸۔۹:** اے لوگو جو ایمان لائے ہو! تمہیں کیا ہوگیا ہے کہ جب تمہیں کہا جاتا ہے کہ اللہ کی سبیل میں نکلو تو تم زمین پر بوجھل ہو جاتے ہو؟ کیا تم آخرت کی بجائے اس زندگی پر راضی ہوگئے ہو؟ آخرت (کے مقابلے) میں اس زندگی کی پونجی تو کچھ بھی نہیں، سوائے تھوڑی سی کے۔

**9.38:** O you who believe! What is the matter with you, when you are asked to come out in the cause of Allah, you cling heavly to the earth? did you prefer this worldly life to that of Hereafter? What little is the comfort of this worldly life, as compared to that of the Hereafter.

۳۹۔ اِلَّا تَنْفِرُوْا يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۙ وَّيَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ وَلَا تَضُرُّوْهُ شَيْـًٔا ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○

**۳۹۔۹:** اگر تم (جہاد کے لئے) نہیں نکلو گے تو وہ تمہیں دردناک عذاب دے گا اور تمھاری جگہ کوئی دوسری قوم کو آئے گا، اور تم اس کا کچھ نہ بگاڑ سکو گے اور اللہ تو ہر شے پر قادر ہے۔

**9.39:** If you do not come out, He will punish you with grievous penalty and will replace you with another nation; and you would not harm Him, in the least. For Allah has power over all things.

Arrahman Arraheem TM

## سورۃ التوبہ۔۹

## ۹۲۔فوری نفع اورآسان سفر

## Prompt profit & easy journey

۴۲۔لَوْ كَانَ عَرَضًا قَرِيبًا وَّسَفَرًا
قَاصِدًا لَّاتَّبَعُوكَ وَلٰكِنْۢ بَعُدَتْ
عَلَيْهِمُ الشُّقَّةُ ۚ وَسَيَحْلِفُونَ بِاللّٰهِ
لَوِ اسْتَطَعْنَا لَخَرَجْنَا مَعَكُمْ ۚ
يُهْلِكُونَ أَنْفُسَهُمْ ۚ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ إِنَّهُمْ
لَكٰذِبُونَ ○

۹۔۴۲:اگرفوری نفع اورسفرآسان دیکھتے تو وہ ضرور تیری پیروی کرتے لیکن مشقت کی مسافت ان پر گراں بار ہے،وہ اللہ کی قسمیں کھا کر کہتے ہیں کہ اگر ہماری استطاعت ہوتی تو ہم ضرور تمہارے ہمراہ نکلتے،وہ اپنے نفسوں کو ہلاک کررہے ہیں،اوراللہ جانتا ہے کہ یقیناً وہ جھوٹے ہیں۔

**9.42:** Had there be immediate gains (in sight), and the journey easy, they would (all) have followed you without doubt, but the effort was hard on them. They swear by Allah"we would have certainly come out with you, If only we could". They destroy their own souls; for Allah knows that certainly they are lying.

۴۳۔عَفَا اللّٰهُ عَنْكَ لِمَ أَذِنْتَ لَهُمْ
حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكَ الَّذِينَ صَدَقُوا
وَتَعْلَمَ الْكٰذِبِينَ ○

۹۔۴۳:اللہ آپ سے درگذر کرے آپ نے انہیں کیوں اجازت دے دی جب تک آپ پر واضح نہ ہوگیا کہ کون لوگ سچے ہیں اورآپ نے یہ نہ جان لیا کہ کون لوگ جھوٹے ہیں۔

**9.43:** May Allah forgive you, why did you grant them leave before it could be clear to you as to who was the truthful and who was "the Liar"

۴۴۔لَا يَسْتَأْذِنُكَ الَّذِينَ يُؤْمِنُونَ
بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ أَنْ يُّجَاهِدُوا
بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنْفُسِهِمْ ۗ وَاللّٰهُ عَلِيمٌ
بِالْمُتَّقِينَ ○

۹۔۴۴:جولوگ اللہ اور یومِ آخرت پر ایمان رکھتے ہیں وہ آپ سے کبھی درخواست نہ کریں گے کہ انہیں جانوں اور مالوں کے ساتھ جہاد کرنے سے معاف رکھا جائے،اوراللہ متقین کو خوب جانتا ہے۔

**9.44:** Those who believe in Allah and the Last Day, will never ask you for exemption from fighting with their possessions and thier lives. And Allah knows the Muttaqin (conscious of Allah) well.

۴۵۔إِنَّمَا يَسْتَأْذِنُكَ الَّذِينَ لَا
يُؤْمِنُونَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَارْتَابَتْ
قُلُوبُهُمْ فَهُمْ فِي رَيْبِهِمْ يَتَرَدَّدُونَ ○

۹۔۴۵:اِجازت تو صرف وہی چاہتے ہیں جو اللہ اور یومِ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے،جن کے دلوں میں شک وشبہ ہے اور جو اپنے شبہات کی وجہ سے متردّد رہتے ہیں۔

**9.45:** Only those will seek your leave, who do not believe in Allah and the Last Day, and those in whose hearts, there is doubt. So they remain wavering in their doubt.

## سورۃ التوبہ۔۹

## ۹۳۔قریب والوں کے ساتھ قتال

## *Qitaal* with the nearest

۱۲۳۔يٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ اٰمَنُوا قَاتِلُوا الَّذِينَ

۹۔۱۲۳:اے لوگو جو ایمان لائے ہو! اپنے

**9.123:** O you who believe! Fight

Arrahman Arraheem TM

يَلُوْنَكُمْ مِّنَ الْكُفَّارِ وَلْيَجِدُوْا فِيْكُمْ غِلْظَةً ؕ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ۝

اردگرد کے کُفّار سے لڑو۔اُن کوتمہارے اندر سختی کا احساس ہونا چاہئے ،اورخوب جان لوکہ اللہ متّقین کے ساتھ ہے۔

the unbelievers in your surrounding and let them find strength and firmness in you: and know that Allah is with the Muttaqin (those who are conscious of Allah).

## سورة الصّف۔۶۱

## ۹۴۔اللہ کے مددگار بنو!

## Be helpers of Allah

١٤ـ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْٓا اَنْصَارَ اللّٰهِ كَمَا قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ لِلْحَوَارِيّٖنَ مَنْ اَنْصَارِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ؕ قَالَ الْحَوَارِيُّوْنَ نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰهِ فَاٰمَنَتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْۢ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ وَكَفَرَتْ طَّآئِفَةٌ ۚ فَاَيَّدْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلٰى عَدُوِّهِمْ فَاَصْبَحُوْا ظٰهِرِيْنَ ۝

۶۱۔۱۴:اے لوگو جو ایمان لائے ہو!اللہ کے ایسے مددگار بن جاؤ جیسے حضرت عیسیٰ ابنِ مریم علیہاالسلام نے اپنے حواریوں سے کہا تھا کہ اللہ کی طرف میرا مددگار کون ہوگا؟ تو حواریوں نے کہا: ہم اللہ کے مددگار ہیں! پس بنی سرائیل کا ایک گروہ ایمان لے آیا اور ایک گروہ نے انکار کیا۔چنانچہ ہم نے ایمان لانے والے گروہ کی تائید وحمایت کی اور نتیجتاً وہ اپنے دشمنوں پر غالب آ گئے۔

**61.14:** O you who believe! Become the helpers of Allah: As Jesus the son of Mary said to the Disciples, "Who will be my helpers for (the work of) Allah?" Said the disciples, "We are Allah's helpers!" then a portion of the Children of Israel believed, and a portion disbelieved: But We gave power to those who believed, against their enemies and they became the ones that prevailed.

## سورة الاحزاب۔۳۳

## ۹۵۔محمّد ﷺ خاتم النبیّین ہیں

## Mohammed ﷺ: The last of the Prophets

٤٠ـ مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ۝

۳۳۔۴۰:محمد ﷺ تمہارے مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں ہیں وہ تو اللہ کے رسول اور خاتم النبیّین ہیں اور اللہ ہر چیز کا علم رکھنے والا ہے۔

**33.40:** Mohammed ﷺ is not the father of any of the men amongst you.Buthe is the Messenger of Allah and the Last of the Prophets. And Allah is The Knower of everything.

٤١ـ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِيْرًا ۝

۳۳۔۴۱:اے لوگو جو ایمان لائے ہو! کثرت سے اللہ کا ذکر کیا کرو۔

**33.41:** O you who believe! Remember Allah very often.

٤٢ـ وَّسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ۝

۳۳۔۴۲:اور صبح شام اُس کی تسبیح کیا کرو۔

**33.42:** And strive constantly for Him day and night.

٤٣۔هُوَ الَّذِيْ يُصَلِّيْ عَلَيْكُمْ وَمَلٰٓئِكَتُهٗ لِيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ وَكَانَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَحِيْمًا ○

۴۳-۳۳: وہ اور اس کے ملائکہ تم پر صلوٰۃ بھیجتے ہیں تاکہ تمہیں تاریکیوں سے نکال کر نور میں لے آئیں۔ وہ مومنین کے ساتھ بہت رحیم ہے۔

**33.43:** He and His *Malaika* (authorities) send their blessings on you to guide you out of the draknesses towards the light; He is very compassionate to the believers.

### سورۃ الاحزاب۔۳۳

### ۹۶۔صلوٰۃ ہی نہیں تسلیم بھی

**8.64:** O Prophet! Sufficient for you is Allah, and for those who follow you among the Momins.

### ۱۴۷۔ اللہ اور رسول ﷺ کی پکار کا جواب دو جو تمہیں حیات کی طرف بلاتے ہیں!

### Respond to Allah & Rasool (ﷺ) who call you towards life!

سورۃ الانفال۔۸

٢٤۔يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَجِيْبُوْا لِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ اِذَا دَعَاكُمْ لِمَا يُحْيِيْكُمْ ۚ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يَحُوْلُ بَيْنَ الْمَرْءِ وَقَلْبِهٖ وَاَنَّهٗٓ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ○

۲۴۔۸: اے لوگو جو ایمان لائے ہو! اللہ اور رسول کو لبیک کہو جب وہ تمہیں اُس چیز کی طرف بلاتا ہے جو تمہارے لئے حیات بخش ہے، اور خوب جان لو کہ اللہ انسان اور اُس کے دل کے درمیان حائل ہو جاتا ہے اور بے شک تم اُسی کی طرف اِکٹھے کئے جاؤ گے۔

**8.24**: O you who believe! Give your answer to Allah and His Messenger, when He calls you to that which gives you life; and know that Allah comes between a man and his heart (Qalb), and that it is He to Whom you shall (all) be gathered.

سورۃ محمد۔۴۷

٣٦۔اِنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَّ لَهْوٌ ؕ وَاِنْ تُؤْمِنُوْا وَتَتَّقُوْا يُؤْتِكُمْ اُجُوْرَكُمْ وَلَا يَسْئَلْكُمْ اَمْوَالَكُمْ ○

۳۶۔۴۷: اور یہ دنیاوی زندگی تو سوائے کھیل تماشے کے اور ہے ہی کیا؟ اگر تم ایمان لاؤ اور تقویٰ اختیار کرو تو وہ تمہارے اعمال کا اجر دے گا اور تم سے تمہارے اموال کا سوال نہیں کرے گا۔

**47.36:** The life of this world is nothing but play and amusement and if you believe and be conscious (against Evil), He will recompensate you for your actions and will not ask you (to give up) your possessions.

٣٧۔اِنْ يَّسْئَلْكُمُوْهَا فَيُحْفِكُمْ تَبْخَلُوْا وَيُخْرِجْ اَضْغَانَكُمْ ○

۳۷۔۴۷: اگر وہ تم سے ان (اموال) کا سوال کرے گا تو بالاصرار کرے گا۔ تب تم بخل کرو گے اور وہ تمہارے اندر کی گندگیوں کو ظاہر کر کے رہے گا۔

**47.37**: If He were to question you about them (your wealth), and press you (to spend), you would withhold and He would reveal all your ailings.

Arraheem Arraheem TM

## ۱۴۸۔خرچ کرنے کی دعوت یا اعزاز؟

## Spending: An Honor

۳۸۔ھٰۤاَنْتُمْ ھٰٓؤُلَآءِ تُدْعَوْنَ لِتُنْفِقُوْا
فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ ۚ فَمِنْكُمْ مَّنْ یَّبْخَلُ ۚ
وَمَنْ یَّبْخَلْ فَاِنَّمَا یَبْخَلُ عَنْ نَّفْسِهٖ ؕ
وَاللّٰهُ الْغَنِیُّ وَاَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ ۚ وَاِنْ
تَتَوَلَّوْا یَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَیْرَكُمْ ۙ ثُمَّ لَا
یَكُوْنُوْۤا اَمْثَالَكُمْ ۝

**۴۷۔۳۸:** دیکھو! تم لوگ تو وہ ہو کہ تمہیں اللہ کی سبیل میں خرچ کرنے کی دعوت دی جارہی ہے اب تم میں سے ایسے بھی ہیں جو بخل کرنے لگتے ہیں؟ پس جس کسی نے بخل کیا اُس نے اپنے ہی نفس کے ساتھ بخل کیا۔ اللہ تو غنی ہے۔ تم محتاج ہو! اگر تم روگردانی کرو گے تو وہ تمہارے بدلے دوسرے لوگ لے آئے گا جو تم جیسے نہیں ہوں گے۔

**47.38:** Behold, you are of those who are invited to spend (of your substance) in the Way (sabeel) of Allah: but among you are some that are miserly. So any of you who are miserly do so at the expense of their own souls. And Allah is free of all wants and it is you that are needy. If you turn back (from the Path), He will substitute you with another nation; and they will not be like you!

## ۱۴۹۔خرچ کو جرمانہ سمجھنے والے

## They consider spendings as fine.

سورۃ التوبہ۔۹

۹۸۔وَمِنَ الْاَعْرَابِ مَنْ یَّتَّخِذُ مَا
یُنْفِقُ مَغْرَمًا وَّیَتَرَبَّصُ بِكُمُ الدَّوَآئِرَ ؕ
عَلَیْهِمْ دَآئِرَةُ السَّوْءِ ؕ وَاللّٰهُ سَمِیْعٌ
عَلِیْمٌ ۝

**۹۔۹۸:** اور عربوں میں سے ایسے بھی ہیں جو اُس کو جو کچھ وہ خرچ کرتے ہیں، جُرمانہ خیال کرتے ہیں اور منتظر رہتے ہیں کہ تمہیں گردشِ زمانہ آلے، اُن پر بدحالی کا دائرہ تنگ ہے اور اللہ سننے والا، علم رکھنے والا ہے۔

**9.98:** And some of the Arabs look upon their payments as a fine and watch for disasters to befall you: on them will be the disaster of evil: for Allah is He That hears and knows (all things).

## ۱۵۰۔خرچ: قربت کا ذریعہ

## Spending:The path to a closer relationship.

۹۹۔وَمِنَ الْاَعْرَابِ مَنْ یُّؤْمِنُ بِاللّٰهِ
وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ وَیَتَّخِذُ مَا یُنْفِقُ قُرُبٰتٍ
عِنْدَ اللّٰهِ وَصَلَوٰتِ الرَّسُوْلِ ؕ اَلَاۤ اِنَّهَا
قُرْبَةٌ لَّهُمْ ؕ سَیُدْخِلُهُمُ اللّٰهُ فِیْ
رَحْمَتِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۝

**۹۔۹۹:** اور عربوں میں سے ایسے بھی ہیں جو اللہ اور یومِ آخرت پر ایمان لاتے ہیں، وہ جو کچھ بھی خرچ کرتے ہیں اُسے اللہ کی قربت اور رسول ﷺ کی رحمت کا ذریعہ سمجھتے ہیں۔ بیشک وہ اُن کے لئے قربت (کا ذریعہ) ہے۔ اللہ انہیں جلد اپنی رحمت میں داخل کرے گا، بتحقیق اللہ غفور الرحیم ہے۔

**9.99:** And some of the Arabs believe in Allah and the Last Day, and look on their payments as gifts bringing them nearer to Allah and obtaining the blessings of the Messenger. Indeed they (their gifts)bring them nearer (to Him): soon Allah will admit them to His Mercy: for Allah is Oft-Forgiving, Most Merciful.

Arrahman Arraheem TM

## سورۃ التوبہ۔۹

## ۱۵۱۔اعتراف کرنے والے

## The Confessors

١٠٢ ـ وَاٰخَرُوْنَ اعْتَرَفُوْا بِذُنُوْبِهِمْ خَلَطُوْا عَمَلًا صَالِحًا وَّاٰخَرَ سَيِّئًا ؕ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّتُوْبَ عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ○

**۱۰۲۔۹:** اُن کے علاوہ کچھ ایسے بھی ہیں جو اپنے گناہوں کا اعتراف کرتے ہیں، اور جنہوں نے نیک اور بد عمل کو مخلوط کر رکھا ہے۔ شاید اللہ اُن کی طرف متوجہ ہو۔ بے شک اللہ بخشنے والا رحیم ہے۔

**9.102:** And there are those who acknowledged their wrong-doings: they mixed thier good acts with others that are evil. Perhaps Allah will turn towards them (in Mercy): for Allah is The Oft-Forgiving, The Most Merciful.

١٠٣ ـ خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيْهِمْ بِهَا وَصَلِّ عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّ صَلٰوتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ○

**۱۰۳۔۹:** اُن کے اموال میں سے صدقہ قبول کر کے اُنہیں پاک کر کے اُن کا تزکیہ کر دیجیئے، اور اُن کے لئے دعائے خیر کر! بیشک تیری دعا اُن کے لئے باعثِ تسکین ہوگی، اللہ سننے والا جاننے والا ہے۔

**9.103:** Take Sadqah (a gift) of their goods, so that you might purify and sanctify them; and pray (Dua) on their behalf. Verily your Salaat is a source of security for them: And Allah is All Hearing and All Knowing.

## ۱۵۲۔صدقہ ضائع کرنے کا طریقہ

## How to waste a charity

٢٦٤ ـ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُبْطِلُوْا صَدَقٰتِكُمْ بِالْمَنِّ وَالْاَذٰى ۙ كَالَّذِيْ يُنْفِقُ مَالَهٗ رِئَآءَ النَّاسِ وَلَا يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ فَمَثَلُهٗ كَمَثَلِ صَفْوَانٍ عَلَيْهِ تُرَابٌ فَاَصَابَهٗ وَابِلٌ فَتَرَكَهٗ صَلْدًا ؕ لَا يَقْدِرُوْنَ عَلٰى شَيْءٍ مِّمَّا كَسَبُوْا ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ○

**۲۶۴۔۲:** اے لوگو جو ایمان لائے ہو! اپنے صدقات کو احسان جتا کر اور اذیّت پہنچا کر باطل (اکارت) نہ کرو۔ اُس شخص کی طرح جو اپنا مال تو لوگوں کو دکھانے کیلئے خرچ کرتا ہے، لیکن اللہ اور یوم آخرت پر ایمان نہیں رکھتا۔ اُسکی مثال اُس چٹان کی سی ہے جس پر مٹی پڑی ہو۔ اور جس پر موسلا دھار بارش ہو، تو اُس کو چٹیل چھوڑ جائے۔ وہ کسی چیز پر بھی جو انہوں نے کمائی قادر نہیں ہیں اور اللہ منکر لوگوں کی ہدایت نہیں کرتا۔

**264:** O you who believe! Do not make your *sadqats* (gifts) void by reproach and torture*(Aziyyat)*, like one who spends his wealth only to be seen by people and does not believe in Allah and the Last Day. His example is that of a barren rock whereupon there is a little soil and whereupon falls a heavy rain, leaving it smooth and bare. They have no control of that which they have gained. And Allah does not guide the unbelievers.

## سورۃ المائدۃ۔۵

## ۱۵۳۔دین آباء کی پیروی

## Following the ancesters

١٠٤ ـ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا اِلٰى مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَاِلَى الرَّسُوْلِ قَالُوْا

**۱۰۴۔۵:** جب اُن سے کہا جاتا ہے کہ اُس کی طرف آؤ جو اللہ نے نازل کیا ہے اور الرسول ﷺ کی طرف تو وہ کہتے ہیں کہ ہمارے

**5.104:** When it is said to them: "Come to what Allah has revealed; and towards the Messenger": They say: "Enough

Arrahman Araheem TM

حَسْبُنَا مَا وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا ؕ اَوَلَوْ كَانَ اٰبَآؤُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ شَيْئًا وَّلَا يَهْتَدُوْنَ ○

لئے وہی کافی ہے جس پر ہم نے اپنے آباء و اجداد کو پایا، خواہ اُن کے آباء ہدایت یافتہ بھی نہ ہوں اور کچھ جانتے بھی نہ ہوں۔

for us are the ways we found our fathers following."Even if their fathers had no knowledge or guidance?

١٠٤ ـ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلَيْكُمْ اَنْفُسَكُمْ لَا يَضُرُّكُمْ مَّنْ ضَلَّ اِذَا اهْتَدَيْتُمْ اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ○

**۱۵۴۔ تمہارے خلاف تمہارے اپنے نفوس ہی ہیں!**

**۱۰۵۔۵:** اے لوگو جو ایمان لائے ہو! تمہارے خلاف تمہارے اپنے نفوس ہی ہیں، اگر تم نے ہدایت پا لی تو جو گمراہ ہوا تمہیں کچھ نقصان نہیں پہنچا سکتا تم سب کو اللہ ہی کی طرف لوٹ کر جانا ہے پھر وہ تمہیں بتلائے گا جو کچھ تم کیا کرتے تھے۔

### None against you but yourself!

**5.105:** O you who believe! Against you are your own souls (Nafs): If you follow the guidance from Allah, no harm can come to you from those who are astray. The return of all of you is to Allah: it is He that will show you the truth of all that you do.

سورۃ الحشر۔۵۹

١٨ ـ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَلْتَنْظُرْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ لِغَدٍ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ○

**۱۵۵۔ دیکھو آگے کیا بھیجا ہے؟**

**۱۸۔۵۹:** اے لوگو جو ایمان لائے ہو! اللہ سے تقویٰ اختیار کرو! ہر نفس پر لازم ہے کہ وہ جائزہ لے کہ اس نے کل کے لئے آگے کیا بھیجا ہے؟ اور اللہ سے تقویٰ اختیار کرو! بیشک اللہ اُس سے خوب واقف ہے جو کچھ تم کرتے ہو۔

### So what you sent forth?

**59.18:** O you who believe! be conscious of your duty to Allah, and let every soul look to what (deeds) he has sent forth for tomorrow. And be conscious. of your duty to Allah: for Allah is well-acquainted with (all) that you do.

سورۃ النساء۔۴

٤٧ ـ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اٰمِنُوْا بِمَا نَزَّلْنَا مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ نَّطْمِسَ وُجُوْهًا فَنَرُدَّهَا عَلٰٓى اَدْبَارِهَآ اَوْ نَلْعَنَهُمْ كَمَا لَعَنَّآ اَصْحٰبَ السَّبْتِ ؕ وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُوْلًا ○

**۱۵۶۔ مان لو اس سے پہلے کہ......!**

**۴۷۔۴:** اے لوگو جن کو کتاب دی گئی ہے! ایمان لے آؤ! اُس چیز پر جو ہم نے نازل کی ہے اور جو تصدیق کرنے والی ہے اُس کی جو تمہارے پاس پہلے سے (موجود) ہے، اس سے پیشتر کہ ہم شخصیتیں بگاڑ کر انکو پیٹھ کی طرف پھیر دیں، یا ان پر لعنت کر دیں جیسے ہم نے اصحابِ سبت پر لعنت کی تھی اور اللہ کا حکم تو پورا ہو کر رہے گا۔

### Believe before it is late!

**4.47:** O People of the Book! Believe in what We have (now) revealed, verfiying what was (already) with you, before We change the face and fame of some (of you) beyond all recognition and turn them backwards or curse them as We cursed the people in *Sabt*, for the command of Allah will be fulfilled.

Arrahman Arraheem

٤٨۔اِنَّ اللّٰہَ لَا یَغۡفِرُ اَنۡ یُّشۡرَکَ بِہٖ وَ یَغۡفِرُ مَا دُوۡنَ ذٰلِکَ لِمَنۡ یَّشَآءُ ۚ وَمَنۡ یُّشۡرِکۡ بِاللّٰہِ فَقَدِ افۡتَرٰۤی اِثۡمًا عَظِیۡمًا ○

۴۸۔۴: بے شک اللہ نہیں بخشتا ہے اِس بات کو کہ اُس کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرایا جائے البتہ اِس کے علاوہ وہ جس کو چاہے گا بخش دے گا اور جس نے اللہ کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرایا اُس نے بہت بڑا گناہ افتراء کیا۔

**4.48**: Allah forgives not that any should be joined with this (i.e. His Book), but He forgives anything else to whom He pleases; to join partners with Allah is to fabricate a most terrible sin indeed.

## ۱۵۷۔کس چیز پر ایمان لانا ہے؟

## What to believe?

سورۃ النساء۔۴

١٣٦۔یٰۤاَیُّهَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡۤا اٰمِنُوۡا بِاللّٰہِ وَرَسُوۡلِهٖ وَالۡکِتٰبِ الَّذِیۡ نَزَّلَ عَلٰی رَسُوۡلِهٖ وَالۡکِتٰبِ الَّذِیۡۤ اَنۡزَلَ مِنۡ قَبۡلُ ؕ وَمَنۡ یَّکۡفُرۡ بِاللّٰہِ وَمَلٰٓئِکَتِهٖ وَکُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَالۡیَوۡمِ الۡاٰخِرِ فَقَدۡ ضَلَّ ضَلٰلًۢا بَعِیۡدًا ○

۱۳۶۔۴: اے لوگو جو ایمان لائے ہو! ایمان لے آؤ اللہ پر، اس کے رسول ﷺ پر، اس کتاب پر جو اس نے اپنے رسول ﷺ پر نازل کی، اور اس کتاب پر جو اس نے پہلے نازل کی، اور جو کوئی اللہ سے، اس کے ملائکہ سے، اس کی تحریروں سے، اس کے رسولوں سے اور یومِ آخرت سے انکار کرے گا، تو بے شک وہ انتہا درجے کا گمراہ ہوگا۔

**4.136:** O you who believe! Believe in Allah and His Messenger and the Book that He has revealed to His Messenger, and the Books that He revealed before. Who ever disbelieves in Allah and His *Malaika* and His Books and His Messengers and the Last Day, truly he has wandered far astray.

## ۱۵۸۔اطاعت کرو! اپنے اعمال باطل نہ کرو!

## Follow! don't waste your deeds!

سورۃ محمد۔۴۷

٣٣۔یٰۤاَیُّهَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡۤا اَطِیۡعُوا اللّٰہَ وَاَطِیۡعُوا الرَّسُوۡلَ وَلَا تُبۡطِلُوۡۤا اَعۡمَالَکُمۡ ○

۳۳۔۴۷: اے لوگو جو ایمان لائے ہو، اطاعت کرو اللہ کی اور اطاعت کرو الرّسول کی اور اپنے اعمال کو باطل نہ کرو۔

**47.33:** O you who believe! Obey Allah and obey the Messenger, and do not make your deeds null and void *(Baatil).*

٣٤۔اِنَّ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا وَصَدُّوۡا عَنۡ سَبِیۡلِ اللّٰہِ ثُمَّ مَاتُوۡا وَهُمۡ کُفَّارٌ فَلَنۡ یَّغۡفِرَ اللّٰہُ لَهُمۡ ○

۳۴۔۴۷: بیشک جن لوگوں نے انکار کیا اور لوگوں کو اللہ کی سبیل سے روکا۔ اور آخر حالتِ کفر ہی میں مر گئے اللہ انہیں ہرگز نہیں بخشے گا۔

**4734:** Those who disbelieved and stopped people from the way of Allah and then died disbelievers, Allah surely will not forgive them.

٣٥۔فَلَا تَهِنُوۡا وَتَدۡعُوۡۤا اِلَی السَّلۡمِ ۖ وَاَنۡتُمُ الۡاَعۡلَوۡنَ ۖ وَاللّٰہُ مَعَکُمۡ وَلَنۡ یَّتِرَکُمۡ اَعۡمَالَکُمۡ ○

۳۵۔۴۷: پس تم ہمت مت ہارو! اور دعوت دو سلامتی کی طرف! تم ہی غالب رہو گے، اللہ تمہارے ساتھ ہے وہ ہرگز تمہارے اعمال کو نظر انداز نہیں کرے گا۔

**47.35:** So do not give up and invite towards Peace, you will overcome (and be victorious) for Allah is with you, and will never put you in loss for your (good) deeds.

Arrahman Arraheem

## سورة التحريم ۔٦٦

٨. يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا تُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ
تَوْبَةً نَّصُوْحًا ؕ عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ
يُّكَفِّرَ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَيُدْخِلَكُمْ
جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ يَوْمَ
لَا يُخْزِى اللّٰهُ النَّبِيَّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
مَعَهٗ ۚ نُوْرُهُمْ يَسْعٰى بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ
وَبِاَيْمَانِهِمْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا
نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا ۚ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ
شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○

## ١۵٩۔ سچی توبہ کرو!

**٨۔٦٦:** اے لوگو جو ایمان لائے ہو! اللہ کے حضور توبہ کرو! سچی توبہ! ممکن ہے تمہارا رب تم سے تمہاری بُرائیاں دُور کرکے تمہیں ایسی جنتوں میں داخل کردے جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہوں، اُس دن اللہ نبی کو اور اُن لوگوں کو جو اُس کے ساتھ ایمان لائے، رسوا نہ ہونے دے گا اُن کا نور اُن کے سامنے اور دہنی جانب دوڑتا ہوگا اور وہ کہہ رہے ہوں گے کہ اے ہمارے رب! ہمارے لئے ہمارے نور کو کامل کر دے! اور ہمیں بخش دے! بیشک تو ہر شے پر قدرت رکھنے والا ہے۔

## Do true atonement!

**66.8:** O you who believe! Turn to Allah with sincere repentance: In the hope that your Lord will remove from you your ills and admit you to Gardens beneath which Rivers flow- on that Day Allah will not permit the Prophet and those who believe with him to be disappointed. Their Light will run forward before them and by their right hands, as they say, "Our Lord! Perfect our Light for us and grant us Forgiveness: for You have power over all things."

## سورة آلِ عمران ۔٣

١٦٤ ۔لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ
بَعَثَ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ يَتْلُوْا
عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ
الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ ۚ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ
قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ○

## ١٦٠۔ اللہ کا احسان!

**١٦٤۔٣:** بیشک اللہ نے مومنین پر احسان کیا کہ اُس نے اُن میں اُنہیں کے نفسوں میں سے ایک رسول ﷺ کو مبعوث کردیا جو اُن پر اُس کی آیات تلاوت کرتا ہے، اُنہیں پاک کرتا ہے، اُنہیں کتاب وحکمت کی تعلیم دیتا ہے جبکہ اِس سے پیشتر وہ صریح گمراہی میں تھے۔

## Allah's great bounty

**3.164:** Indeed Allah did confer a great favour upon the believers when He sent among them a Messenger from among themselves, reciting on them the Ayaat of Allah, purifying them and giving them the knowledge of the Book and Wisdom, while before that, they had been obviously astray.

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆ ☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆ ☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

Arrahman Arraheem

## بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

| | | |
|---|---|---|
| اے لوگو | O you | يٰۤاَيُّهَا |
| جو ایمان | Who | الَّذِيۡنَ |
| لائے ہو! | Believe ! | اٰمَنُوۡا! |



Arrahman Arraheem TM

## نوٹس

## Notes

# (Notes)

## O You Who Believe

**Points to follow:-**

Before we begin with the aayaat addressing to *Imaanwala*(Believers) it is essential to know certain principles. Without practical implementation of these basics in our daily lives it is impossible to secure the stage (rank) of a *Momin* (Practical Believer).

The choice is ours; to agree or to disagree with the following principles.

1. Whenever someone claims 'I believe', from that moment his whole life, his possessions and those things which are dear to him such as investments, funds, land, house etc become the property of Allah. He agrees to surrender whatever he possesses before Allah and makes a commitment to spend them in His way. In exchange he expects and receives Allah's pleasure and Heaven (Jannah). [9:111]

2. In order to become a *Momin* (Practical Believer) an *Imaanwala* (Believer) has to prove himself by striving on two things. ,

i. There should remain no doubt in the bargain he makes with Allah about his life and possessions.

ii. He must give practical proof of his transformation from an *Imaanwala* (Believer) to a *Momim* (Practical believer) and be ready to place his life and his possessions before Allah when the situation arises ie spend both in Allah's cause without any 'ifs, buts, this or that'.[49:15]

# نکات

## یٰٓاَیُّہَاالَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا

عمل کرنے کے اصول

ایمان والوں کی آیات شروع کرنے سے پہلے کچھ اصولوں کا جاننا ہمارے لیے بہت ضروری ہے جن پر عمل کئے بغیر ہم ''ایمان والے'' سے کبھی بھی ''مومن''، نہیں بن سکیں گے۔

ہمیں یہ طے کرنا ہے کہ ہم ان اصولوں سے اتفاق کر کے انہیں اپناتے ہیں یہ انہیں اپنانے سے انکار کرتے ہیں۔

۱۔ جو بھی انسان یہ claim کرتا ہے کہ میں ''ایمان والوں'' میں سے ہوں وہ گویا اپنی جان و مال (یعنی ہر اُس چیز کا جس میں اُس کی جان ہو، خواہ وہ investments کی صورت میں ہو یا ہاتھ میں موجود funds کی صورت میں) اللہ سے سودا کرتا ہے کہ اِن دونوں کو اللہ کی راہ میں خرچ کرے گا اور اِن کے عوض اللہ کی خوشنودی اور جنت چاہتا ہے۔

9:111

۲۔ ''ایمان والا'' ہونے کا دعویٰ کرنے والے کو خود کو واقعی مومن میں تبدیل کرنے کے لیے کچھ proofs دے کر ثابت کرنا پڑے گا۔

(1) جان و مال کے اس سودے پر جو اس نے اللہ کے ساتھ کیا ہے وہ کبھی شک نہ کرے۔

(2) ایمان والے سے مومن بننے کا Practical proof دینا ہوگا یعنی جہاں ضرورت ہو وہاں جان مال نکال کر سامنے رکھنا ہوگا اور اگر situation ہو تو اللہ کے cause کے لیے دونوں کو نچھاور کر دینا ہوگا ifs, buts, this اور that کے بغیر۔ 49:15

Arrahman Arraheem TM

3. An *Imaanwala* (Believer) always asks questions after listening to and reading the Quran. If he asks questions based on his pre-conceived thoughts and ideas and without reading the Quran,there is possibility that he may commit denial.
[5:101]

4. We become a solid *Imaanwala* (Believer) only if we do not belong or associate ourselves with any group nor keep affiliations with any sect,
[3:100]

۳۔ایمان والا ہمیشہ قرآن سن کر اور قرآن پڑھتے ہوئے سوال کرے گا بلاوجہ نہیں، کیونکہ بغیر قرآن پڑھے سوالات کرنے سے اِس کا امکان موجود ہے کہ وہ اپنی philosophy بیان کرتے کرتے آیات سے انکار کر بیٹھے۔ 5:101

۴۔ہمیں کسی گروپ بندی یا فرقہ واریت میں ملوّث نہیں ہونا ہے اور نہ کسی سے affiliation رکھنی ہے تبھی ہم solid ایمان والے بن سکیں گے۔
3:100

## CHARACTER OF A BELIEVER

## ایمان والے کا کردار

5. In order to improve his *Imaan* (Belief) an *Imaanwala* (Believer) must maintain *Taqwa* and be conscious of Allah's aayaat in every action and every deed. He must maintain this consciousness *(Taqwa)* till the day he dies.
[3:102]

6. Only physical *Ruku* and *Sajdah* is not complete submission. We must also surrender our selves and our thoughts to Allah's commandments, only then can we achieve prosperity.

7. Allah Himself chooses an *Imaanwala* (Believers) as He wishes. He has not put any difficulties in His *Deen* for us. We are only and only Muslims. As an *Imaanwala* (Believer) we must establish *Salaat*, pay *Zakaat* and hold on to Allah through His commandments as mentioned in the *aayaat* i.e. we must justify our every deed, every action, every practice with the *aayaat* of Allah. [22:77-78]

۵۔ایمان والے کو اپنے ہر عمل اور ہر deed کے بارے میں اللہ سے conscious رہنا (یا تقویٰ اختیار کرنا) ہے تاکہ ایمان کی Improvement ہو سکے نیز اس تقوے کو مرتے دم تک برقرار رکھنا ہے۔ 3:102

۶۔صرف physical رکوع اور سجود ہی submission complete نہیں ہوتا بلکہ مسلمان بننے کے لیے اپنی ذات اور سوچ کو بھی اللہ کے حکم کے آگے سجدے میں جھکانا ہوتا ہے تبھی ہم prosperity یا فلاح پا سکتے ہیں۔ 22:77

۷۔اللہ ''ایمان والوں کا'' انتخاب خود کرتا ہے جن کے لیے اُس نے اپنے دین میں کوئی حرج (تنگی نہیں رکھی)۔ یہ آیت پڑھنے کے بعد اب ہم صرف اور صرف ''مسلمان'' ہیں We are only and only Muslims. اب ہمیں بطور ''مسلم'' ''صلوۃ'' قائم کرنی اور زکوٰۃ ادا کرنی ہے۔ یعنی اپنے ہر عمل، ہر action اور اپنی ہر practice کو آیات سے justify کرنا ہے 22:78

Arrahman Arraheem.TM

8. The only way to be a successful *Imaanwala* (Believer) is to enter into Islam whole heartedly with a complete surrender and 100% submission to Allah, because There is no one who does not need Allah in every moment of his life. That is why an *Imaanwala* (Believer) should follow Allah's Instructions every moment of his life. After Allah's *Aayaat* have been made clear to us and if our acceptance and practice is not 100%, it is impossible for us to be a successful *Imaanwala* (Believer).[2:208-209]

۸۔ ایمان میں کامیابی کا صرف ایک ہی طریقہ ہے اور وہ ہی کہ ہمیں100 فیصد یعنی completely surrender کرتے ہوئے اسلام میں داخل ہونا ہے کیونکہ کوئی انسان ایسا نہیں ہے جسکو اللہ کی ہر وقت ضرورت نہ ہو۔ اس لیے ایمان والے کو بھی اللہ کی instructions ہر وقت follow کرنا ہوں گی۔ اگر ہم واضح آیات جاننے کے باوجود لغزش دکھائی گے یعنی 100% Practice یا عمل نہیں کریں گے تو ہمارے ایمان میں کامیابی ممکن نہیں ہوگی۔ 2:208-209

9. An *Imaanwala* (Believer) cannot ask Allah for exemptions from any of his deeds or actions. However, he can ask Allah for time to work on his weaknesses and correct himself. [2:104]

۹۔ ایمان والا، اللہ سے کسی بھی عمل کو نہ کرنے کی رعایت نہیں مانگ سکتا البتہ مہلت مانگی جاسکتی ہے، یعنی اپنے آپ کو سدھارنے کے لیے اور اصلاح کرنے کے لیے وقت مانگا جاسکتا ہے۔ 2:104

10. An *Imaanwala* (Believer) should not mistake relaxation in time with exemption. Satan (*Shaitaan*) also gets time to work on our weaknesses to lead us astray. This is why an *Imaanwala* (Believer) should not waste time and correct himself as soon as possible. [15:36]

۱۰۔ ایمان والا، مہلت کو بخشش نہ سمجھے کیونکہ شیطان بھی ہمارے ساتھ مہلت لے کر ہماری weaknesses پر کام کرنا شروع کردیتا ہے۔ اس لیے ایمان والے کو جلد از اپنا وہ عمل درست کرلینا چاہیے جس کے لیے اُس نے مہلت مانگی تھی۔ 15:36

11. Allah has instructed *Imaanwala* to remember their duties and boundaries which are compulsory (*farz*) on them through His Aayaat. Only then Allah will fulfill the promises He has made to us through His aayaat. He warns against dening of his favors He has bestowed upon us. He says "You remember Me and I will remember you". [2:152]

۱۱۔ اللہ کی آیات کے ذریعے جو قوانین اور duties ایمان والے پر واجب ہیں اللہ نے انہیں یادرکھنے کا حکم دی اہے پھر اللہ نے آیات کے ذریعے جو بھی وعدے کیئے ہیں وہ ان کو پورا کرکے دکھائے گا، اس نے کفرانِ نعمت سے منع کیا ہے اور فرمایا ہے کہ تم مجھے یاد رکھو میں تمہیں یادرکھوں گا۔ 2:152

12. If an *Imaanwala* (Believer) wants Allah's help and co-operation he can only get it by following His instructions with patient perseverance (*Sabr*) and *Salaat*. And indeed

۱۲۔ اگر ایمان والے کو اللہ کی مدد یا تعاون درکار ہو وہ صرف اس کے بتائے ہوئے طریقے یعنی صبر اور صلوٰۃ کے ذریعے ہی مل سکتی ہے، بیشک جو بھی اللہ کے لیے صبر کرتا ہے اللہ اُس کے ساتھ ہوجاتے ہیں یعنی کامیابی اُسی کے

Arrahman Arraheem.TV

whoever patiently perseveres for Allah through His aayaat, Allah is with him which means success is with him. [2:153]

13. Allah informs an *Imaanwala* (Believer) before hand that in order to become a *Momin* (Practical Believer) he must be ready to be tested at all times with his life (in all the things which are precious to him), hunger (in all his desires), fear (of losses or gains of this world) and loss of wealth at all times. [2:155]

14. A common *Mussalman* recites "*Inna lilahi wa inna ilaihi rajioon*" only at the time of someone's death whereas an *Imaanwala* (believer) does so during all ups and downs, in good or bad times, in every painful and difficult situation, announces that "To Allah we do belong, and to Him we do turn (for guidance)" [2:156]

15. An *Imaanwala* (Believer) who turns to Allah in every situation and looks for solutions, deserves Allah's blessings and Mercy and for him alone is Allah's guidance. [2:157]

16. Fasting has been made compulsory (*farz*) on *Imaanwala* (Believer), during *Ramadan*, for a certain time, whenever *Halaal* (Permitted) things are made *Haraam* (Prohibited) for us, that we become conscious *(Taqwa)* of Allah's instruction and strengthen and improve the performance of our duties. The meaning of *Saum* is to stop and if we do not enhance our consciousness (Taqwa) we will waste *Ramadan*. [2-185]

17. An *Imaanwala* (Believer) while preaching must explain only Allah's aayaat and not discuss his own philosophy. It does not matter whether the listener becomes a *Momin* (Practical Believer) or not. That is between him and Allah. Also an *Imaanwala* (Believer) has no right to

ساتھ ہوتی ہے۔ 2:153

۱۳۔ مومن بننے سے پہلے ایمان والے کا امتحان اس کی جان (کواہ جس چیز میں بھی ہو)، بھوک (desire) خواہ کسی بھی چیز کی ہو، خوف (نعمتوں کے کھو دینے کا) یا اموال کے نقصانات کے ذریعے لیا جا سکتا ہے اس کے لیے اللہ پہلے سے ہی ہمیں علم دے رہے ہیں کہ ان تمام چیزوں سے ہمارا test ہو سکتا ہے جسکے لیے ہمیں ہر وقت تیار رہنا چاہیے۔ 2:155

۱۴۔ عام مسلمان صرف کسی کی موت کی خبر پر انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھتا ہے جبکہ ایمان والا موت اور زندگی کے ہر نشیب وفراز، اچھیاور برے experience، ہر تکلیف اور مصیبت کے موقع پر یہ announce کرتا ہے کہ ہم اللہ ہی کے ہیں اور اسی کی طرف عملی طور پر رجوع کرتے ہیں۔ 2:156

۱۵۔ جو ایمان والے ہر حال میں اللہ کی طرف رجوع کرتے ہیں، حل ڈھونڈتے ہیں ایسے ایمان والے حقیقتاً اپنے رب کی رحمتیں، فضل اور اُس کی ہدایت پانے کے مستحق قرار پاتے ہیں۔ 2:157

۱۶۔ ایمان والوں پر جو روزے فرض کئے گئے ہیں ان کا مقصد ان میں پرہیزگاری پیدا کرنا ہے رمضان میں certain time کے لیے کچھ حلال چیزوں کا استعمال ممنوع قرار پاجاتا ہے تاکہ پرہیزگاری consciousness کے ذریعے اللہ کے احکامات پر عمل اور performance کو مزید strong کر کے improve کیا جاسکے۔ ''الصوم'' کے معنی رُکنے کے بھی ہوتے ہیں اس لیے اگر رمضان میں رک کر ہم نے اپنا تقویٰ نہیں بڑھایا تو رمضان ضائع کر دیا۔ 2:185

۱۷۔ ایمان والے کو صرف اور صرف آیات بیان کرنا ہوتی ہیں اپنی philosophies نہیں سامنے والا خواہ مومن بنے یا نہ بنے یہ اس کا اور اللہ کا معاملہ ہے۔ ایمان والے کو کوئی right نہیں پہنچتا کہ وہ دوسروں کو غیر مومن کہے۔ عام طور پر لوگ دینداری اور benefits کے چکر میں

ArRahman ArRaheem TM

judge and call anyone an unbeliever (Kafir). People usually say this to gain worldly benefits. [4:94]

18. Despite being an *Imaanwala* (Believer) we have many weaknesses and bad habits that are visible. Allah wants to purify us of these and tells us that one group should not make fun of another group and women should not make fun of other women, neither should they make false accusations nor call each other by names. Allah calls suspicion a sin because through suspicions people suffer from many psychological problems, mental pressures, delusions and confusions. Because of suspicions we remain curious about other people's business and end up back-biting and gossiping about others. [49:11-2]

19. Allah instructs us to avoid intoxicants, gambling, talking in the air and image worship, which are acts of Satan (*Shaitaan*) and these are *rijs* (filth and dirt) in the sight of Allah. Such acts of Satan (*Shaitaan*) do not allow us to prosper, provoke enmity and hatred and keep us away from Allah's remembrance (*Zikar*) and *Salaat*. For this reason an *Imaanwala* (Believer) must avoid these acts as Allah's remembrance (*Zikar*) and Salaat are the path to the Hereafter (*Aakhirat*). [5.90-91]

20. Allah instructs an Imaanwala (Believer) to be conscious (Taqwa) of the way he talks and whenever he speaks he must use the best choice of words i.e. such words that do not hurt one's pride, words that are uttered with

دوسروں کو غیر مومن کہنے لگتے ہیں۔ 4:94

۱۸۔ ''ایمان والا'' ہونے کے باوجود ہمارے اندر بہت سی کمزوریاں اور برائیاں واضح طور پر نظر آ رہی ہوتی ہیں اللہ ایمان والے کو ان برائیوں سے پاک کرنا چاہتے ہیں اس لیے فرماتے ہیں کہ ایک قوم دوسری قوم کا اور عورتیں عورتوں کا مذاق نہ اُڑائیں، نہ ایک دوسرے پر الزام لگائیں، نہ ہی دوسروں کو برے القاب سے پکاریں۔ اللہ نے ظن و گمان کو اثم (یعنی گناہ) قرار دیا ہے کیونکہ ظن و گمان کی وجہ سے تقریباً ہر انسان کسی نہ کسی نفسیاتی problem، ذہنی دباؤ، وہم یا confusion کا شکار رہتا ہے۔ یہی ظن و گمان دوسروں کے حالات میں تجسس کرواتا ہے جس سے انسان خواہی نہ خواہی دوسروں کی غیبت کرنے پر مجبور ہو جاتا ہے۔ 49:11-12

۱۹۔ اللہ تعالیٰ نے ایمان والے کو شیطانی اعمال مثلاً شراب، جوا، ہوا میں باتیں کرنا اور شخصیت پرستی اعمال سے گریز کا حکم دیا ہے کیونکہ یہ تمام چیزیں مل کر رجس (یعنی غلاظت کا ڈھیر) بن جاتی ہیں اور شیطان جو کہتا ہے وہی کرواتی ہیں ان اعمال کے ذریعے شیطان ہمیں فلاح پانے سے دور کر دیتا ہے۔ وہ شراب اور جوئے کے ذریعے ہمارے درمیان بغض اور عداوت پیدا کر دیتا ہے اور ہمیں اللہ کے ذکر، یاد اور صلوٰۃ (پڑھنے والی سے لے کر نظام کو قائم کرنے والی تک) سے دور لے جاتا ہے اس لیے ایمان والے کو اِن اعمال سے باز رہنا چاہیے کیونکہ اللہ کا ذکر اور صلوٰۃ ہی تو آخرت میں نجات کا ذریعہ ہیں۔ 5:90-91

۲۰۔ اللہ، ایمان والے کو way of talking سے بھی conscious کروا رہے ہیں کہ وہ جب بھی بات کرے تو احسن بات کرے یعنی ایسی بات جس سے سامنے والے کی عزت نفس متاثر نہ ہو اور جو

Arrahman Arraheem

understanding and respect of others' feelings and which are within the boundaries of Allah's aayaat. Through loose talk, Satan (*Shaitaan*) puts negative whispers and disobedience (*fasaad*) in our hearts and *Imaan* (Belief) breeding enmity and grudges, thereby destroying not only one's personality but also one's *Imaan* (Belief). 17:53

21. Allah instructs an *Imaanwala* (Believer) to be conscious (*Taqwa*) and to speak to the point, to avoid many problems, delusions, misunderstandings and lies. [33:70]

22. Allah explains to the *Imaanwalas* (Believing Men and Women) their limitations of there sights. They must control their sight (*Basaarat*) and guard their modesty maintaining control of themselves to stay within the boundaries of Allah's aayaat i.e. they should keep themselves clean from worldly sins. An *Imaanwali* (Believing Woman) is instructed to cover herself (i.e. head and chest) and limit herself from unnecessary exhibition of her beauty except where her life is at stake in which case there is relaxation. She should not walk in a way that reveals her maner body, hence dancing is not allowed. [24:30-1]

23. Allah instructs *Imaanwala* on good manners and decencies of private life. There are 3 times of personal rest, when it is mandtory ask permission before entering one's home or bedroom. [24:58]

اس کی feelings کو understand کرتے ہوئے احترام کے دائرے میں کی جائے جو یقیناً صرف اللہ کی آیات کے ذریعہ ہی ممکن ہے کیونکہ شیطان loose talk کے ذریعے ہمارے دلوں میں وساوس ڈال کر ہمارے ایمان میں فساد، ہمارے تعلقات میں عداوتیں اور ہمارے معاملات میں رنجشیں پیدا کرواتا ہے اور اس طرح شخصیت کے ساتھ ساتھ ہمارا ایمان بھی تباہ و برباد کر ڈالتا ہے۔17:53

۲۱۔اللہ، ایمان والے کو تقویٰ اختیار کرنے (یعنی conscious رہنے) اور to the point بات کرنے کا حکم دے رہے ہیں جو ہمیں بہت سے delusions اور ان پر مشتمل problems، غلط فہمیوں اور جھوٹ سے بچا لیتی ہے۔33:70

۲۲۔ اللہ مومن مرد اور مومن عورتوں کے لیے بصارت کی حدود یا limitations بیان کرر ہے ہیں کہ بصارت (یعنی دیکھنے کی ability) کا پردہ رکھنا ہے اور عصمت کی حفاظت کرنی ہے یعنی بصارت کی آیات کی boundries میں controlled رہنا چاہیے صرفِ اسی طرح وہ دنیاوی گناہوں سے پاک رہ سکتی ہے۔مومنہ عورتوں کو اوڑھنے کا پردہ بھی بتایا گیا ہے، انہیں اپنی زیبائش کی غیر ضروری نمائش سے منع فرمایا گیا ہے نیز کسی بھی عورت کو اس طرح چلنے سے بھی منع فرما دیا گیا ہے جس سے اُس کی خوبصورتی ظاہر یا نمایاں ہو (گویا رقص کی اجازت کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا) البتہ جہاں جان بچانے کا سوال ہو وہاں حدود کو نرم کر دیا گیا ہے 24:30-31

۲۳۔اللہ، ایمان والے کو گھریلو آداب، آداب اور private life کی decencies بیان کررہے ہیں کہ تین اوقات ان کے آرام کے ہیں جن میں کسی کو بھی ان کے گھر یا bedroom میں داخل ہونے سے پہلے اجازت طلب کرنی چاہیے۔24:58

Arrahman Arraheem TM

24. Whenever an *Imaanwala* (Believer) testifes witness, it is mandatory for him to do so remaining within the boundaries of Allah's aayaat. Just swearing upon the Quran or by placing one's hand on the Quran is not enough. To bear witness he must have an aayat of Allah in his support, regardless of whether his evidence is against himself, his parents or his relatives. An *Imaanwala* (Believer) must never follow his own desires while bearing witness. True justice is beyond favoritism. [4:135]

25. Allah makes an *Imaanwala* (Believer) into a Momin (Practical Believer) who not only stands for justice in the matters of Allah, His Messenger (*Rasool*) ﷺ and his relatives but also with his enemies i.e. even the enemies are assured that their rights will be protected. [5:8]

26. Men forecably take over the rights given to women by Allah because they consider women their property. Allah calls this inheritance of women's right by force. [4:19]

27. Sometimes amongst *Imanwalas* divorce happens before the marriage is consumated precedes physical relationship, in such situation Allah instructs an *Imaanwala* (Believing men) are directed to give suitable gift to the Believing women before returning them back to their home in a nice manner. In this case the period (*Iddat*) does not apply. [33.49]

28. Allah instructs an *Imaanwala* (Believer) to act as a neutral party, and resolve itt any where there is a dispute between two groups of *Imaanwalas* (Believers). He must stand for those

۲۴۔ ایمان والے پر لازم ہے کہ جب بھی گواہی دینے کی ضرورت پیش آئے تو آیات کی boundries میں رہتے ہوئے دے صرف قرآن کی قسم کھانا یا قرآن پر ہاتھ رکھ کر کچھ کہنا complete گواہی نہیں ہوتی بلکہ گواہی کی support میں اللہ کی آیات کا ہونا ضروری ہے خواہ یہ گواہی اس کی اپنی ذات، والدین یا قرابت داروں کے خلاف ہی کیوں نہ ہو۔ ایمان والے کو گواہی میں اپنی خواہش نفس کی پیروی نہیں کرنی چاہیے۔ کیونکہ اللہ کا عدل و انصاف favouritism سے مستثنیٰ ہوتا ہے۔ 4:135

۲۵۔ اللہ، ایمان والوں کو ایسا مومن بنا رہے ہیں جو اللہ، رسول اور قرابت داروں کے ساتھ ہی نہیں بلکہ دشمن کے ساتھ بھی عدل وانصاف کے معیار کو قائم رکھتے ہیں یعنی کسی دشمن کے حقوق بھی سلب نہیں کرتے۔ 5:8

۲۶۔ اللہ نے جو حقوق عورتوں کو دیئے ہیں مرد اپنے زور کے بل بوتے پر اکثر ان کو سلب کر لیتے ہیں بلکہ خود عورتوں کو بھی اپنی property تصور کرتے ہیں اور ان کی property کو اپنی جائیداد کا حصہ سمجھتے ہیں اسے کہتے ہیں عورتوں کے حقوق کا زبردستی وارث بن بیٹھنا 4:19

۲۷۔ ایمان والوں کے ہاں کبھی کبھی رخصتی سے پہلے ہی طلاق کی situation پیش آجاتی ہے ایسی صورت میں انہیں عورتوں کو کچھ متاع (gifts) کے ساتھ احسن انداز میں چھوڑنے کا حکم دیا جارہا ہے۔ نیز اس situation میں کوئی عدت نہیں ہوگی۔ 33:49

۲۸۔ اللہ ان ایمان والوں کو جو مومنین کے دو گروہوں میں لڑائی کا حصہ نہ ہوں، neutral رہ کر ان کے درمیان تنازعے کی اصلاح کرنے اور right side والے فریق کے لیے stand لینے کا حکم دے رہے ہیں۔

Arrahman Arraheem TM

who are on the right side. Here Allah is referring about these *Imaanwalas* (Believer) who has distanced themselves from any kind of sectarian sin. Allah calls these *Imaanwalas* (Believers) "the brothers of each other" because they follow Allah's Instructions, their hearts(*Qalb*) beat together.[49:9-10]

29. Allah instructs *Imaanwala* (Belivers) to outperform each other when striving in the way of Allah by perseverance of *Sabr* and to remain steadfastness and be conscious *(maintaining Taqwa)* of Allah's aayaat so that they may prosper. [3:200]

30. In this aayat Allah instructs the *Imaanwala* (Believer) how to perform Ablution (*wudu*). [5:6]

31. Allah prohibits the *Imaanwala* (Believer) from *Salaat* when he is in a state of (*Sakar*) i.e. when sleepy, ignorant, lacking concentration, intoxicated, because in this state he will not understand what he is saying and will not be able to establish *Salaat* correctly. [4:43]

32. Allah educates the *Imaanwala* (Believers) the decencies of life. Before entering someons' home, he must ask permission and when he is allowed he must greet the inhabitants. If he finds no one at home, he must turn back. These are good manners which are essential for the creation of a good society. [24:27-29]

33. Allah addresses the companions of the Prophet (PBUH) and teaches them discipline to enter the Prophet's home only when they are invited and to avoid friendly conversations. Because the Prophet cared about their feelings

اللہ تعالیٰ یہاں اُن مومنین کی بات کر رہے ہیں جنہوں نے قرآنی آیات کی وجہ سے تفرقے سے علیحدگی اختیار کی ہو اور اسی رشتے کی بنیاد پر اللہ تعالیٰ نے انہیں بھائی بھائی قرار دیا ہے۔ اب جو بھی ان آیات پر ایمان رکھے گا وہ اللہ کے حکم کے مطابق بھائی بھائی بن جائے گا اور اللہ ان کے دل آپس میں جوڑ دے گا۔ 49:9-10

۲۹۔ ایمان والوں کو اللہ کے راستے میں صبر و استقامت دکھانے، تقویٰ اختیار کرنے اور conscious رہنے میں ایک دوسرے سے سبقت لے جانے کا حکم دیا جا رہا ہے جس کے بغیر ہم prosperity یعنی فلاح نہیں پا سکیں گے 3:200

۳۰۔ اس آیت میں اللہ تعالیٰ ایمان والوں کو وضو کا طریقہ بیان فرما رہے ہیں 5:06

۳۱۔ اللہ، ایمان والے کو حالت سکر (یعنی اونگھ، غفلت، بے توجہی یا نشہ کی حالت) میں صلوٰۃ کے قریب جانے سے منع فرما رہے ہیں جب تک وہ یہ نہ سمجھنے لگے کہ وہ نماز میں اللہ کے سامنے کھڑے ہو کر کیا کہہ رہا ہے کیونکہ ان حالات میں صحیح صلوٰۃ قائم نہیں کی جا سکتی 4:43

۳۲۔ اللہ، ایمان والے کو life کی decencies کے بارے میں educate کر رہے ہیں کہ کسی کے گھر میں داخل ہونا ہو تو پہلے اجازت طلب کرنا ضروری ہے اور گھر میں داخل ہو کر گھر والوں کو سلام کرنا چاہیے۔ اگر گھر میں کوئی موجود نہ ہو تو واپس لوٹ جانا چاہیے ایک صالح معاشرے کے تمام گھرانوں کو ان ادب آداب کی ضرورت ہوتی ہے 24:27-9

۳۳۔ اللہ تعالیٰ اس آیت میں صحابہ کرام سے خطاب کر کے انہیں discipline قائم کرنا سکھا رہے ہیں کہ جب دعوت دی جائے تب جاؤ اور نبی کریم ﷺ کے ہاں بیٹھ کر دوستانہ گفتگو سے اجتناب کرو! اللہ کے

Arrahman Arraheem M

he was not strict with them. This is the reason why Allah revealed this aayat. Also they are instructed to speak to the Prophet's wives within the boundaries of Allah's Ayaat. Marriage (*Nikah*) to the Prophet's wives has also been prohibited (*Haraam*) in this ayat. [33:53]

رسول ﷺ اپنے اصحاب کا لحاظ کرتے تھے اور اس لیے ان پر کوئی پابندی نہ لگاتے تھے اسی لیے اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی اور انہیں ازواجِ مطہرات سے آیات کے پردے میں رہ کر بات کرنے کا حکم دیا بلکہ نبی کی ازواج سے ان کے نکاح کو بھی حرام قرار دے دیا 33:53

34. Allah invites the *Imaanwala* (Believer) to make a trade that will save him from a painful punishment, as it is within man's nature to trade. The trade is to strive in Allah's cause with his life and possessions. Allah will forgive his sins and in return promise to give him all that he loves and desires in this world and even more in the Hereafter. So what do you say - do you want to make this trade? [61:10-13]

۳۴۔ ایمان والے کو ایسی تجارت کی طرف دعوت دی جارہی ہے جو اسے دردناک عذاب سے بچالے by nature انسان trade کرنا پسند کرتا ہے۔ جو تجارت جو اُسے دردناک عذاب سے بچالے گی وہ یہ ہے کہ اللہ کے راستے میں جان و مال سے جہاد کیا جائے اِس طرح اللہ اُس کے تمام گناہوں کو بخش دے گا۔ اللہ تعالیٰ وعدہ فرماتے ہیں کہ اگر ہم نے ایسا کیا تو دنیا میں جن چیزوں سے ہمیں محبت ہے اللہ تعالیٰ وہ سب چیزیں ہمیں عطا فرمادیں گے اور آخرت کے لیے تو سب کچھ ہے ہی۔ تو کیا خیال ہے ایسی trade یا تجارت کرنی ہے یا نہیں؟ 61:10-13

35. Allah describes to the *Imaanwala* (Believer) the principles of doing Business. That should not do any fraud all bargains or trade deals must be made through mutual understanding because usurping others property is forbiddden. [4:29]

۳۵۔ اللہ تعالیٰ ایمان والوں کے لیے دنیا میں تجارت کے اصول بیان کر رہے ہیں کہ تجارت میں fraud نہ کیا جائے، تجارت یا trade باہمی رضامندی یعنی mutual understanding کے ساتھ ہونی چاہیے کیونکہ کسی کا مال ناحق کھانا حرام ہے 4:29

36. Allah reminds the *Imaanwala* (Believer) once again, that he must not consume others wealth nor commit fraud nor bribe as judges because these acts are sins. *Imaanwalas* (Believers) of this caliber are necessary for a healthy and prosperous society. [2:188]

۳۶۔ اللہ، ایمان والے کو اس آیت میں دوبارہ کسی کا مال ناحق کھانے اور fraud کرنے سے منع فرمارہے ہیں بلکہ خواہ مخواہ کے مقدمات بھی حکام کے پاس لے جانے احکام کو اور رشوت کے طور پر انہیں پیسے دینے سے بھی منع فرمارہے ہیں کیونکہ یہ سب چیزیں گناہ ہے اور کسی بھی صحت مند معاشرے کے لیے ایسے صالح ایمان والوں کی ضرورت ہے 2:188

37. Allah gives us an example of *Imaanwala* (Believer) who prefers to ignore the Aayaat and does not practice them. Allah wanted to raise his ranks with His Aayaat but instead he ignores them and so Satan (*Shaitaan*) becomes his

۳۷۔ یہاں اللہ مثال دے کر بیان کر رہے ہیں کہ ایمان والوں کو جن چیزوں کی تعلیم دی گئی ہے اگر وہ جان بوجھ کر انہیں ignore کریں گے تو شیطان اُن کا partner یا ساتھی بن جائے گا کیونکہ اللہ انہی آیات کے

Arahman Araheem TM

partner. If we ignore Allah's instructions and follow our own desires, Allah, through this example, tell us that we will remain unsatisfied for the rest of our lives and will keep running after "more and more". [7:175-176]

ذریعے ہمارے مراتب بلند کرتے ہیں اور اگر ہم انہیں ignore کر کے اپنی خواہش نفس پر چلنے کی کوشش کرتے ہیں تو اللہ کتے کی مثال دے کر بیان کر رہے ہیں کہ اس صورت میں تمام زندگی ہم کتے کے طرح unsatisfied رہیں گے اور ہمیشہ more & more کے چکر میں ہانپتے رہیں گے۔ 7:175-176

## Now the choice is ours

With all the aayaat explained above, Allah wants to raise our status. We have to choose whether we want to live according to Allah's aayaat or live a life running after worldly gains. After this, we will not be able to blame Allah for our ignorance, Nor will we be able to give excuse that we did not have knowledge, He has made everything clear to us through His Aayaat.

## اب فیصلہ ہمارے ہاتھ میں ہے

کہ اب تک جتنی آیات بیان کی گئیں ہیں ان سے اپنے مراتب بلند کرتے ہیں یا دینا داری کے چکر میں پڑ کر اپنی زندگی گزارتے ہیں اب یہ سب ہمارے ہاتھ میں ہے۔ بعد میں ہم اللہ سے کوئی گلہ شکوہ نہ کر سکیں گے کہ ہمیں علم نہیں تھا کیونکہ اللہ تعالیٰ تو اپنی آیات کے ذریعے ہم پر تمام چیزیں واضح کر چکے ہیں۔

Arrahman Arraheem TM

# جناب مفتی محمد صاحب دامت برکاتہ مفتی جامعہ احتشامیہ جیکب لائن ۔ کراچی

الحمدللہ وکفیٰ وسلام علی عبادہ الزین اصطفیٰ امابعد

نبی کریم پورے عالم اور قیامت تک آنے والی نسلِ انسانی کے لئے آخری رہنما اور پیغمبر بنا کر بھیجے گئے۔آپ پر اللہ تعالیٰ نے جو کتاب نازل فرمائی وہ بھی نسلِ انسانی کیلئے تا قیامت سر چشمۂ ہدایت ہے۔جسطرح آپ کے بعداب کسی نبی اور رسول کی ضرورت نہیں ہے اسی طرح قرآنِ حکیم کے بعداب کسی اور آسمانی کتاب کی ضرورت نہیں ہے۔اب تا ابد نسلِ انسانی کی نجات اور کامیابی صرف قرآن حکیم، خاتم الانبیاء حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے جانثاروں ہی کے دامن سے وابستگی مل سکتی ہے۔

قرآنِ کریم اور اسکے مطالب اور مضامین کو مسلم امہ تک پہنچانے کیلئے صحابہ کرامؓ کے دور سے لیکر اب تک ائمہ کرام اور مفسرینِ عظام نے کبھی کوتاہی سے کام نہیں لیا۔تاریخ گواہ ہے کہ مخالفتوں کے ہزاروں طوفانوں کے باوجود علماءِحق نے دینِ اسلام کے چراغوں کی روشنی کو مدھم نہیں ہونے دیا۔انہوں نے ہر دور میں حالات کے مطابق قرآن وسنت کی روشنی کو پھیلانے میں کوئی کوتاہی نہیں کی۔سہولت اور شدائد کے ہر دور میں اس کیلئے کوشاں رہے ہیں اور نت نئے انداز سے قرآنِ کریم سے رشدوہدایت حاصل کرنے کو آسان بناتے رہے ہیں۔

اسی سلسلے کی ایک کڑی جناب بابر آر چودھری صاحب کی یہ کوشش بھی ہے جس میں انہوں نے انسان کو روزمرّہ زندگی میں پیش آنے والی ذاتی اور معاشرتی مشکلات ومسائل کے حل کیلئے قرآنِ پاک کی ان آیات کو یکجا کردیا ہے جن میں حق تعالیٰ شانہ ہر مسلمان کو **"یا یھا الذین امنوا"** کے پیارے اندازِ تخاطب سے مخاطب فرمارہے ہیں اور آپ کی حیاتِ طیبہ اور اسوۂ حسنہ ان آیات کی عملی مثال ہے۔اس کوشش کا سب سے بڑا فائدہ ایک عام مسلمان کو جو قرآن فہم نہیں ہے یہ ہوگا کہ وہ اس مجموعہ کے ذریعے بآسانی اپنی عملی زندگی سے متعلق قرآنی ہدایت حاصل کرسکتا ہے۔

اس مجموعہ کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے اردو اور انگریزی دونوں زبانوں میں ہر آیات کا ترجمہ لکھ دیا گیا ہے۔ہم نے قرآنی آیات واحادیث طیبہ اور اردو تر جموں کا مطالعہ کیا ہے۔ہمارے خیال سے یہ اپنی نوعیت کا ایک بہترین مجموعہ ہے۔

کتاب کا مقصد اور مضمون کی حد تک ہم اس سے مطمئن اور دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ مؤلف کو جزائے خیر عطا فرمائے اور قارئین کو اس سے استفادہ کی بھرپور توفیق عطا فرمائے۔ آمین

احقر محمد فاروق عفا اللہ عنہ

مفتی دارالافتاء
جامعہ احتشامیہ
جیکب لائن۔کراچی

# بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم

| | | |
|---|---|---|
| اے لوگو | O you | یٰۤاَیُّهَا |
| جو ایمان | Who | الَّذِیۡن |
| لائے ہو! | Believe | اٰمَنوُ َ |

Arrahman Arraheem ™



اِنَّ الَّزِیۡنَ فَرَّ قُوۡا دِیۡنَهُمۡ وَ کَانُوۡا شِیَعًا لَّسۡتَ مِنۡهُمۡ فِیۡ شَیۡءٍ ط

اِنَّمَآ اَمۡرُ هُمۡ اِلَی اللّٰهِ ثُمَّ یُنَبِّئُهُمۡ بِمَا کَانُوۡا یَفۡعَلُوۡنَ

تحقیق جن لوگوں نے اپنے دین میں تفرقہ ڈالا اور کئی فرقوں میں بٹ گئے، تیرا اُن سے کوئی سروکار نہیں، اُن کا معاملہ تو اللہ کے سپرد ہے پھر وہ انہیں بتائے گا، جو کچھ بھی وہ کیا کرتے تھے۔

Verily those who divide their religion and break-up into sects, you have not even least concern with them; their affair is with Allah: He will tell them what they used to do.